وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ
اور ہم نے ہر امت میں رسول بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو اور طاغوت سے اجتناب کرو
انصارانِ طاغوت
اقسام واحکام
مؤلف: عبدالرحمن بن عبدالحمید الامین
اردو ترجمہ: ابوعلی السلفی المہاجر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لَقَدۡ بَعَثۡنَا فِیۡ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوۡلًا اَنِ اعۡبُدُوا اللّٰهَ وَ اجۡتَنِبُوا الطَّاغُوۡتَ

اور ہم نے ہر امت میں رسول بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو اور طاغوت سے اجتناب کرو۔

انصارانِ طاغوت

(اقسام واحکام)

اردو ترجمہ:

(نثر اللؤلؤ و الیاقوت لبیان حکم الشرع فی اعوان و انصار الطاغوت)

بقلم : عبدالرحمٰن بن عبدالحمید الامین حفظہ اللہ

مترجم: ابوعلی السّلفی المہاجر حفظہ اللہ (الکراتشی)

مسلم ورلڈ ڈیٹا پروسیسنگ پاکستان

http://www.muwahideen.tk

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدمہ

تعریف اللہ کے لئے خاص ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے اور اچھا انجام متقین کا ہے اور زیادتی صرف ظالموں پر جائز ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ مومنوں کا مدگار ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں، تمام رسولوں کے امام اور پہلوں اور پچھلوں سب کے سردار ہیں اللہ ان پر اور ان کے تابع داروں پر اور ان کے ضیائی اور مبارک صحابہ رضی اللہ عنہم پر رحمت نازل کرے (اللہم آمین)

امابعد: ایمان کے وہ مسائل جن کا تعلق طاغوت سے ہے دین کے اہم ترین مسائل ہیں کیونکہ وہی ایمان اور کفر میں امتیاز کرتے ہیں۔ اللہ پر ایمان رکھنے والا ہر مومن طاغوت کا انکار کرنے والا ہوتا ہے اور طاغوت پر ایمان لانے والا ہر کافر اللہ کا انکار کرنے والا ہوتا ہے اور کسی بھی مسلمان موحد کا ایمان اس وقت تک صحیح نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ طاغوت کا انکار نہ کردے۔ گویا توحید خالص کی بنیادی شرط طاغوت کے ساتھ کفر کرنا اور اس کا انکار کرنا ہے۔

اور چونکہ عقیدہ توحید ہی اصل اسلام اور خلاصہ ایمان اور سب سے بڑا فریضہ اور سب سے بڑی پابندی ہے اور ایمان اور اسلام کا مدار بھی اسی پر ہے۔ لہٰذا ہر مسلمان پر فرض ہے کہ وہ ایسے عقیدہ توحید کو اختیار کرے جو خالص ہو اور کفر وشرک کے شائبوں سے پاک ہو، اسی لئے اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو طاغوت سے اجتناب کا حکم دیا۔ فرمایا:

وَ لَقَدْ بَعَثْنَا فِیْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَ اجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَى اللّٰهُ وَ مِنْهُمْ مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ فَسِيْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ. (نحل:36)

''اور ہم نے ہر امت میں رسول بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو اور طاغوت سے اجتناب کرو پھر

ان میں سے کچھ کو تو اللہ نے ہدایت دے دی اور کچھ پر گمراہی صادق آ گئی تو تم زمین پر گھوم پھر کر دیکھ لو جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہوا''۔

سو جب طاغوت کے متعلق گفتگو اہم ہے تو اس کے شرعی حکم کو بیان کرنے کے ساتھ ساتھ طاغوت کے حامیوں اور مددگاروں کا شرعی حکم بیان کرنا بھی دین کے بنیادی مقاصد سے ہے اور پھر لوگوں کا ان دونوں قسم کے احکامات شرعیہ کا معلوم کرنا اور سمجھنا بھی ان کی دنیاوی ضروریات سے زیادہ اہم اور ضروری قرار دیا، خاص طور پر اس لئے بھی کہ عصر حاضر میں زندگی کے تمام پہلوؤں پر منڈلاتے خطرات کا تعلق بھی طاغوت اور اس کے حامیوں اور مددگاروں سے ہے۔

اور ایسے وقت میں جبکہ لوگ اس امر کے شدید ضرورت مند ہیں طاغوت اور حامیان وانصار طاغوت (طاغوت کے حامی اور مددگار) کے شرعی حکم سے چپ سادھ لینا بلاشبہ گناہ ہے، اس لئے میں نے اس اہم مسئلے سے متعلق شرعی حکم بیان کرنا ضروری سمجھا تاکہ مسلمان اپنے دینی امور سے جہالت اور غفلت میں نہ رہیں اور کمزور شبہات اور جھوٹے نظریات کا شکار نہ ہوں۔

چونکہ طاغوت سے متعلق گفتگو کرتے وقت میں نے دور حاضر کے اہل علم کے ایمان وکفر کے مسائل سے متعلق مختلف اقوال بھی پیش کئے ہیں اور اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ اس مسئلے میں ان کا قول قطعی حجت ہے کیونکہ زیر نظر کتاب کا مطالعہ کرتے وقت قاری باآسانی محسوس کرلے گا کہ ان کے اقوال آپس میں ٹکراتے ہیں ایک مقام پر وہ کچھ کہتے ہیں پھر دوسرے مقام پر اس کے خلاف کہنے لگتے ہیں، پھر بھی میں نے ان کے اقوال اس لئے نقل کئے ہیں کیونکہ میں جانتا ہوں کہ اس مسئلے میں ان کا آخری قول ''حق'' ہی ہے اور حق کی اتباع کرنی چاہیے اور ایک ہی مسئلے میں ان کے اقوال میں موجود تضاد واختلاف سے چشم پوشی کرنی چاہیے کیونکہ اس تضاد بیانی کی کچھ وجوہات ہیں جو کسی عقلمند آدمی سے چھپی نہیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہماری اور ان کی لغزشوں اور کمی کوتاہیوں کو معاف فرمائے۔ (آمین)

میں نے طاغوت اور اس کے حامیوں اور مددگاروں سے متعلق اس کتاب میں جو کچھ بھی لکھا ہے اس کے لئے میرا اخلاص اور نیک نیتی ہی کافی ہے اور مجھے اللہ سے امید واثق ہے کہ میں نے اس عنوان

پر انتہائی محنت کی ہے اور اس کا نام رکھا ہے ''نثر اللؤلؤ والیاقوت لبیان حکم الشرع فی اعوان وانصار الطاغوت'' طاغوت کے حامیوں اور مددگاروں کے متعلق حکم شرعی کے بیان میں موتی وجواہر''

اللہ سے میری دعا ہے کہ وہ اس کتاب کے ذریعے ہر اس مسلمان کو فائدہ دے جو اسے پڑھے اور میرے لئے خیر خواہی کے جذبات رکھے اور میرے لئے اور میرے والدین کے لئے دعا کرے میرے لئے اللہ ہی کافی ہے یقیناً وہ بڑا کارساز ہے، بہترین دوست اور بہترین مددگار ہے۔

سبحانك اللهم وبحمدك اشهد ان لا الٰه الا انت استغفرك واتوب اليك

عبدالرحمن بن عبدالحميد الامين

٢٨ ذوالحجة ١٤٢٣هجرى

الحمد للّٰه رب العالمین و العاقبة للمتقین ولا عدوان الا علی الظالمین واشهدان لااله الاالله وحده لاشریک له ولی المومنین واشهدان محمدا عبده ورسوله امام المرسلین وسید الاولین والآخرین وقائد الغرّ المحجلین وعلیٰ آله وصحبه وسلم ومن تبعهم باحسان الی یوم الدین.

امابعد :

گذشتہ چندعشروں سے اکثر غیرت مند دینداروں کی جانب سے یہ سوالات بہت زیادہ ہونے لگے ہیں: امن فوج یا امن افراد وغیرہ جوان طاغوتی حکام کی نوکری یا خدمت کرتے ہیں (جواللہ کے قانون کے مطابق حکومت نہیں کرتے) اور وہ ایسے حکام کے ہاتھ مضبوط کرنے کا ذریعہ بنتے ہیں جو نہ تو ان کے دین کو جانتے ہیں نہ ان کی اجتماعیت کو اور یہود ونصاریٰ سے دوستیاں اور تعلقات قائم کرتے ہیں ایسے لوگوں کے متعلق کیا شرعی حکم ہے؟ اور کیا ان کے متعلق بھی شریعت کا وہی حکم ہے جو یہود ونصاریٰ کے طاغوتی دوستوں کا ہے؟ اور کیا مسلمان کے لئے شرعاً جائز ہے کہ وہ ان سیکولر نظاموں کے سائے میں رہنے والی امن فوج یا امن افراد کا حصہ بن جائے؟ اور اگر کوئی مسلمان ایسا کرلے تو کیا اس کا یہ فعل اللہ کے دشمنوں سے دوستی شمار ہوگا؟ اور جو شخص یقینی طور پر جانتا ہو کہ وہ یہود ونصاریٰ کے مددگار ہیں پھر بھی ان کی حمایت کرے اور مدد کرے اور ان سے دوستی کرے اس شخص کے متعلق شرعی حکم کیا ہے........................؟؟؟

ان سوالات کا تعلق چونکہ طاغوت کے حامیوں اور مددگاروں سے ہے اس لئے اصل موضوع سے پہلے ہم طاغوت کی تعریف کریں گے اور ولاء اور تولّی (یعنی دوستی ،محبت، وفاداری، جاں نثاری، اطاعت، رشتہ داری، اور ''قبول Except کرنا) کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کریں گے اس کے بعد ہم ہر اس شخص کا شرعی حکم بیان کریں گے جو کفار اور مشرکین کے ساتھ کسی بھی نوع کا حسّی یا معنوی تعاون کرتا ہو۔

لہٰذا اللہ سے مدد مانگتے ہوئے ہم کہتے ہیں:

طاغوت کی تعریف

میرے نزدیک طاغوت کی جامع تعریف وہ ہے جو ''ابن قیم الجوزی'' نے اپنی کتاب ''اعلام الموقعین عن رب العالمین'' (50/1) مطبوعہ دارالجیل میں کی ہے۔ کہتے ہیں:

''طاغوت سے ہر وہ معبود (جس کی عبادت کی جاتی ہو) متبوع (جس کی اتباع کی جاتی ہو) مطاع (جس کی بات مانی جاتی ہو) مراد ہے جسے بندہ اس کی اصل حیثیت سے زیادہ درجہ دے پس ہر قوم کا طاغوت وہ شخص ہوا کہ اللہ اور اس کے رسول کو چھوڑ کر لوگ اس کے پاس فیصلے کروانے کے لئے جاتے ہوں، یا اللہ کے سوا اس کی عبادت کرتے ہوں، یا اللہ کی طرف سے عطاء کردہ کسی بصیرت (دلیل، رہنمائی، حکم) کے بغیر ہی اس کی اتباع کرتے ہوں، یا اس کی بات مانتے ہوں اور نہ جانتے ہوں کہ اس طرح تو اللہ کی بات ماننی چاہیے یہ سب دنیا جہاں کے طواغیت (جمع طاغوت) ہیں ان کے بارے میں اور ان کے ساتھ لوگوں کے تعلقات و معاملات کے بارے میں غور وفکر کرنے پر آپ جان لیں گے کہ یہ لوگ اللہ کی عبادت سے ہٹ کر طاغوت کی عبادت میں لگ چکے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کی طرف تحاکم (فیصلے کے لئے جانا) کے بجائے طاغوت کی طرف تحاکم (فیصلے کے لئے جانا) کرتے ہیں اور اللہ کی بات ماننے اور اس کے رسول کے نقش قدم پر چلنے کے بجائے طاغوت کی بات ماننے اور اس کے نقش قدم پر چلتے ہیں۔

امام جوہری رحمہ اللہ طاغوت کی تعریف میں فرماتے ہیں: ''طاغوت سے کاہن (غیب کی خبر دینے کا دعویٰ کرنے والا) شیطان اور گمراہی کا ہر سردار مراد ہے، یہ ایک بھی ہوسکتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: [يُرِيدُونَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَ قَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ. (نساء:60)] ''وہ طاغوت کے پاس فیصلہ کروانے کے لئے جانا چاہتے ہیں حالانکہ انہیں حکم دیا گیا ہے کہ اس کے ساتھ کفر کریں''۔ اور ایک سے زیادہ بھی ہوسکتے ہیں جیسا کہ فرمایا: [اَوْلِيٰٓـؤُهُمُ الطَّاغُوْتُ. (بقرہ:257)] ''ان

کے اولیاء (جمع ولی یعنی دوست یا مددگار) طاغوت ہیں''۔اور طاغوت کی جمع طواغیت آتی ہے۔

(الجامع لاحکام القرآن از امام قرطبی رحمہ اللہ:183/3مطبوع دارالکتب العلمیة)

نیز امیر المومنین ''عمر بن خطاب'' رضی اللہ عنہ نے فرمایا:[ان الجبت السحر والطاغوت الشیطان]''**جبت سے مراد جادو اور طاغوت سے مراد شیطان ہے**''۔(تفسیر ابن کثیر 418/1طبع دارالسلام ریاض)

(نیز عمر رضی اللہ عنہ کا یہ قول اللہ تعالیٰ کے فرمان[**يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَ الطَّاغُوْتِ**]''وہ جبت اور طاغوت پر ایمان لاتے ہیں''۔کی تفسیر ہے۔ازمترجم)

اس قول کو نقل کرنے کے بعد امام ابن کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں:''طاغوت سے شیطان مراد لینے کا معنی ہے کہ یہ شیطان انتہائی قوی ہے لہٰذا اس سے دور جاہلیت کی ہر برائی مراد ہے مثلاً بتوں کی عبادت، ان سے فیصلے کروانا، ان سے مدد مانگنا (ایضاً)

نیز ''شیخ عبدالرحمٰن بن حسن'' آل شیخ کی شرح ''فتح المجید شرح کتاب التوحید''صفحہ 19 طبع دارالندوۃ الجدیدۃ میں ہے کہ جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:''**طاغوت** سے مراد وہ کہاّن (جمع کاہن) ہیں جن پر شیطان اترتے ہیں''۔ان دونوں اقوال کو ابن ابی حاتم رحمہم اللہ نے روایت کیا ہے اور فرمایا کہ **طاغوت** سے مراد ہر وہ شئے ہے جس کی اللہ کے سوا عبادت کی جائے۔

میں کہتا ہوں: کہ دراصل **طاغوت** سے شیطان مراد ہے جیسا کہ امیر المومنین عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا اور گمراہی کے سارے امام اس کی شاخیں ہیں مثلاً کاہن، جادوگر، اللہ کے نازل کردہ قانون کے بغیر فیصلے کرنے والے، اور اللہ اور اس کے رسول کے حکم کے بغیر ان کے پاس فیصلے کے لئے آنے والے لوگ، جن کی اللہ کے سوا عبادت کی جاتی ہو، یا اللہ کی طرف سے کسی دلیل کے بغیر اس کی اتباع کی جاتی ہو، یا اللہ کی نافرمانی میں اس کی اطاعت کی جاتی ہو۔کیونکہ ''طاغوت''طغیان (سرکشی) سے نکلا ہے یہ بھی کہا جاتا ہے کہ طاغوت کی لغوی اصل طغیان ہے اور یہ اشتقاق کے بغیر ہی طغیان کا معنی دیتا ہے اور طغیان سے سرکشی (حد سے بڑھ جانا) مراد ہے لہٰذا ہر وہ معبود، متبوع یا مطاع جسے بندہ اس کی حقیقت

سے زیادہ درجہ دے وہ حقیقی طاغوت ہے۔

اور اللہ تعالیٰ نے طاغوت کے ساتھ کفر کرنے اور اس کا انکار کرنے کا حکم دیا ہے اور اس کفر وانکار کو ایمان اور توحید کے صحیح ہونے کی شرط قرار دیا ہے جیسا کہ فرمایا:

فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ. (بقرہ:256)

''پس جو طاغوت کے ساتھ کفر کرے گا اور اللہ پر ایمان لائے گا وہی ہے جس نے ایسے مضبوط کڑے کو پکڑ لیا جو ٹوٹتا نہیں اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے''۔

نیز فرمایا:

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْآ اِلَى الطَّاغُوْتِ وَ قَدْ اُمِرُوْآ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ وَ يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا. (نساء:60)

''کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کا زعم (گمان وخوش فہمی) ہے کہ وہ آپ کی جانب اور آپ سے پہلے نازل کردہ (وحی، دین، قانون) پر ایمان رکھتے ہیں اور فیصلے کے لئے طاغوت کے پاس جانا چاہتے ہیں جبکہ انہیں حکم دیا گیا ہے کہ اس کے ساتھ کفر کریں اور شیطان انہیں دور کی گمراہی میں لا پھینکنا چاہتا ہے''۔

نیز اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے بندوں کو طاغوت سے اجتناب کرنے کا حکم دیا ہے، فرمایا:

وَ لَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَ اجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ. (نحل:36)

''اور ہم نے ہر امت میں رسول بھیجے کہ تم اللہ کی عبادت کرو اور طاغوت سے بچو''۔

نیز فرمایا:

وَ الَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ اَنْ يَّعْبُدُوْهَا وَ اَنَابُوْآ اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى فَبَشِّرْ عِبَادِ، الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدٰهُمُ اللّٰهُ وَ

اُولٰٓئِکَ ھُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ.(زمر:17-18)

''اور جولوگ طاغوت کی عبادت سے بچتے ہیں اور اللہ کی طرف رجوع کرتے ہیں ان کے لئے خوشخبری ہے تو آپ میرے بندوں کو خوشخبری دے دیجئے وہ بندے جو بات کوتوجہ سے سنتے ہیں پھراس کے اچھے پہلو پر چلتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ نے ہدایت دی اور یہی لوگ عقل والے ہیں''۔

ولاء اور تولّی کی تعریف

ولی فعیل کے وزن پر فاعل کے معنی میں ہے جب کوئی کسی کا سر پرست ہوتو کہا جاتا ہے ھو ولیّہ وہ اس کا سر پرست ہے۔اللہ کا تعالیٰ کا فرمان ہے کہ [اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا.(بقرۃ:257)] ''اللہ اہل ایمان کا ولی یعنی سر پرست ومددگار ہے'' اس معنی میں ہے۔

ابن منظور کی لسان لعرب (3/985-986) میں ہے کہ: ''ابن اعرابی کے بقول موالاۃ کا معنی ہے جب دوافراد آپس میں لڑ پڑیں تو ان کے درمیان صلح کے لئے ''ثالث'' (تیسرا فیصلہ کرنے والا) آجائے اور وہ ان دونوں میں سے ایک کی طرف مائل ہو یہ ہے موالاۃ ومحاباۃ اور جب کوئی کسی سے محبت کرتا ہو تو کہتے ہیں وَالَی فلان فلانًا اور لفظ ''مولیٰ'' کا اطلاق بہت سے افراد پر ہوتا ہے مثلاً:

رب

مالک

سید

منعم (احسان کرنے والا)

معتق (آزاد کرنے والا)

ناصر (مددگار)

مُحب (محبت کرنے والا)

تابع (نقش قدم پر چلنے والا)

جار (پڑوسی)

ابن العم (چچازاد)

حلیف (جس کے ساتھ معاہدہ ہو)

عقید (ہم عقیدہ)

صھر (سسرالی رشتہ دار یا سسر)

عبد (غلام)

معتق (آزاد کردہ غلام)

منعم علیہ (جس پر احسان کیا گیا ہو)

میں کہتا ہوں کہ: مذکورہ تمام معانی کی بنیاد مدد اور محبت ہے نیز موالاۃ متابعہ (ایک دوسرے کی پیروی کرنا) کے معنی میں بھی آتا ہے۔

نیز فیومی ''مصباح المنیر'' (841/2) میں فرماتے ہیں: ''لفظ ولی فرمانبردار کے حق میں مفعول کے معنی میں بھی آتا ہے لہٰذا کہا جاتا ہے کہ المومن ولی اللہ (یعنی مومن اللہ کا محبوب، دوست ہوتا ہے) نیز کہا جاتا ہے والاہ – یوالیہ موالاۃً و ولاءً باب مفاعلہ سے بمعنی اس نے اس کی تابعداری کی۔

میں کہتا ہوں: ان لغوی تعریفات کی روشنی میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ موالاۃ کا اصطلاحی معنی ہے مدد کرنا، محبت کرنا، تعاون کرنا، اکرام کرنا (عزت دینا)، اجلال (بزرگی دینا)، احترام کرنا اور یہ کہ موالی (یعنی مذکورہ تمام یا بعض افعال کرنے والا) ظاہراً اور باطناً دونوں طرح اس سے محبت کرنے والا شمار ہوگا جس سے وہ موالاۃ کا تعلق قائم کرے۔ لہٰذا موالاۃ کو اللہ اور اس کے رسول اور مومنوں کے لئے خاص کرنا فرض ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

اَوْلِيَآؤُهُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ. (بقرة:257)

''اللہ ان لوگوں کا ولی یعنی دوست ومددگار ہے جو ایمان لے آئے وہ انہیں اندھیروں سے روشنی میں لاتا ہے اور جن لوگوں نے کفر کئے رکھا ان کے دوست ومددگار طاغوت ہیں وہ انہیں روشنی سے نکال کر اندھیروں میں لاتے ہیں یہ لوگ جہنمی ہیں جس میں وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں''۔

نیز فرمایا:

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ، الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا يَتَّقُوْنَ. (یونس:62-63)

''سن رکھو اللہ کے اولیاء پر نہ تو اندیشہ ہوگا نہ وہ غمگین ہوں گے یعنی جو ایمان لائے اور وہ مجھ سے ڈرتے تھے''۔

لہٰذا سارے اہل ایمان اللہ کے اولیاء ہیں اور اللہ ان کا ولی ہے اللہ تعالیٰ نے ولایت کو اسی معنی میں محصور کردیا ہے لہٰذا اہل ایمان سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَ هُمْ رَاكِعُوْنَ،وَ مَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ. (مائده:55-56)

''سوائے اس کے نہیں (لفظ اِنَّمَا کا ترجمہ جو عربی قواعد کی رو سے حصر کے لئے آتا ہے) تمہارا دوست اللہ اور اس کا رسول اور مومنین ہیں جو نمازیں پڑھتے ہیں اور زکاتیں دیتے ہیں اور وہ رکوع میں ہوتے ہیں اور جو اللہ اور اس کے رسول اور مومنوں کو دوست بنائے گا (یہ اللہ کی جماعت بن گئے) تو اللہ کی جماعت ہی غالب ہونے والی ہے''۔

لہٰذا ہر مسلمان پر فرض ہے کہ وہ اللہ کی خاطر دوستی کرے اور اسی کی خاطر دشمنی اس کی خاطر محبت کرے اور اسی کی خاطر نفرت کیونکہ ولاء (دوستی، محبت) اور براء (دشمنی، نفرت، بیزاری) ہی ایمان کی بنیادی کڑی اور دین کا بنیادی رکن ہے بلکہ ایمان اور عقیدے کے اصولوں میں سب سے بنیادی اصول ہے۔

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوذر رضی اللہ عنہ سے پوچھا[**ای عری الایمان اظنه قال: اوثق؟ قال اللہ ورسوله اعلم، قال: الموالاة فی اللہ والمعاداة فی اللہ والحب فی اللہ والبغض فی اللہ**] ''ایمان کی کڑیوں میں سب سے مضبوط کڑی کون سی ہے؟ ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا اللہ اور اس کا رسول جانتا ہے، آپ نے فرمایا: ''اللہ کی خاطر ایک دوسرے سے دوستی کرنا اور اللہ کی خاطر ایک دوسرے سے دشمنی کرنا اور اللہ کی خاطر محبت کرنا اور اللہ کی خاطر نفرت کرنا'' (معجم کبیر للطبرانی: 11537، مسند الطیالسی: 378، مصنف ابن ابی شیبة: 187/12، مستدرك حاكم: 480/2، عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ نیز مسند احمد: 286/4، الایمان لابن ابی شیبة عن البراء بن عازب رضی اللہ عنہ نیز شرح السنة للبغوی: 429/3 عن ابن عباس رضی اللہ عنہ، نیز امام حاکم نے اسے صحیح کہا ہے البتہ امام ذہبی نے ان کی موافقت نہیں کی اور کہا کہ یہ صحیح نہیں ہے لیکن علامہ الالبانی نے شواہد اور متابعات کی بنا پر اسے حسن کہا ہے ملاحظہ ہو السلسلة الصحیحة: 437/2-735، 306/4-307)

لہٰذا کفار سے تعلقات قائم کرنا نواقض ایمان (جمع ناقض یعنی وہ امور جو ایمان کا اعتبار ختم کر دیتے ہیں) سے ہے کسی مسلمان کے لیے ان سے تعلق قائم کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ اس پر تو ان سے دشمنی اور نفرت کرنا فرض ہے۔ لہٰذا ان سے تعلقات قائم کرنا یعنی ان سے محبت کرنا، ان کے قریب ہونا، ان کے ساتھ تعاون کرنا، ان کی مدد کرنا، ان سے اظہار محبت کرنا، اور ان کی طرف جھکاؤ یہ سب ناجائز ہے نہ زبان سے جائز ہے، نہ عمل سے، نہ ہی دل سے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ لَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَ اَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ وَ يُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اَلۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا رَضِىَ اللّٰهُ عَنۡهُمۡ وَ رَضُوۡا عَنۡهُ اُولٰٓئِكَ حِزۡبُ اللّٰهِ اَلَاۤ اِنَّ حِزۡبَ اللّٰهِ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ. (المجادلة:21-22)

''اے نبی آپ ایسی قوم نہ پائیں گے جو اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتی ہو اور اللہ اور اس کے رسول کے مخالفین سے محبت کرتی ہو اگر چہ وہ مخالفین ان کے باپ دادا یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کے خاندان والے ہی کیوں نہ ہوں یہی لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان کو لکھ دیا اور ان کی اپنی روح (جبریل امین علیہ الصلوۃ والسلام) کے ذریعے مدد کی اور انہیں ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اللہ ان سے راضی ہو گیا اور وہ اس سے راضی ہو گئے یہی اللہ کی جماعت ہے خبر دار سن رکھو اللہ کی جماعت ہی کامیاب ہونے والی ہے''۔

اس آیت کی بناء پر کسی مسلمان کے لئے جائز نہیں کہ وہ کسی کافر سے تعلقات قائم کرے جیسے اس کے لئے طاغوت سے تعلقات قائم کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ ہمیں طاغوت کے ساتھ کفر کرنے اور اس سے بیزاری کا اظہار کرنے کا حکم دیا گیا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

فَمَنۡ يَّكۡفُرۡ بِالطَّاغُوۡتِ وَ يُؤۡمِنۡۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسۡتَمۡسَكَ بِالۡعُرۡوَةِ الۡوُثۡقٰى لَا انۡفِصَامَ لَهَا وَ اللّٰهُ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ. (بقرہ:256)

''پس جو طاغوت کا انکار کرے گا اور اللہ پر ایمان لائے گا یہی تو وہ شخص ہے جس نے ایسے مضبوط کڑے کو تھام لیا جو ٹوٹتا نہیں اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے''۔

اس آیت کی روشنی میں مومن وہ ہے جو اللہ پر ایمان لائے اور طاغوت کے ساتھ کفر کرے اس کے برعکس کافر جبت (بت یا جادو وغیرہ) اور طاغوت پر ایمان رکھتا ہے اور اللہ کا انکار کرتا ہے۔ جیسا کہ فرمایا:

وَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا اَوۡلِيٰٓـئُهُمُ الطَّاغُوۡتُ يُخۡرِجُوۡنَهُمۡ مِّنَ النُّوۡرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ النَّارِ هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ. (بقرة:257)

''اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے دوست طاغوت ہیں جو انہیں روشنی سے نکال کر اندھیروں میں لے جاتے ہیں یہ لوگ جہنمی ہیں جس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں''۔

نیز فرمایا:

اَلَمۡ تَرَ اِلَی الَّذِیۡنَ اُوۡتُوۡا نَصِیۡبًا مِّنَ الۡکِتٰبِ یُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡجِبۡتِ وَ الطَّاغُوۡتِ وَ یَقُوۡلُوۡنَ لِلَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا ہٰۤؤُلَآءِ اَہۡدٰی مِنَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا سَبِیۡلًا. (نساء:51)

''کیا آپ ان لوگوں (یہودیوں) کو نہیں دیکھتے جنہیں کتاب (تورات) کا حصہ دیا گیا وہ جبت (جادو) اور طاغوت پر ایمان لاتے ہیں اور کافروں (مشرکین ومنافقین) کے متعلق کہتے ہیں کہ یہ ایمان والوں سے زیادہ راہ یافتہ ہیں''۔

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ مجموع الفتاویٰ (538/7) میں فرماتے ہیں: ''معلوم ہوا کہ طاغوت پر ایمان بھی لایا جاتا ہے اور اس کے ساتھ کفر بھی کیا جاتا ہے''۔

میں کہتا ہوں کہ: طاغوت پر ایمان لانے والے کافر اور اس کا انکار کرنے والے مومن ہیں ایسے ہی طاغوت کی راہ میں قتال بھی کیا جاتا ہے سو طاغوت کی راہ میں قتال کرنے والے کافر ہیں جبکہ اہل ایمان اللہ کی راہ میں قتال کرتے ہیں نہ کہ شیطان اور طاغوت کی راہ میں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا یُقَاتِلُوۡنَ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ وَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا یُقَاتِلُوۡنَ فِیۡ سَبِیۡلِ الطَّاغُوۡتِ فَقَاتِلُوۡۤا اَوۡلِیَآءَ الشَّیۡطٰنِ اِنَّ کَیۡدَ الشَّیۡطٰنِ کَانَ ضَعِیۡفًا. (نساء:76)

''ایمان والے لوگ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں اور کافر لوگ طاغوت کی راہ میں لڑتے ہیں سو (اے اہل ایمان) تم شیطان کے دوستوں سے لڑو کیونکہ شیطان کا داؤ انتہائی کمزور ہے''۔

میں کہتا ہوں: جو لوگ طاغوت پر ایمان لاتے ہیں وہی اس کے مددگار اور معاون بھی ہیں اور اس کی راہ میں لڑنے والے اس کی سپاہ اور اس کے لشکر اور اس کے مددگار ہیں۔

طاغوت کے مددگاران کی کچھ اقسام ہیں

① **باتوں کے ذریعے اس کی مدد کرنے والے:** یعنی جو لوگ باتوں اور اقوال کے ذریعے

طاغوت کی مدد کرتے ہیں ان میں سرفہرست وہ نام نہاد علماءِ سوء ہیں جو کافر حکام کے حق میں شریعت اسلامیہ کا دائرہ وسیع تر کر دیتے ہیں اور ان پر کفر کے الزام کا دفاع کرتے ہیں اور جو مسلمان مجاہدین ان کے خلاف بغاوت کریں انہیں بے وقوف اور خارجی اور گمراہ قرار دیتے ہیں ان کے ذریعے حکام کو خوب بے وقوف بناتے ہیں۔ نیز اس قسم میں وہ رائٹرز، صحافی اور رپورٹر بھی شامل ہیں جو بذاتِ خود یہ خدمت سرانجام دیتے ہیں۔

② **عملی طور پر مدد کرنے والے:** ان میں سرفہرست کافر حکام کے سپاہی ہیں خواہ فوجی ہوں یا پولیس آفیسر ہوں یا رنگروٹ یہ سب ان ممالک کے دستور اور قانون کے مطابق چند امور کے لئے تیار کئے جاتے ہیں:

(1): مملکت کے عام نظام کی حفاظت: یعنی اپنی طرف سے بنائے گئے دساتیر (جمع دستور) اور قوانین پر عمل کروانا اور ان کی خلاف ورزی یا ان کے خلاف آواز اٹھانے والوں کو سزائیں دینا۔

(2): دستوری قانونی شکل (آئین) کی حفاظت کرنا: گویا یہ کافر ہی کی حفاظت کرتا ہے کیونکہ یہ ان کے نزدیک دستور کے مطابق ایک قانونی حاکم شمار کیا جاتا ہے کیونکہ اس کا تقرر اور قیام وضعی دستور (انسانوں کے بنائے ہوئے قوانین کا مجموعہ) میں بیان کردہ اقدامات کے عین مطابق ہوتا ہے۔

(3): قانون کی حکمرانی کو یقینی بنانا: یعنی دستور اور قانون کو نافذ العمل کرنا نیز وہ فیصلہ جات جو طاغوتی دستوری عدالتیں صادر کرتی ہیں انہیں نافذ کرنا بھی اسی میں داخل ہے۔

قول اور فعل کے ذریعے طاغوت کے ان مددگاروں میں ہمارے ذکر کردہ افراد کے علاوہ ہر وہ شخص بھی شامل ہے جو اپنے قول وفعل کے ذریعے اس کی مدد کرے حتی کہ اگر کسی دوسرے ملک کی حکومت بھی اس کی مدد کرے تو اس کا بھی یہی حکم ہے یہ ہیں طاغوت اور اس کے مددگار۔(الجامع فی طلب العلم الشریف ازعبدالقادر عبدالعزیز ص :544)

نیز حامیان ومددگاران طاغوت اس کے دفاع اور اس کی حاکمیت کو برقرار رکھنے کی خاطر جان کی بازی تک لگا دیتے ہیں اور حقیقت بھی یہی ہے کہ کفر وگمراہی کے امام اور سربرآوردہ شخصیات ان

حامیوں اور مددگاروں کے بغیر کسی بھی جگہ پنپ ہی نہیں سکتے جب تک کہ وہ کفر، ظلم وفساد اور گمراہی پر ان کی مدد وحمایت نہ کریں لہٰذا طاغوت کے یہ مددگار ہی درحقیقت ان حکام کے (جو اللہ کے نازل کردہ قانون کے مطابق حکومت نہیں چلاتے) مقرب، حاشیہ برداراور خاص لوگ ہوئے یہی انہیں (''زبانیہ'' ان فرشتوں کو کہتے ہیں جو لوگوں کو جہنم کی طرف گھسیٹ کرلے جائیں گے) جہنم میں گھسیٹ کرلے جائیں گے اور ان حامیوں ومددگاروں میں وہ تمام لوگ شامل ہیں جو اپنے اقوال کے ذریعے ان کی حمایت کرتے ہیں مثلاً علماءسوء (درباری ملا) بعض صحافی، رپورٹرز جو ان کے کارناموں اور ترقیاتی منصوبوں کا خوب ڈھنڈوراپیٹتے ہیں اور وہ شعراء، ادباءاور رائٹرز بھی کہ جن کی زبانیں اور قلم ہر وقت ان کی تعریفات میں تر رہتے ہیں جو ان کے عدل واستقامت کی داستانیں وضع کرتے ہیں اور ان کی حمایت میں لوگوں سے جھوٹ بیان کرکے انہیں شکوک وشبہات میں مبتلا کردیتے ہیں۔ نیز انہیں مشوروں سے نوازنے والے اور ان کی حوصلہ افزائیاں کرنے والے بھی اسی قبیل میں شامل ہیں جو لوگوں کو حقائق سے گمراہ کردیتے ہیں اور اس قسم میں بیان کردہ لوگ بہت زیادہ ہیں اللہ ان میں اضافہ نہ کرے۔ (آمین)

اور ان مددگاروں وحامیوں میں وہ لوگ بھی برابر کے شریک ہیں جو عملی طور پر ان کی مدد وحمایت کرتے ہیں مثلاً فوجی، سپاہی، فورسز، اسپیشل فورسز، جمہوریت پسند، امن قام کرنے والے اور سراغ رساں افراد، پولیس، وزراء، لیڈرز، اور وہ ارکان سلطنت جن سے مرتد حکام خفیہ ریاستی امور میں مشاورت کرتے ہیں یہ تمام طاغوت کے حامی اور مددگار ہیں جو نہ صرف اس کی بلکہ اس کی سلطنت، اس کے بنائے گئے کفریہ قوانین ودستور کی بھی حفاظت کرتے ہیں اور یہی لوگ ہیں جو عوام الناس اور اللہ کے قانون کے مطابق حکومت کے درمیان سب سے بڑی رکاوٹیں ہیں بلکہ یہ لوگ تو طاغوت اور طاغوتی نظام کے دفاع اور حفاظت میں سردھڑ کی بازیاں لگادیتے ہیں اور اس کی مخالفت کرنے والوں اور اس کے خلاف بغاوت کرنے والوں پر غداری کا الزام لگا کر انہیں سزائے موت دیتے ہیں ۔اگر یہ سب نہ ہوتے تو وہ مرتد حکام بھی نہ ہوتے یہ ان کی بقاءاور ان کی حکومت کی بقاء کی ضمانت ہیں

یہی اصل سبب ہیں سو جب ان حکام کو مرتد اور کافر قرار دیا جاتا ہے کیونکہ وہ اللہ کے نازل کردہ قانون کے مطابق حکومت نہیں کرتے تو ہر وہ شخص جو ان کی کسی بھی طرح مادی یا معنوی مدد یا حمایت کرے یا کسی بھی طرح ان کا دفاع کرے وہ بھی انہی کی طرح کافر و مرتد ہوا کیونکہ یہی طاغوت اور طاغوتی نظام کا (بلاواسطہ) اولین حامی و مددگار ہے اور مسلمانوں پر ان کے ملکوں میں ان مرتد حکام کے وضع کردہ کفریہ قوانین کو نافذ کر کے ان ملکوں میں کفر بواح (ایسا کفر جو انسان کو اسلام کی حدود سے نکال دیتا ہے) کو ظاہر کرنے کا اولین سبب ہے۔ اور فقہاء جانتے ہیں کہ کسی بھی شئے سے بلاواسطہ تعلق رکھنے والے اور اس شئے کا سبب بننے والے کا بھی شرعاً وہی حکم ہوتا ہے جو خود اس شئے کا ہوتا ہے۔ لہٰذا اس اصول کی رو سے طاغوت کے حامی، مددگار، معاونین بھی طاغوت اور اس کی طرح کافر و مرتد ہوئے علاوہ ازیں کتاب و سنت میں موجود دلائل سے بھی یہی ثابت اور متحقق ہوتا ہے۔

انصارانِ (مددگاران/ حامیان) طاغوت کے "کفر" کے دلائل

اولا قرآن کریم سے:

(واضح رہے کہ کسی بھی مسئلے کا شرعی حکم معلوم کرنے کے تین ذرائع ہیں۔(۱): قرآن کریم ۔(۲): سنت ثابتہ ۔(۳): اجماع۔ اور مؤلف رحمہ اللہ / حفظہ اللہ نے ان تینوں سے ناقابل تردید دلائل ذکر کیے ہیں)۔

① اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَ يُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا۔ (بقرہ:256)

"پس جو طاغوت کے ساتھ کفر کرے گا اور اللہ پر ایمان لائے گا تو اس نے مضبوط کڑے کو پکڑ لیا جو ٹوٹ نہیں سکتا"۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ایمان کے صحیح ہونے کے لئے شرط رکھی کہ طاغوت کے ساتھ کفر کیا جائے، لہٰذا جو طاغوت کے ساتھ کفر نہیں کرتا اس کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں الّا یہ کہ وہ طاغوت کے

ساتھ کفر کردے اور طاغوت کا حامی اور مددگار طاغوت کے ساتھ کفر نہیں کرتا۔لہٰذا یہ اس پر ایمان لانے والا ہوا اور طاغوت کے ساتھ کفر نہ کرنے والا اور اس پر ایمان لانے والا ''کافر'' ہے۔

② فرمایا: اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـؤُهُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ. (بقرة:257)

''اللہ مومنوں کا دوست ہے انہیں اندھیروں سے روشنی میں نکالتا ہے اور کافروں کے دوست طاغوت ہیں جو انہیں روشنی سے اندھیروں میں لے جاتے ہیں یہی جہنمی ہیں اس میں ہمیشہ رہیں گے''۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے واضح طور پر فرمایا کہ طاغوت کے دوست کافر ہیں، دوست سے اس کے محبوب، اس کے معاونین و مددگار و حامی مراد ہیں ثابت ہوا کہ جو بھی طاغوت کا حامی ہو یا مددگار وہ بھی انہی کی طرح کافر ہے۔

③ فرمایا: بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمَا، ۙالَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا. (نساء:138-139)

''اے نبی منافقوں کو خوشخبری دے دیں کہ ان کے لئے دردناک عذاب ہے یہ وہ لوگ ہیں جو مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے ہیں کیا وہ ان کے پاس بلند مرتبہ چاہتے ہیں تو یقیناً ساری کی ساری عزت محض اللہ کے لئے ہے''۔

اس آیت میں منافقین کی صفات بیان کی گئی ہیں کہ وہ مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے ہیں اور طاغوت کے مددگار و حامی طاغوت کے دوست بھی ہوتے ہیں جیسا کہ واضح ہے لہٰذا طاغوت کے مددگار اور حامی منافقین کی طرح اور یہ دونوں کفر میں برابر سرابر ہوئے۔

④ فرمایا: لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ مَنْ يَّفْعَلْ

ذٰلِکَ فَلَیْسَ مِنَ اللهِ فِیْ شَیْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰةً وَ اِلَی اللهِ الْمَصِیْرُ.

''مومن لوگ مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست نہ بنائیں اور جس نے ایسا کیا وہ اللہ کی جانب سے کسی بھی شئے میں نہیں الاّ یہ کہ تم ان سے بچ کر رہو اور اللہ تمہیں اپنے آپ سے ڈراتا ہے اور اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے''۔(آل عمران:28)

یہ آیت بھی طاغوت کے حامیوں اور مددگاروں کے کافر ہونے پر دلیل ہے جیسا کہ فرمایا کہ ''وہ اللہ کی جانب سے کسی بھی شئے میں نہیں'' یعنی وہ اللہ سے اور اللہ اس سے بری ہے کیونکہ وہ مرتد ہو کر کفر میں داخل ہو چکا ہے۔ مذکورہ تفسیر رئیس المفسرین ابن جریر الطبری رحمہ اللہ نے بیان کی ہے۔(الطبری:228/3)

نیز اس آیت کے سبب نزول کے متعلق شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ منہاج السنۃ النبویۃ (228/3) طبع مکتبہ ابن تیمیہ میں فرماتے ہیں کہ مقاتل بن حیان اور مقاتل بن سلیمان دونوں سے منقول ہے کہ یہ آیت حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ وغیرہ کے متعلق نازل ہوئی جو کفار مکہ سے اظہار محبت کرتے تھے، تو اللہ نے انہیں اس سے روک دیا۔

⑤ فرمایا: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْیَهُوْدَ وَ النَّصٰرٰۤی اَوْلِیَآءَ بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ وَ مَنْ یَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ اِنَّ اللهَ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ. (المائدۃ:51)

''اے ایمان والو یہود و نصاریٰ کو دوست نہ بنانا وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور تم میں سے جو انہیں دوست بنائے گا وہ انہی میں سے ہوگا اور اللہ ظالموں کو یقیناً ہدایت نہیں دیتا ہے''۔

اس آیت سے استدلال یہ ہے کہ چونکہ طاغوتی حکمران یہود و نصاریٰ کو دوست بناتے ہیں لہٰذا انہی کی طرح کافر ہوئے جیسا کہ فرمایا: ''اور تم میں سے جو انہیں دوست بنائے گا وہ انہی میں سے ہوگا'' اور جو یہود و نصاریٰ کے دوستوں کو دوست بنائے وہ بھی اسی سلسلہ دوستی میں داخل ہوا معلوم ہوا کہ طاغوت

کے مددگار بھی کافر ہیں کیونکہ طاغوت کے دوست ہیں۔ اس طرح یہ سب اللہ تعالیٰ کے فرمان ''اور تم میں سے جو انہیں دوست بنائے وہ انہیں میں سے ہوگا'' کے عموم کے تحت داخل ہوئے۔

نیز امام ابن جریر اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں: ''اور جو بھی مومنوں کے سوا یہود و نصاریٰ کو دوست بنائے گا وہ انہی میں سے ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کی مراد ہے کہ جو انہیں دوست بنائے اور مومنوں کے خلاف ان کی مدد کرے تو وہ انہی کے دین کا ماننے والا ہوا کیونکہ کسی کو دوست بنانے والا اسی کے دین کو ماننے والا ہوتا ہے اور اس کی ہر بات سے راضی ہوتا ہے تو جب وہ اس سے اور اس کے دین سے راضی ہوگیا تو لامحالہ جس سے وہ اختلاف و ناراضگی رکھتا ہے یہ بھی اس کے مخالف ہی شمار ہوا لہٰذا جو حکم اس کا ہے وہی حکم اس سے دوستی کرنے والے کا بھی ہوا۔ (تفسیر طبری: 277/6)

⑥ فرمایا: يَآيُّهَا الَّذِيْنَ امَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّ لَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَ الْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ. (مائدة: 57)

''اے ایمان والو تم سے پہلے جن لوگوں کو کتاب (توراۃ، انجیل) دی گئی انہیں اور کفار کو جو کہ تمہارے دین کو مذاق اور کھیل سمجھتے ہیں دوست نہ بناؤ اور اللہ سے ڈرو اگر تم واقعی مومن ہو''۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ ان لوگوں کو دوست بنانا کفر ہے جو دینِ اسلام کو کھیل اور مذاق سمجھیں اور لوگوں میں سب سے زیادہ یہ کام طاغوت کرتا ہے وہ اللہ کے دین کو کھیل اور مذاق بنالیتا ہے معنی یہ ہوا کہ طاغوت کے حامی و مددگار اسی کی طرح کافر ہیں۔

نیز فضیلۃ الشیخ عبداللطیف بن عبدالرحمٰن آل شیخ رحمہ اللہ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کے فرمان ''اور اللہ سے ڈرو اگر تم واقعی مومن ہو'' میں غور کیجئے اس لفظ یعنی اِنْ (اگر) جو کہ شرط کے لئے آتا ہے کا تقاضا ہے کہ جب شرط (یعنی اگر تم واقعی مومن ہو) کی نفی ہوجائے تو جواب شرط (اس جملے سے پہلے والے الفاظ جن میں اہل کتاب اور کفار کے ساتھ دوستی لگانے سے منع کیا گیا ہے) کی بھی نفی ہوجاتی ہے پھر معنی یہ بنتا

ہے کہ جو انہیں دوست بنائے وہ مومن نہیں ہے''۔(الدرر السنیة:288/8)

⑦ فرمایا: وَ لَوۡ كَانُوۡا يُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ وَ النَّبِيِّ وَ مَآ اُنۡزِلَ اِلَيۡهِ مَا اتَّخَذُوۡهُمۡ اَوۡلِيَآءَ وَلٰكِنَّ كَثِيۡرًا مِّنۡهُمۡ فٰسِقُوۡنَ.(المائدة:81)

''اور اگر وہ واقعی اللہ اور نبی اور جو اللہ نے اس کی طرف نازل کیا پر ایمان رکھتے تو انہیں دوست نہ بناتے لیکن ان کی اکثریت فاسق ہے''۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ مجموع الفتاویٰ (17/7) میں فرماتے ہیں: ''اللہ تعالیٰ نے یہاں جملہ شرطیہ ذکر کیا یعنی جب یہ شرط پائی جائے تو مشروط بھی پایا جائے گا اور حرف شرط لَوۡ ''اگر'' ہے جس کا تقاضا ہے شرط کی نفی ہو تو مشروط کی بھی نفی ہو جائے فرمایا کہ ''اور اگر وہ واقعی اللہ اور نبی اور جو اللہ نے اس کی طرف نازل کیا پر ایمان رکھتے ہوتے تو ان کو دوست نہ بناتے'' یہ طرز اس بات کی دلیل ہے کہ ''ایمان مذکور'' ''انہیں دوست بنانے کی نفی کرتا ہے اور اس کی ضد ہے لہٰذا کسی دل میں ایمان اور ''انہیں دوست بنانا'' جمع نہیں ہو سکتے۔

اور اس آیت سے اس بات کی دلیل کہ طاغوت کے حامی و مددگار بھی انہی کی طرح کافر ہیں یہ ہے کہ اگر وہ واقعی اللہ اور نبی اور قرآن پر ایمان رکھتے ہوتے تو طاغوت کو دوست نہ بناتے، ان کا مومنوں کو چھوڑ کر انہیں دوست بنانا، ان سے ایمان کی نفی کر رہا ہے کیونکہ کسی مومن کے دل میں ایمان اور طاغوت سے دوستی جمع نہیں ہو سکتے۔

⑧ فرمایا: وَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بَعۡضُهُمۡ اَوۡلِيَآءُ بَعۡضٍ اِلَّا تَفۡعَلُوۡهُ تَكُنۡ فِتۡنَةٌ فِي الۡاَرۡضِ وَفَسَادٌ كَبِيۡرٌ.(انفال:73)

''اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اگر تم نے ایسا نہ کیا تو زمین میں فتنہ اور بڑا افساد ہوگا''۔

یہ آیت بڑی واضح ہے کہ کافروں سے دوستی کرنے والے انہی میں سے ہیں انہی کی طرح برابر سرابر کافر ہیں اسی لئے فرمایا ''وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں'' لہٰذا طاغوت کے حامی و مددگار

جب تک ان کے دوست ہیں تو کفر میں بھی انہی کی طرح ہیں کیونکہ اللہ نے کافروں کو ایک دوسرے کا دوست قرار دیا ہے اور مومنوں سے ان کی دوستی کا تعلق کاٹ ڈالا ہے اور اللہ کا یہ فرمان کہ ''اگر تم نے ایسا نہ کیا تو زمین میں فتنہ اور بڑا فساد ہوگا'' اس کی تفسیر میں فضیلۃ الشیخ عبداللطیف بن عبدالرحمٰن بن حسن آل شیخ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ''فتنے سے سوائے شرک کے کچھ اور مراد نہیں لیا جا سکتا اور بڑے فساد سے مراد ہے اسلام کی گرہ کھول دینا اور اللہ نے قرآن میں جو احکامات اور نظام دیا ہے اسے توڑ ڈالنا''۔(الدرر السنیۃ:326/8)

(نیز ''اگر تم نے ایسا نہ کیا'' سے مراد ہے کہ اگر تم نے اس کے مطابق نہ کیا یعنی چونکہ کفار باہم دوست ہیں لہٰذا تم انہیں دوست نہ بناؤ اور اگر تم نے انہیں دوست بنایا تو فتنہ وفساد ہوگا۔ واللہ اعلم ۔مترجم)

⑨ فرمایا: **اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ وَ اَمْلٰى لَهُمْ،ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ**.(محمد:25-26)

''بے شک جو لوگ اپنی پشتوں کے بل مرتد ہو گئے جبکہ ان کے لئے ہدایت واضح ہو چکی تھی درحقیقت شیطان نے انہیں خوشنما کر کے دکھایا اور اس نے انہیں آسرے دیے اس کی وجہ یہ بنی کہ انہوں نے ان لوگوں سے جو اللہ کے نازل کردہ کو ناپسند کرتے تھے کہا کہ عنقریب بعض معاملات میں ہم تمہاری بات مان لیں گے حالانکہ اللہ ان کے دلوں کے راز تک جانتا ہے''۔

اس آیت سے استدلال یہ ہے کہ مرتدین ان لوگوں سے جو اللہ کا نازل کردہ دین ناپسند کرتے تھے کہا کہ ''بعض معاملات میں ہم عنقریب تمہاری بات مان لیں گے'' تو جب وہ بعض معاملات میں ان کی اطاعت کرنے کے سبب مرتد قرار پائے جبکہ انہوں نے تمام معاملات میں ان کی اطاعت نہ کی تو جو تمام معاملات میں ان کی اطاعت کرنے بلکہ ان کی مدد اور ان کے ساتھ تعاون کرنے اور انہیں

سہارا دے اور ان کی بادشاہت وریاست کو مضبوط کرے اور ان کی مکمل حمایت کرے جو ایسا ہو تو وہ بالا ولیٰ کافر و مرتد ہوا۔

⑩ فرمایا: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰكُمْ وَ هُوَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ.(آل عمران:149-150)

''اے ایمان والو اگر تم کافروں کی اطاعت کرنے لگے تو وہ تمہیں تمہاری ایڑیوں کے بل پلٹا دیں گے بلکہ اللہ ہی تمہارا مددگار ہے اور وہ بہترین مددگار ہے''۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے یہ بتایا کہ اگر مومن کفار کی اطاعت کرنے لگے تو وہ انہیں مرتد بنا کر ہی چھوڑیں گے کیونکہ ان کی چاہت ہی یہ ہے کہ وہ انہی کی طرح کفر کرنے لگیں اسی لئے اللہ نے ان کی اطاعت کی اجازت نہ دی، اس کے بعد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہی ان کا مددگار ہے اور بہترین مددگار ہے تو معلوم ہوا کہ کافروں کی اطاعت کرنا اسلام سے مرتد ہو جانا ہے جیسا کہ فرمایا ''وہ تمہیں تمہاری ایڑیوں کے بل پھیر دیں گے''۔

⑪ فرمایا: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نَافَقُوْا يَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَ لَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ اَحَدًا اَبَدًا وَّ اِنْ قُوْتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ وَ اللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ.(حشر:10)

''کیا آپ منافقوں کو نہیں دیکھتے کہ وہ اپنے کافر اہل کتاب بھائیوں سے کہتے ہیں اگر تمہیں جلاوطن کیا گیا تو ہم بھی تمہارے ساتھ نکل پڑیں گے اور تمہارے سلسلے میں ہم کسی کی بھی ہرگز اطاعت نہ کریں گے اور اگر تم سے مقابلہ کیا گیا تو ہم تمہاری مدد ضرور کریں گے اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ وہ جھوٹ بولتے ہیں''۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ منافقین کافروں کے بھائی ہوتے ہیں کیونکہ وہ انہیں خفیہ طور پر وعدے دیتے ہیں کہ وہ مسلمانوں سے مقابلے کی صورت میں ان کے ساتھ مقابلے میں نکلیں گے اور ان کے سوا کسی کی نہیں مانیں گے اور جنگ وجدال میں ان کی مدد بھی کریں گے۔ یہ سب خفیہ وعدوں کی صورت

میں ہے اس کے باوجود اللہ تعالیٰ نے اسے نفاق اور کفر شمار کیا تو صدقِ دل سے اعلانیہ اس کا نہ صرف اظہار کرے بلکہ اس پر جان کی بازی بھی لگا دے تو وہ منافق اور کافر کیوں نہ ہو؟ اہم بات یہ ہے کہ طاغوت کے دوست، مددگار، حامی سب ہی کافر ہیں کیونکہ شیطان کے دوستوں کی راہ میں لڑ رہے ہوتے ہیں۔ (العیاذ باللہ من ذلک)

⑫ فرمایا: وَ لَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ.(ھود:113)

''اوران لوگوں کی طرف جھکاؤ مت رکھو جنہوں نے ظلم ڈھائے پس تمہیں آگ لگ جائے گی اور اللہ کے سوا تمہارے کوئی دوست نہیں پھر تمہاری مدد بھی نہ کی جائے گی''۔

اس آیت میں ظالموں کی طرف رکون (معمولی جھکاؤ) پر شدید ترین وعید بیان کی گئی ہے جبکہ یہ مداہنت (مکمل میلان، چاپلوسی) کی ایک نوع ہے تو جو ان کے کفر پر ان کی اتباع کرے اور ان کے کاموں سے خوش ہو اور ان کے ساتھ تعاون کرے، ان سے محبت اور ان کی مدد کرے اللہ کی قسم وہ کفر میں اس وقت تک انہی کی مثل ہے جب تک ان کے کاموں پر راضی رہے۔ نیز اللہ کے اس فرمان ''اور اللہ کے سوا تمہارے کوئی دوست نہیں پھر تمہاری مدد بھی نہ کی جائے گی'' پر غور روفکر کریں کہ ظالموں کی طرف میلان رکھنے اور مدد مانگنے والوں تک سے اللہ نے اپنی دوستی اور مدد کا تعلق ختم کر ڈالا، تو جو انہیں نہ صرف دوست بنائے بلکہ ان کی مدد بھی کرے مثلاً طاغوت کے مددگار اور حامی وہ اللہ کی دوستی اور مدد کے مستحق کیونکر ہو سکتے ہیں۔

⑬ فرمایا: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ، وَ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ وَ اَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَ فِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ وَ مَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ.(آل عمران:100-101)

''اے ایمان والو اگر تم اہل کتاب کے ایک گروہ کی اطاعت کرو گے تو وہ تمہیں تمہارے ایمان لانے کے بعد کافر بنا دیں گے اور تم کیونکر کفر کر سکتے ہو جبکہ تم پر اللہ کی آیات تلاوت

کی جاتی ہیں اور تم میں اس کا رسول موجود ہے اور جو اللہ کے ساتھ مضبوط تعلق قائم کرے گا وہی صراط مستقیم کی طرف ہدایت دیا گیا ہے"۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے یہ بتایا ہے کہ اگر اہل ایمان اہل کتاب کی اطاعت کرنے لگ جائیں تو وہ انہیں مرتد بنا کر رہیں گے پھر یہ بتایا ہے کہ مومن کیونکر کفر کر سکتے ہیں (یعنی ان کے لئے کفر کرنا کیونکر جائز ہوسکتا ہے) جبکہ اللہ انہیں ایمان کی راہ دکھا چکا ہے اور ان میں اللہ کے رسول ﷺ بھی موجود ہیں جو ان پر اللہ کی آیات پڑھتے ہیں؟ پھر فرمایا کہ "اور جو اللہ کے ساتھ مضبوط تعلق قائم کرے گا وہی صراط مستقیم کی طرف ہدایت دیا گیا ہے" اس آیت سے معلوم ہوا کہ کافروں کی اطاعت کرنے والے اللہ کے ساتھ مضبوط تعلق قائم کرنے والے نہیں ہوتے کیونکہ کسی مومن کے دل میں "اللہ کے ساتھ مضبوط تعلق اور کفار کی اطاعت" جمع نہیں ہو سکتے۔

اس آیت سے ہمارے موقف پر استدلال یہ ہے کہ طاغوتی حکام اپنے یہود ونصاریٰ دوستوں کی خاص طور پر امریکہ کی اطاعت کرتے ہیں لہٰذا ان کا یہود ونصاریٰ کی اطاعت کرنا ہی اسلام سے مرتد ہوجانا ہے، تو جو یہود ونصاریٰ کے ان فرمانبرداروں کا اطاعت گذار ہو وہ بھی انہی کی طرح ہوا کیونکہ یہ سب ہی کفار کی اطاعت میں شریک ہوئے۔ (واللہ المو ید والموفق الصواب)

ثانیاً: سنت سے یعنی انصاران طاغوت کے کفر کے دلائل قرآن سے بیان کئے جانے کے بعد اب سنت سے بیان کئے جاتے ہیں

دلیل نمبر ① حسن بن محمد کہتے ہیں مجھے عبیداللہ بن ابی رافع نے خبر دی انہوں نے کہا کہ میں نے علی رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ: **بعثنی رسول اللہ ﷺ انا والزبیر والمقداد بن الاسود قال انطلقوا حتی تاتوا روضۃ خاخ فان بھا ظعینۃ ومعھا کتاب فخذوہ منھا. فانطلقنا تعادی بنا الخیل حتی انتھینا الی الروضۃ فاذا نحن بالظعینۃ فقلنا: اخرجی الکتاب، فقالت: مامعی من کتاب من کتاب فقلنا لتخرجن الکتاب او لتلقینا الثیاب فاخرجتہ من عقاصھا، فاتینا بہ رسول اللہ ﷺ فاذا فیہ من حاطب بن**

ابی بلتعة الی اناس من المشرکین من اهل مكة يخبرهم ببعض امر رسول الله ﷺ فقال رسول الله ﷺ يا حاطب ما هذا؟ قال يا رسول الله لا تعجل علی انی كنت امرا ملصقا فی قريش ولم اكن من انفسها وكان من معک من المهاجرين لهم قرابات بمكة يحمون بها اهليهم واموالهم فاحببت فاذا فاتنی ذلک من النسب فيهم ان اتخذ عندهم يدا يحمون بها قرابتی وما فعلت كفرا ولا ارتداد ولا رضا بالكفر بعد الاسلام فقال رسول الله ﷺ لقد صدقكم قال عمر يا رسول الله دعنی اضرب عنق هذا المنافق قال انه شهد بدرا وما يدريک لعل الله ان يكون قد اطلع علی اهل بدر فقال اعملوا ما شئتم فقد غفرت لكم. ''رسول اللہ ﷺ نے مجھے اور زبیر اور مقداد بن اسود کو بھیجا اور فرمایا جاؤ اور جب آڑ ویا یُلم کے باغ تک پہنچ جاؤ تو وہاں ایک بڑھیا ہوگی اور اس کے پاس ایک خط ہوگا وہ اس سے لے لو، ہم چلے گھوڑے ہمیں لے کر دوڑتے رہے حتی کہ ہم باغ تک پہنچ گئے تو ہمارے سامنے ایک بڑھیا تھی ہم نے کہا خط نکال اس نے کہا میرے پاس خط نہیں ہے، ہم نے کہا ت تو خط نکال دے وگرنہ ہم تیرے کپڑے اتار دیں گے، لہٰذا اس نے وہ خط اپنے موباف (بالوں کو باندھنے کا بند) سے نکال دیا، ہم وہ لے کر رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے تو اس میں لکھا تھا ''حاطب بن ابی بلتعہ کی طرف سے مکہ کے مشرکین کی طرف'' وہ انہیں رسول اللہ ﷺ کی بعض باتوں کی خبر دے رہا تھا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے حاطب یہ کیا ہے؟ اس نے کہا یا رسول اللہ میرے خلاف فیصلے میں جلد بازی مت کیجئے گا واقعہ یہ ہے کہ میں قریش کے ساتھ آملا تھا جبکہ میں ان میں سے نہ تھا اور آپ کے ساتھ جو مہاجرین ہیں ان کی مکہ میں رشتہ داریاں ہیں جن کی بناء پر وہ (اہل مکہ) ان کے گھر بار کی حفاظت کرتے ہیں لہٰذا میں نے چاہا کہ میرا ان سے نسبی تعلق نہیں ہے چنانچہ میں ان پر کوئی احسان کردوں جس کی بناء پر وہ میرے قرابت داروں کی حفاظت کرتے رہیں اور میں نے ایسا کفر یا ارتداد کی بناء پر نہیں کیا اور نہ ہی اسلام لانے کے بعد کفر سے راضی ہوکر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس نے تم سے سچ کہا ہے۔ عمر رضی اللہ عنہ کہنے لگے یا رسول اللہ مجھے اجازت دیجئے میں اس منافق کی گردن

ماردوں آپ نے فرمایا یہ بدر میں شامل تھا اور تجھے کیا معلوم؟ شاید اللہ نے اہل بدر پر جھانکا اور فرمایا جو چاہو کرو میں نے تمہیں بخش دیا ہے۔(صحیح بخاری کتاب الجهاد والسير باب الجاسوس حديث نمبر 2845،باب اذا اضطر الرجل الى النظر فى شعور اهل الذمة والمومنات اذا عصين الله وتجريدهن حديث نمبر 2915،كتاب المغازى باب فضل من شهد بدرا حديث نمبر 3764،باب غزوة الفتح وما بعث به حاطب بن ابى بلتعة الى اهل مكة يخبرهم بغزوة النبى ﷺ حديث نمبر 4025،كتاب التفسير باب لاتتخذوا عدوى وعدوكم اولياء حديث نمبر4608،كتاب الاستئذان باب من نظر فى كتاب من يحذر على المسلمين ليستبين امره حديث نمبر 5904،كتاب استتابة المرتدين والمعاندين باب ماجاء فى المتأولين حديث نمبر 6546نیز صحيح مسلم كتاب فضائل الصحابة باب من فضائل اهل بدر رضی اللہ عنہم وقصة حاطب بن ابى بلتعة حديث نمبر 2494)

میں کہتا ہوں: کہ حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ کا واقعہ اس بات کی دلیل ہے کہ کفار کی مدد کرنا، ان کے ساتھ تعاون کرنا اور مسلمانوں کے خلاف انہیں فتح مند کرنا کفر ہے اور دین سے مرتد ہو جانا ہے اور اس کی چند وجوہات ہیں:

پہلی وجہ: حاطب رضی اللہ عنہ کا یہ قول ہے کہ ''اور میں نے ایسا کفر یا ارتداد کی بناء پر نہیں کیا اور نہ ہی اسلام لانے کے بعد کفر سے راضی ہوکر'' صحیح بخاری باب فضل من شهد بدراً میں یہ الفاظ ہیں[**والله ما بى ان لا اكون مومنا بالله ورسوله** ﷺ] ''اللہ کی قسم مجھے کیا پڑی ہے کہ میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان نہ رکھوں'' بخاری ہی میں باب غزوۃ الفتح میں یہ الفاظ ہیں[**ولم افعله ارتداد عن ديني ولا رضا بالكفر بعد الاسلام**] ''اور میں نے ایسا اپنے دین سے مرتد ہونے یا اسلام لانے کے بعد کفر کے ساتھ راضی ہونے کی بناء پر نہیں کیا'' اور بخاری ہی میں باب لاتتخذوا عدوى وعدوكم اولياء میں یہ الفاظ ہیں[**وما فعلت ذلک كفرا ولا ارتداد عن دينى**] ''اور میں نے ایسا اپنے دین سے کفر یا ارتداد کرتے ہوئے نہیں کیا'' اور بخاری ہی میں باب من نظر فى كتاب يحذر على المسلمين ليستبين امره میں یہ الفاظ ہیں[**ما بى ان لا اكون مومنا بالله ورسوله وما غيرت ولا بدلت**] ''مجھے کیا ہے کہ میں اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھنے والا نہ بنوں اور میں نہ بدلا ہوں نہ ہی میں نے کچھ بدلا ہے'' اور بخاری ہی میں باب ماجاء فی المتأولین میں یہ الفاظ ہیں[**يا رسول الله**

مالی ان لا اکون مومنا باللہ ورسولہ]''یارسول اللہ مجھے کیا ہے کہ میں اللہ اوراس کے رسول پر ایمان رکھنے والا نہ رہوں''۔

ان تمام الفاظ پرغور وفکر کرنے کے بعد یہ معلوم ہوتا ہے کہ تمام صحابہ جن میں حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہم بھی شامل ہیں کفار کی مدد کرنا، ان کے لئے جاسوسی کرنا، اوران کے سامنے مسلمانوں کے راز فاش کر دینا اوران کے ساتھ تعاون کرنا اور مسلمانوں کے خلاف انہیں فتح مند کرنا ان تمام امور کو دین اسلام سے مرتد ہوجانا اور اللہ اوراس کے رسول کے ساتھ کفر کرنا شمار کرتے تھے۔

دوسری وجہ: عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا یہ قول ہے کہ ''یارسول اللہ مجھے اجازت دیجئے میں اس منافق کی گردن ماردوں'' نیز صحیح بخاری ہی کے باب اذا اضطر الرجل الی النظر فی شعور اہل الذمۃ میں عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے الفاظ اس طرح ہیں [**دعنی اضرب عنقہ فانہ قد نافق**] ''مجھے چھوڑ دیجئے میں اس کی گردن ماردو کیونکہ یہ منافق ہو چکا ہے'' نیز صحیح بخاری کے باب فضل من شھد بدراً میں الفاظ اس طرح ہیں [**یا رسول اللہ قد خان اللہ ورسولہ والمومنین فدعنی فلاضرب عنقہ**]''یارسول اللہ اس نے اللہ اوراس کے رسول اورمومنوں کے ساتھ خیانت کی ہے سو مجھے چھوڑ دیں تاکہ میں اس کی گردن ماردوں'' نیز صحیح بخاری باب من نظر فی کتاب من یحذر علی المسلمین لیستبین امرہ میں یہ الفاظ ہیں [**انہ قد خان اللہ ورسولہ والمومنین فدعنی فاضرب عنقہ**]''اس نے اللہ اوراس کے رسول اور مومنوں کے ساتھ خیانت کی ہے مجھے اجازت دیجئے پس میں اس کی گردن ماردوگا'' نیز صحیح بخاری باب ما جاء فی المتأولین میں یہ الفاظ ہیں [**یا رسول اللہ قد خان اللہ ورسولہ والمومنین دعنی فاضرب عنقہ ، ثم قال فعاد عمر فقال: یا رسول اللہ قد خان اللہ ورسولہ والمومنین دعنی فلاضرب عنقہ**]''یارسول اللہ اس نے اللہ اوراس کے رسول اوراہل ایمان کے ساتھ خیانت کی ہے مجھے اجازت دیجئے تاکہ میں اس کی گردن ماردوں راوی کہتا ہے عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے یہ بات دومرتبہ کہی'' ان تمام روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ کفار کی مسلمانوں کے خلاف مدد کرنا۔ ان کے لئے جاسوسی کرنا۔ اوران کے ساتھ تعاون کرنا، یہ تمام امور عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے نزدیک کفر اور دین اسلام سے

ارتداد اور اللہ اور اس کے رسول اور اہل ایمان کے ساتھ خیانت شمار ہوتے تھے جیسا کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے قول سے مکمل طور پر واضح ہے۔

تیسری وجہ: یہ ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عمر رضی اللہ عنہ کے اس قول کی تردید نہیں کی البتہ ان سے حاطب رضی اللہ عنہ کے عذر کی سچائی کو بیان کیا جیسا کہ فرمایا کہ ''اس نے تم سے سچ کہا ہے'' اور ایک حدیث کے الفاظ ہیں [صدق لا تقولوا لہ الا خیرا] ''اس نے سچ کہا تم اس کے لئے سوائے خیر کے اور کچھ نہ کہو'' ایک حدیث میں ہے کہ [انہ قدم صدقکم] ''اس نے تم سے سچ ہی کہا ہے'' ایک حدیث کے الفاظ ہیں [فصدقه النبی صلی اللہ علیہ وسلم] ''نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے سچا قرار دیا''۔

چوتھی وجہ: یہ ہے کہ حاطب رضی اللہ عنہ کا فعل مذکور فی الحقیقت تو کفر ہی ہے لیکن حاطب رضی اللہ عنہ نے کفر نہیں کیا کیونکہ اس کی نیت کفر کرنے کی نہ تھی جیسا کہ ان کے قول ''اور میں نے ایسا اپنے دین سے کفر یا ارتداد کرتے ہوئے نہیں کیا'' سے سمجھ میں آتا ہے اور پھر انہوں نے ایسا کرنے کی وجہ یہ بیان کی کہ وہ قریش پر ایک احسان کر کے اس کے ذریعے مکہ میں موجود اپنے رشتہ داروں کی حفاظت چاہتے تھے لیکن اس کے باوجود حاطب رضی اللہ عنہ کے لئے یہ وجہ قابل قبول عذر نہ بن سکی اور نہ ہی ان کے علاوہ کسی اور کے لئے عذر بن سکتی ہے البتہ حاطب رضی اللہ عنہ چونکہ متأول (تاویل کرنے والا) تھے اس لئے ان سے کفر کی نفی ہوگئی ۔یہی وجہ کہ حافظ ابن حجر فتح الباری شرح صحیح بخاری (634/8) میں فرماتے ہیں: ''حاطب رضی اللہ عنہ نے جس عذر کو ذکر کیا تو انہوں نے ایسا تاویل کی بناء پر کیا کہ ایسا کرنے سے کچھ نقصان نہیں ہے''۔

پانچویں وجہ: ابن حجر فتح الباری (634/8) میں فرماتے ہیں: ''طبری نے یہ قصہ حارث عن علی کے طریق سے روایت کیا ہے اس کے الفاظ یہ ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا [أ لیس قد شهد بدرا قال بل ولکنه قد نکث وظاهر اعدائک علیک] ''کیا یہ بدر میں حاضر نہ تھا، عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کیوں نہیں لیکن اس نے عہد شکنی کی اور آپ کے خلاف آپ کے دشمن کی مدد کی'' ان الفاظ سے ثابت ہوا کہ مسلمانوں کے خلاف کفار کی مدد کرنا، ان کے ساتھ تعاون کرنا، عہد شکنی اور ارتداد اور کفر صریح ہے۔

چھٹی وجہ: حاطب رضی اللہ عنہ نے ہر موقع پر اپنی جان اور اپنے مال کے ذریعے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد

یہ کافر لوگ اس کی اطاعت و فرمانبرداری کرتے ہیں اور اسے مال کے نذرانے پیش کرتے ہیں اور اسے خلیفہ مان کر اس کے احکامات کی اس طرح مخالفت نہیں کرتے جس طرح امام کی اطاعت سے نکل جانے والا مخالفت کرتا ہے۔ اور مسلمانوں سے لڑتے ہیں ان سے انتہائی دشمنی رکھتے ہیں، اور مسلمانوں سے اپنی اطاعت اور نذرانوں اور اس قانون کی تابعداری کا مطالبہ کرتے ہیں جو ان کے کافر و مشرک بادشاہ نے وضع کیا جو کسی فرعون و نمرود وغیرہ سے کم نہیں بلکہ زمین میں ان سے بھی بڑھ کر فساد مچانے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا [اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِی الْاَرْضِ وَ جَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَ هُمْ وَ يَسْتَحْيِ نِسَآءَ هُمْ اِنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ. (قصص:4)] ''فرعون نے زمین میں فساد مچایا اور اس کے رہنے والوں کو گروہوں میں بانٹ دیا اور ان میں سے ایک گروہ جسے وہ کمزور سمجھتا تھا ان کے بیٹوں کو ذبح کرنے لگا اور ان کی عورتوں کو چھوڑ دیتا بے شک وہ فسادیوں میں سے تھا''۔ جبکہ اس فسادی نے تو زمین پر چڑھائی کر رکھی ہے اور مسلمانوں، یہودیوں، عیسائیوں اور

اپنے مخالف مشرکوں ان سب کے مردوں کو قتل کر دیتا ہے ان کی عورتوں کو لونڈی بنالیتا ہے ان کے اموال لوٹ لیتا ہے اوران کی فصلیں اور نسلیں تباہ کر دیتا ہے جبکہ اللہ فساد کو پسند نہیں کرتا نیز انبیاء ورسل علیہم الصلاۃ والسلام کی اتباع واطاعت سے نکال کر اپنے بنائے ہوئے جاہلی اور کفری قانون کا تابع دار بنادیتا ہے۔

تو یہ لوگ دین اسلام چھوڑ چکے ہیں اوران کافروں کے دین کی مسلمانوں کے دین سے زیادہ تعظیم کرتے ہیں اور اللہ اوراس کے رسول سے زیادہ ان کی اطاعت وتابعداری کرتے ہیں اور مومنوں سے زیادہ انہیں دوست رکھتے ہیں اوران کے بڑوں میں اگر اختلاف ہوتو اس کا فیصلہ جاہلی قانون سے کرتے ہیں، نہ اللہ اوراس کے رسول کے حکم سے ایسے ان کے بڑے سردار اور وزراء دین اسلام کو یہودیت یا عیسائیت کی طرح قرار دیتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ یہ سب اللہ تک پہنچانے والے راستے ہیں بعینہ اس طرح جس طرح مسلمان آپس میں مذاہب اربعہ (مالکی، حنفی، شافعی، حنبلی) کے متعلق سمجھتے ہیں کہ یہ سب اللہ تک پہنچانے والے راستے ہیں۔ نیز ان میں بعض یہودیت اور عیسائیت اور بعض اسلام کو ترجیح دیتے ہیں اور یہ بات ان میں عام ہے حتی کہ ان کے فقیہوں اور عابدوں تک میں بات عام ہے خاص طور پر جہمیہ، اتحادیہ، فرعونیہ، وغیرہ میں ان لوگوں پر فلسفہ غالب ہے اوراکثر فلاسفہ کا بھی ایسا ہی مذہب ہے نیز اکثر عیسائی اور یہودی افراد پر بھی فلسفہ غالب ہے بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ ان کے خاص خاص ممتاز علماء ورہبان کا مذہب فلسفہ کی بنیاد پر ہے تو یہ غلط نہ ہوگا اوراس بارے میں بہت کچھ دیکھ سن چکا ہوں جسے یہاں بیان کرنے کی گنجائش نہیں ہے جبکہ اہل اسلام میں یہ بات ہر ایک جانتا ہے کہ جو بھی شریعت محمدی کے علاوہ شریعت کی اتباع کو جائز قرار دے وہ کافر ہے اوراس پر تمام مسلمانوں کا اتفاق ہے اوراس کا کفراس شخص کے کفر کی طرح ہے جو کتاب کے بعض حصے پر ایمان لے آیا اور بعض کا انکار کردیا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا[اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ وَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ وَ يَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّ نَكْفُرُ بِبَعْضٍ وَّ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا وَ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا

مُّهِينًا. (نساء: 150-151)] ''اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کرنے والے چاہتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولوں میں تفریق کریں اور کہتے ہیں کہ کتاب کے بعض حصے پر ہم ایمان لاتے ہیں اور بعض کا ہم انکار کرتے ہیں اور اس کے درمیان کوئی راہ اختیار کرنا چاہتے ہیں یہی حقیقی کافر ہیں اور ہم نے کافروں کے لئے رسواکن عذاب تیار کررکھا ہے''۔ اس میں یہود ونصاریٰ بھی داخل ہیں اور وہ فلاسفہ بھی جو کتاب کے کچھ حصے کو مانتے ہیں اور کچھ کا انکار کرتے ہیں اور یہود ونصاریٰ میں سے جو فلسفی بن گئے وہ بھی یہ سب دونوں طرح کافر ہیں جبکہ یہ وزراء اور سردار جو اپنی رائے کو حرف آخر سمجھتے ہیں ان کی اکثریت اسی قبیل سے ہے وہ کبھی یہودی فلسفی تھا پھر اسلام کا نام لینے لگا جبکہ اس میں یہودیت اور فلسفہ بھی رہا اور ساتھ ہی رافضیت بھی آگئی ان میں جو سب سے بڑا قلمکار ہے یہ اس کی حالت ہے اور یہ شخص ان کے نزدیک تلوار باز سے زیادہ اہم ہوتا ہے مومنوں کو اس سے عبرت حاصل کرنی چاہیے۔

خلاصہ یہ کہ ہر طرح کا نفاق، زندقہ اور الحاد تاتاریوں کے پیروکاروں میں موجود ہے کیونکہ یہ کائنات کے سب سے بڑے جاہل اور دین سے سب سے زیادہ نادان اور اتباع دین سے سب سے زیادہ دور اور خواہشات کے سب سے بڑے اسیر ہیں۔

اس کے بعد شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ تاتاریوں کی صفوں میں مل کر لڑنے والوں کے متعلق فرماتے ہیں کہ: ''جو مسلمانوں کے لشکر سے بھاگ کر تاتاریوں کے لشکر میں آملا اس سے تاتاریوں سے بڑھ کر قتال ہونا چاہیے اس لئے کہ تاتاریوں میں سے بعض تو مجبور کردیئے گئے ہیں اور بعض مجبور نہیں ہیں علاوہ ازیں سنت سے یہ اصول طے شدہ ہے کہ مرتد کی سزا اصل کافر سے بڑھ کر ہے اور اس کی کئی وجوہات ہیں ایک وجہ یہ ہے کہ مرتد کو ہر حال میں قتل کردیا جاتا ہے اس پر نہ تو جزیہ لگایا جاسکتا ہے نہ ہی اس کا ذمہ لیا جاسکتا ہے جبکہ اصلی کافر کے ساتھ ایسا نہیں ہوتا ایک وجہ یہ بھی ہے کہ مرتد کو قتل کردیا جائے گا اگرچہ وہ لڑنے پر قادر نہ ہو، جبکہ اصلی کار اگر لڑنے والوں سے نہ ہو تو اکثر علماء ابوحنیفہ، مالک، احمد کے نزدیک اسے قتل نہیں کیا جاسکتا چنانچہ جمہور کا مذہب ہے کہ مرتد کو قتل کردیا جائے گا جیسا کہ مالک شافعی، احمد کا یہی مذہب ہے ایک اور وجہ یہ بھی ہے کہ مرتد نہ تو وارث بنتا ہے نہ ہی اس سے نکاح جائز

ہے، نہ اس کا ذبیحہ حلال ہے جبکہ اصلی کافر کے ساتھ ایسا نہیں ہے ایسے ہی دیگر احکامات۔

لہٰذا جب اصل دین سے مرتد بن جانا اصل دین کے ساتھ کفر کرنے سے زیادہ بڑا جرم ہے تو اصل دین کے احکامات سے مرتد ہو جانا اصل دین کے قوانین سے اصلاً خارج رہنے سے بڑا جرم ہوا یہی وجہ ہے کہ ہر مومن تا تاریوں کے احوال سے واقف ہے وہ جانتا ہے کہ تا تاریوں میں موجود فارسی اور عربی وغیرہ مرتدین ترک وغیرہ کے اصل کفار سے زیادہ بدتر ہیں اور ترک شہادتین کا اقرار کرنے کے بعد بہت سے احکامات شریعت چھوڑنے کے باوجود ان عربیوں اور فارسیوں وغیرہ مرتدین سے بہتر ہیں یہاں سے واضح ہوا کہ ان کے ساتھ مل جانے والا اصل مسلمان ان ترکیوں سے زیادہ برا ہے جو کافر تھے کیونکہ جب اصل مسلمان اسلام کے بعض احکامات سے مرتد ہو جائے تو وہ ان لوگوں سے زیادہ برا ہوتا ہے جو اس کے بعد ان احکامات کو اصلاً مانتے ہی نہیں ہیں مثلاً مانعین زکاۃ وغیرہ مرتدین کے جن کے خلاف ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے قتال کیا اور اگر شریعت کے بعض احکامات سے مرتد ہو جانے والا یہ شخص کوئی فقیہ یا صوفی یا تاجر یا مصنف وغیرہ ہو پھر بھی یہ ان ترکوں سے بدتر ہے جو ان احکامات کو سرے سے مانتے ہی نہیں اور پھر بھی اسلام پر ہونے کا اصرار کرتے ہیں اس لئے مسلمان ان لوگوں کو ان سے زیادہ نقصان دہ تصور کرتے ہیں اور وہ دین اسلام اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت و فرمانبرداری ان مرتد ہو جانے والوں کی اطاعت سے زیادہ کرتے ہیں جو شریعت کے بعض احکامات سے تو مرتد ہو گئے اور بعض میں منافقت اختیار کر لی اگرچہ بظاہر علم اور دین کے دعوے کرتے ہیں اور یہ زیاد سے زیادہ ملحد یا نصیری یا اسماعیلی یا رافضی ضرور ہوں گے اور ان میں جو سب سے بہتر ہیں وہ جہمی اتحادی اور اس جیسے ضرور ہوں گے کیونکہ اسلام کا اظہار کرنے والوں میں سے تا تاریوں کی طرف برضا و رغبت مل جانے والا کم ازکم منافق یا زندیق یا فاسق و فاجر ضرور ہوگا اور جن لوگوں کو وہ اپنے ساتھ ملنے پر مجبور کر دیتے ہیں تو انہیں بروز قیامت ان کی نیتوں کے مطابق دوبارہ زندہ کیا جائے گا لیکن ہم پر فرض یہ ہے کہ ان کی پوری جمعیت کے ساتھ قتال کریں کیونکہ مجبور اور غیر مجبور میں امتیاز ممکن نہیں ہے۔

اس کے بعد شیخ الاسلام ان لوگوں کا حکم بیان کرتے ہیں کہ جسے باغی جماعت یا شرعی قوانین سے

روکنے والی جماعت اپنے ساتھ مل کر مسلمانوں سے لڑنے پر مجبور کرتی ہوں نیز اس بات کی وضاحت بھی کرتے ہیں کہ ایسی جماعت سے قتال کرنا مسلمانوں پر فرض ہے جو دین سے باغی ہوجائیں اگرچہ اس میں ایسے لوگ بھی کیوں نہ ہوں جنہیں وہ اپنے ساتھ مل کر لڑنے کے لئے زبردستی لائے ہوں، نیز کافروں کی صف میں شامل ہوکر یا اسلامی احکامات کی باغی جماعت میں شامل ہوکر لڑنے والوں میں سے ہر ایک سے لڑنا فرض ہے اس پر اہل علم کا اتفاق ہے۔ نیز ایسے افراد سے لڑنا گویا مرتدین سے لڑنا ہی ہے کیونکہ مرتدین یا مشرکوں کی صف میں شامل ایسا شخص بظاہر مسلمانوں کے خلاف ہی ہوتا ہے چنانچہ فرماتے ہیں صحیح بخاری میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ایک لشکر اس گھر پر حملہ آور ہوگا اور ابھی وہ بیداء نامی مقام پر ہی ہوں گے کہ انہیں زمین میں دھنسا دیا جائے گا کہا گیا یا رسول اللہ ان میں کچھ لوگ مجبور بھی ہوں گے فرمایا وہ اپنی نیتوں کے مطابق دوبارہ زندہ کئے جائیں گے۔ یہ حدیث کئی سندوں سے مروی ہے جو سب کی سب مرفوع ہیں اور کتب صحاح میں عائشہ، حفصہ اور ام سلمہ رضی اللہ عنہن سے مروی ہیں چنانچہ صحیح مسلم میں ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ [**يعوذ عائذ بالبيت فيبعث اليه بعث فاذا كانوا ببيداء من الارض خسف بهم فقلت يا رسول الله فكيف بمن كان كارها قال يخسف به معهم ولكنه يبعث يوم القيامة على نيته**] ''ایک شخص بیت اللہ کی پناہ لے گا پھر اس کی طرف ایک لشکر روانہ کیا جائے گا ابھی وہ بیداء نامی جگہ پر ہوں گے کہ انہیں زمین میں دھنسا دیا جائے گا میں نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان میں مجبور کا کیا بنے گا فرمایا اسے بھی ان کے ساتھ زمین میں دھنسا دیا جائے گا پھر بروز قیامت اسے اس کی نیت کے مطابق زندہ کیا جائے گا''۔ نیز بخاری ومسلم میں عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ [**عبث رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم في منامه فقلنا يا رسول الله صنعت شيئا في منامك لم تكن تفعله فقال العجب ان ناسا من امتي يؤمون هذا البيت برجل من قريش وقد لجا الى البيت حتى اذا كانوا بالبيداء خسف بهم فقلنا يا رسول الله ان الطريق قد مجمع الناس قال نعم فيهم المستنصر والمجنون وابن السبيل فيهلكون مهلكا واحدا ويصدرون مصادرشتّى يبعثهم الله عزوجل على**

نیاتھم] ''رسول اللہ ﷺ نے اپنی نیند میں عجیب حرکت کی ہم نے کہا یا رسول اللہ جو آپ نے کیا آپ ایسا نہ کرتے تھے آپ نے فرمایا تعجب ہے میری امت کے کچھ لوگ قریش کے ایک شخص کی وجہ سے اس گھر کا قصد کریں گے اور اس نے اس گھر میں پناہ لے رکھی ہوگی حتی کہ جب وہ بیداء پہنچیں گے انہیں دھنسا دیا جائے گا ہم نے کہا یا رسول اللہ راستے میں تو ہر طرح کے لوگ ہوتے ہیں فرمایا ں ہاں ان میں مدد مانگنے والے اور مجنون اور مسافر سب ہی ہوں گے انہیں ایک بار ہی ہلاک کر دیا جائے گا اور وہ مختلف مقامات سے نکلیں گے اللہ عزوجل انہیں ان کی نیتوں کے مطابق دوبارہ زندہ کرے گا''۔ نیز صحیح بخاری کے الفاظ میں عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا **[یغزو جیش الکعبة فاذا کانوا ببیداء من الارض یخسف باولھم واخرھم قالت قلت: یارسول اللہ کیف یخسف باولھم وآخرھم وفیھم اسواقھم ومن لیس منھم، قال: یخسف باولھم وآخرھم ثم یبعثون علی نیاتھم]** ''ایک لشکر خانہ کعبہ پر حملہ کرنے آئے گا ابھی وہ بیداء نامی جگہ پر ہوں گے کہ ان کو شروع سے آخر تک زمین میں دھنسا دیا جائے گا، کہتی ہیں میں نے کہا یا رسول اللہ انہیں شروع تا آخر زمین میں کیوں کر دھنسا دیا جائے گا جبکہ ان میں ان کے مجبور بھی ہوں گے اور وہ بھی جو حقیقتاً ان سے نہ ہوں گے فرمایا: انہیں شروع تا آخر دھنسا دیا جائے گا پھر انہیں ان کی نیتوں کے مطابق دوبارہ زندہ کیا جائے گا''۔ نیز صحیح مسلم میں حفصہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا **[سیعود بھذا البیت – یعنی الکعبة – قوم لیست لھم منعة ولا عدد ولا عدة یبعث الیھم جیش یومئذ حتی اذا کانوا ببیداء من الارض خسف بھم قال یوسف بن ماھک واھل الشام یومئذ یسیرون الی مکة فقال عبداللہ بن صفوان اما واللہ ما ھو بھذا الجیش]** ''عنقریب اس گھر یعنی خانہ کعبہ میں ایک قوم پناہ لے گی جن کے پاس نہ قوت ہوگی نہ تعداد اور نہ تیاری ان کی طرف ایک لشکر روانہ کیا جائے گا ابھی وہ بیدا نامی جگہ پر ہونگے کہ انہیں زمین میں دھنسا دیا جائے گا یوسف بن ماہک نے کہا کہ ان دنوں اہل شام مکہ کی طرف بڑھ رہے تھے تو عبداللہ بن صفوان کہنے لگے اللہ کی قسم اس سے یہ لشکر مراد نہیں ہے''۔

تو اللہ تعالیٰ اس لشکر کو مجبور اور غیر مجبور ہر ایک سمیت ہلاک کر دے گا جو بیت اللہ کی حرمتوں کو پامال کرنا چاہے گا حالانکہ اللہ تعالیٰ انہیں ان کی نیتوں کے مطابق دوبارہ زندہ کرنے کے ساتھ اس بات پر بھی قادر ہے کہ ان میں تمیز کر دے، تو جب اللہ تعالیٰ تمیز نہیں کرے گا تو مومن مجاہدین پر کیوں کر واجب ہو سکتا ہے کہ وہ مجبور اور غیر مجبور میں فرق کریں۔ جبکہ وہ اس کا علم ہی نہیں رکھتے بلکہ اگر کوئی دعویٰ کرے کہ اسے مجبور کیا گیا تھا تو محض دعویٰ کرنے سے اس کی بات نہیں مانی جا سکتی جیسا کہ منقول ہے کہ عباس بن عبدالمطلب کو جب غزوہ بدر میں قید کیا گیا تو اس نے نبی علیہ السلام سے کہا یا رسول اللہ میں مجبور کیا گیا تھا تو آپ نے فرمایا[اما ظاهرک فکان علینا و اما سریرتک فالی الله]''آپ کا ظاہر تو ہمارے ذمہ ہے اور آپ کا باطن تو وہ اللہ کے سپرد ہے''۔ بلکہ اگر ان میں بہترین اور نیک ترین مسلمان ہوں اور انہیں قتل کئے بغیر ان سے لڑنا ممکن نہ ہو تو انہیں بھی قتل کر دیا جائے گا کیونکہ ائمہ دین کا اتفاق ہے کہ اگر کفار مسلمانوں کو ڈھال بنالیں اور جن مسلمانوں کو انہوں نے ڈھال بنایا ہو تو وہ ان کے ساتھ مل کر مسلمانوں سے مقابلے کے لئے نہ آئے ہوں اور لڑائی جاری رکھنے کی صورت میں ان مسلمانوں کے قتل کا خوف کفار کے قتل کی نیت کر کے ان پر تیز اندازی جائز ہے اور اگر ہمیں مسلمانوں کی جان جانے کا خوف نہ ہو تو اس صورت میں علماء کے دو اقوال میں سے ایک کے مطابق ان مسلمانوں پر تیر اندازی بھی جائز ہے اور جو اللہ اور اس کے رسول کے حکم کردہ جہاد کی وجہ سے قتل کر دیا جائے تو وہ باطن کے اعتبار سے مظلوم ہے اور وہ شہید ہوگا اور اسے اس کی نیت کے مطابق دوبارہ زندہ کیا جائے گا اور اس کا قتل مجاہدین مومنین میں سے کسی کے قتل سے زیادہ فساد کا سبب نہ ہوگا۔

اور جب جہاد فرض ہے اگرچہ اللہ کی مشیت کے تقاضے کے مطابق کچھ مسلمان بھی قتل کر دیئے جائیں تو ان کی صف میں شامل کسی مسلمان کو جہاد کی ضرورت کی بناء پر قتل کرنا اس سے بڑھ کر نہیں ہو سکتا بلکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو جسے لڑنے پر مجبور کیا جائے یہ حکم دیا ہے کہ وہ اپنی تلوار توڑ ڈالے اور اس کے لئے لڑنا جائز نہیں ہے اگرچہ اسے قتل کر دیا جائے جیسا کہ صحیح مسلم میں ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا[انها ستكون فتن الا ثمّ تكون فتن الا ثمّ تكون فتن القاعد

فيها خير من الماشي والماشي فيها خير من الساعي الا فاذا نزلت او وقعت فمن كان له ابل فليلحق بابله ومن كانت له غنم فليلحق بغنمه ومن كانت له ارض فليلحق بارضه قال فقال رجل يا رسول الله ارايت من لم يكن له ابل ولا غنم ولا ارض قال يعمد الى سيفه فيدق على حده بحجر ثم لينج ان استطاع النجاة اللهم هل بلغت اللهم هل بلغت اللهم هل بلغت فقال رجل يا رسول الله ارايت ان اكرهت حتى ينطلق بى الى احدى الصفين او احدى الفئتين فيضربنى رجل بسيفه او بسهمه فيقتلنى قال يبوء باثمه واثمك ويكون من اصحاب النار] ''عنقریب فتنے ہوں گے خبردار! فتنے ہوں گے، خبردار! فتنے ہوں گے ان میں بیٹھے رہنے والا چلنے والے سے اور چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہے خبردار جب وہ (فتنہ) شروع ہو یا واقع ہو تو جس کے اونٹ ہوں وہ اپنے اونٹوں میں چلا جائے اور جس کی بکریاں ہوں وہ اپنی بکریوں میں چلا جائے اور جس کی زمین ہو وہ اپنی زمین پر چلا جائے کہتے ہیں ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ اس شخص کے متعلق بتایئے جس نہ اونٹ ہوں نہ بکریاں اور نہ ہی زمین فرمایا وہ اپنی تلوار پتھر پر مار کر کند کر لے پھر اگر بچ سکتا ہے تو بچ جائے یا اللہ کیا میں نے پہنچا دیا، یا اللہ کیا میں نے پہنچا دیا، یا اللہ کیا میں نے پہنچا دیا، ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ مجھے بتایئے اگر مجھے مجبور کر دیا جائے حتی کہ مجھے دو صفوں یا دو گروہوں میں سے ایک میں لے جایا جائے پھر ایک شخص مجھ پر اپنی تلوار چلائے یا اپنا تیر مجھے مار کر قتل کر ڈالے؟ فرمایا: وہ اپنے اور تیرے گناہوں کے ساتھ پلٹے گا اور جہنمی ہوگا''۔ اس حدیث میں نبی علیہ السلام نے فتنے کے وقت قتال سے منع کیا ہے بلکہ الگ رہنے یا اسلحہ کو بے کار کر دینے کا حکم دیا تا کہ لڑنا ناممکن ہو جائے اور مجبور و غیر مجبور دونوں شامل ہیں پھر یہ بھی بتایا گیا کہ اگر مجبور مظلومانہ قتل کر دیا جائے تو قاتل اپنے اور اس کے گناہوں کا ذمہ دار ہوگا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کے دو بیٹوں کے قصے میں مظلوم بیٹے کے متعلق فرمایا کہ اس نے کہا [اِنِّیۡۤ اُرِیۡدُ اَنۡ تَبُوۡٓاَ بِاِثۡمِیۡ وَ اِثۡمِکَ فَتَکُوۡنَ مِنۡ اَصۡحٰبِ النَّارِ ۚ وَ ذٰلِکَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِیۡنَ. (مائدۃ:29)] ''میں چاہتا ہوں کہ تو میرے اور اپنے گناہ کے ساتھ لوٹے پھر تو جہنمی ہو جائے

اور ظالموں کی یہی سزا ہے''۔

اور سنت اور اجماع کی رو سے اگر کسی پر کوئی حملہ کر دے تو اس کیلئے دفاع کرنا جائز ہے البتہ کیا اس کے لئے لڑ کر دفاع کرنا جائز ہے اس سلسلے میں اختلاف ہے امام احمد کے دو قول ہیں ایک یہ ہے کہ اس پر اپنا دفاع کرنا واجب ہے اگر چہ وہ صف میں حاضر نہ ہو دوسرا اول یہ ہے کہ اس کے لئے خود دفاع کرنا جائز ہے۔بس لیکن فتنے کے وقت لڑائی شروع کرنا بلا شبہ ناجائز ہے مقصود یہ ہے کہ فتنے کے وقت کسی کو لڑنے پر مجبور کیا جائے تو اس کے لئے لڑنا جائز نہیں ہے بلکہ اس پر اپنے ہتھیار کو بے کار کر دینا اور صبر کئے رہنا فرض ہے حتی کہ اسے قتل کر دیا جائے تو اسلامی قوانین سے باغی جماعت مثلاً زکاۃ نہ دینے والوں یا مرتد ہو جانے والوں کے ساتھ مل کر مسلمانوں کے خلاف لڑنے پر مجبور کئے جانے والے کے لئے لڑنا کیونکر جائز ہو سکتا ہے؟ بلا شبہ اگر اسے لڑائی میں آنے پر مجبور کر دیا جائے تو اس پر واجب ہے کہ نہ لڑے اگر چہ اسے مسلمان قتل کر دیں جیسا کہ کفار اسے اپنی صف میں مسلمانوں سے لڑنے کے لئے شامل ہونے پر مجبور کریں اور جیسا کہ اگر ایک شخص کو دوسرا شخص کسی بے قصور مسلمان کے قتل پر مجبور کرے تو تمام مسلمانوں کا اتفاق ہے کہ ان صورتوں میں اس کے لئے لڑنا جائز نہیں ہے اگر چہ قتل کی دھمکی دے کر اسے مجبور کرے کیونکہ اس بے قصور مسلمان کے بدلے اس کی جان کی حفاظت اہمیت نہیں رکھتی جبکہ اس کے برعکس ہے (یعنی اس مجبور کے قتل کے بدلے میں اس بے قصور کی جان کی حفاظت اہم ہے۔مترجم) لہٰذا اس کے لئے جائز نہیں کہ کسی پر ظلم کرے تا کہ خود قتل سے بچ جائے بلکہ اگر وہ ایسا کر گزرے تو اکثر علماء احمد، مالک کے نزدیک اور امام شافعی کے دو قولوں میں سے ایک کے مطابق مجبور کرنے اور مجبور کئے جانے والوں پر قصاص واجب ہے اور امام شافعی کے دوسرے قول اور ابوحنیفہ اور محمد کے نزدیک فقط مجبور کرنے والے پر قصاص واجب ہے۔اور زفر کے نزدیک بلا واسطہ مجبور کرنے والے پر قصاص واجب ہے اور ابو یوسف قصاص کو واجب نہیں کرتے بلکہ اس کے بدلے دیت فرض قرار دیتے ہیں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اصحاب الاخدود (خندقوں والے) کا قصہ منقول ہے اور اس میں یہ بھی ہے کہ [ان الغلام امر بقتل نفسه لاجل مصلحة ظهور الدين] ''لڑکے نے خود کو

قتل کردینے کا حکم دیا غلبہ دین کی حکمت کے تحت"(صحیح مسلم)۔یہی وجہ ہے کہ ائمہ اربعہ نے جائز قرار دیا ہے کہ اگر مسلمانوں کی کوئی مصلحت ہوتو مسلمان کفار میں داخل ہوجائے اگر چہ اسے گمان ہو کہ وہ اسے قتل کردیں گے اس مسئلے میں دوسرے مقام پر ہم تفصیلی بحث کر چکے ہیں۔

چنانچہ جب کسی کے لئے جہاد کی حکمت عملی اور مصلحت کے تحت ایسا کام کرنا جائز ہے جس میں اسے اپنے قتل کا یقین ہوتو دینی مصلحت کے حصول اور دین ودنیا سے متعلق دشمن کے نقصان سے بچنے کی خاطر اس کے علاوہ کسی اور کو قتل کرنا بالاولیٰ جائز ہوا۔ بشرطیکہ وہ مصلحت کسی اور طریق سے حاصل نہ ہوسکتی ہواور نہ ہی کسی اور طریق سے اس نقصان سے بچا جا سکتا ہواور جب سنت اور اجماع دونوں کا اتفاق ہے کہ مسلمان حملہ آور کے حملے کے علاوہ قتل ہوئے بچا نہیں جاسکتا تو قتل ہوجایا جائے گا اگر چہ جو مال وہ لینا چاہتا ہو وہ ربع دینار ہی ہو جیسا کہ صحیح حدیث میں نبی ﷺ نے فرمایا کہ [**مــن قتــل دون مــالــه فهــو شهيــد ومـن قتل دون دمه فهو شهيد ومن قتل دون حرمه فهو شهيد**]"جو اپنے مال کے دفاع میں قتل کردیا جائے وہ شہید ہے اور جو اپنے خون کے دفاع میں قتل کردیا جائے وہ شہید ہے اور جو اپنی عزت کے دفاع میں قتل کردیا جائے وہ شہید ہے"۔

تو اسلامی قوانین سے بغاوت اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کرنے والوں سے قتال کیوں کر جائز نہیں؟ ان سرکش حملہ آوروں سے لڑنا سنت اور اجماع دونوں سے ثابت ہے اور یہ سرکش مسلمانوں کی جانوں، ان کے مالوں، ان کی عزتوں اور ان کے دین پر حملہ آور ہیں جو ان کی حفاظت میں قتل کیا جاتا ہے وہ شہید ہے، تو جو لوگ انہیں برباد کرنے کے لئے لڑتے ہیں وہ کیا ہوئے؟ وہ بدترین باغی اور متأول اور ظالم ہوئے۔

میں کہتا ہوں: کہ جو عام اور ظاہری اسلامی قوانین میں سے کسی بھی ایک قانون سے باغی جماعت کے ساتھ مل کر لڑتا ہے اس سے قتال کے فرض ہونے پر علماء کا اتفاق ہے اور ان سے اسی طرح لڑا جائے گا جس طرح مرتدین سے لڑا جاتا ہے نہ کہ اس طرح کہ جس طرح متأول (مجتہد) باغیوں سے لڑا جاتا ہے اور ان کے تمام افراد کے حکم وہی ہے جو ان کے بڑوں کا ہے۔اور اسی بناء پر مرتد حکام کے لئے

لڑنے والے فوجیوں یا لشکروں سے قتال فرض ہونے پر ان تمام ائمہ اسلام کا اتفاق ہے کہ جن کی بات کو مانا جاتا ہے اور ان سے قتال گو یا مرتدین ہی سے لڑنا ہے اسی لئے شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے واضح طور پر فرمایا کہ مسلمانوں کے لشکر سے بھاگ جانے والے امراء وغیرہ جو تاتاریوں کی صف میں شامل تصور کئے جانے لگے ان سے مرتدین کی طرح لڑا جائے گا اور جو کہتا ہے کہ ان سے باغی متأولین (مجتہدین) کی طرح لڑا جائے گا اس نے غلط کہا۔ چنانچہ فتاویٰ (542-541/20) میں فرماتے ہیں: ''لیکن جو کہتا ہے کہ ان سے اس طرح لڑا جائے گا جس طرح باغی متأولین (مجتہد) سے لڑا جاتا ہے تو اس نے بڑی فاش غلطی کی اور وہ گمراہ ہوگیا کیونکہ باغی متأولین کے پاس کم از کم ایک وجہ جواز تو ہوتی ہے جس کی بناء پر وہ بغاوت کرتے ہیں اور اسی لئے علماء کا کہنا ہے کہ مسلمانوں کا امام ان سے پیغام رسانی کرے گا اگر وہ کوئی شبہ پیش کریں تو اس کی وضاحت کرے گا اور اگر ظلم یا ناانصافی کا تذکرہ کریں تو اس کا ازالہ کرے گا لیکن اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کرنے اور زمین میں فساد مچانے والے اور دینی احکامات سے باغی ان لوگوں کے پاس کون سا شبہ ہے اور پھر اس بات میں بھی کوئی شبہ نہیں ہے کہ وہ یہ نہیں کہتے کہ علم یا عمل کے اعتبار سے دین اسلام کو اس جماعت (تاتاریوں کے مدمقابل جماعت غالباً واللہ اعلم ۔مترجم) سے زیادہ قائم کردیں گے بلکہ اپنے دعوی اسلام کے ساتھ ساتھ وہ یہ بھی جانتے ہیں کہ یہ جماعت اسلام کو ان سے زیادہ جانتی بھی ہے اور اس پر ان سے زیادہ عمل بھی کرتی ہے بلکہ آسمان کی چھت کے نیچے ہر مسلمان اور ہر کافر یہ بات جانتا ہے اس کے باوجود وہ مسلمانوں کو لڑائی سے ڈراتے ہیں یہ بات ناممکن ہے کہ ان کے پاس مسلمانوں سے لڑائی کے جواز پر کوئی واضح شبہ ہو اور ہو بھی کیونکر جبکہ وہ اپنی اس رعایا کی اکثر عورتوں کو قیدی بنا چکے ہیں جس نے ان سے لڑائی نہیں کی حتی کہ لوگ انہیں دیکھتے ہیں کہ وہ مزارات کی تعظیم تو کرتے ہیں لیکن ان میں موجود اموال لے لیتے ہیں اور کسی شخص کو تعظیم تو کرتے ہیں اور اس سے تبرک بھی حاصل کرتے ہیں لیکن اس کے کپڑے بھی اتار لیتے ہیں اور اس کی بیویوں کو قید کر لیتے ہیں اور اسے ایسے سخت سزائیں دیتے ہیں جو صرف بہت بڑے مجرم کو دی جاسکتی ہیں جبکہ دینی تاویل کرنے والا صرف نافرمان کو ہی سزا دیتا ہے جبکہ

وہ اسے ہی سزا دیتے ہیں جس کی وہ حد سے زیادہ تعظیم کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ ان کے نزدیک اللہ سے بھی زیادہ قابل اتباع ہے (نعوذ باللہ من ذلک) تو ان کے پاس کیا تاویل ہوسکتی ہے؟ پھر اگر یہ مان لیا جائے کہ وہ متأول (مجبور) ہیں پھر بھی ان کی تاویل جائز نہ ہوگی بلکہ خارجیوں اور مانعین زکاۃ کی تاویلات تو ان کی تاویلات سے زیادہ مناسب تھیں۔

میں کہتا ہوں کہ: مرتدین کے حامی ومددگار متعین طور پر کافر ہیں اور اس کی دلیل یہ ہے کہ جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے مسیلمہ کذاب اور طلیحۃ الاسدی کے پیروکار مرتدین کے خلاف قتال کیا ان کے گروہ میں مارے جانے والوں کو جہنمی قرار دیا جبکہ مارے جانے والے افراد بلاشبہ متعین ومعلوم تھے ایسے اہل السنۃ والجماعۃ میں اس بات پر بھی اتفاق ہے کہ کسی یقینی کافر کے سوا متعین طور پر کسی پر کفر کا حکم لگانا جائز نہیں ہے البتہ یقینی کافر جیسے فرعون، ابلیس، ہامان، قارون، ابولہب، ابوجہل اور ان جیسے دیگر متعین کفار جو کفر پر ہی مرے ان کو یقین کی بناء پر کافر کہنا جائز ہے۔

جیسا کہ صحیح مسلم **کتاب الایمان باب الدلیل علی من مات علی الکفر لاینفعہ عمل** 196/1 میں عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ [**قلت یا رسول اللہ ان ابن جدعان کان فی الجاھلیۃ یصل الرحم و یطعم المسکین فھل ذلک نافعہ؟ قال: لا ینفعہ انہ لم یقل یوما رب اغفرلی خطیئتی یوم الدین**] ''میں نے کہا یا رسول اللہ عبداللہ بن جدعان دور جاہلیت میں صلہ رحمی کیا کرتا تھا اور محتاجوں کو کھانا کھلاتا تھا تو کیا یہ اسے نفع دے گا؟ آپ نے فرمایا: یہ اسے نفع نہیں دے سکتا کیونکہ اس نے ایک دن بھی ایسا نہیں کہا کہ اے میرے رب بروز جزاء میرے گناہ بخش دینا''۔ نیز انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ [**ان رجلًا قال یا رسول اللہ أین أبی قال فی النار قال فلما قفی الرجل دعاہ فقال ان ابی و اباک فی النار**] ''ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ میرا والد کہاں گیا۔ فرمایا: آگ میں، پھر جب وہ آدمی چلا گیا آپ نے اسے بلوایا اور کہا بے شک میرے والد اور تیرے والد آگ میں ہیں''۔ **مسلم باب بیان ان من مات علی الکفر فھو فی النار** (196/1) نیز عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا [**ماأغنیت عن عمک فانہ**

كان يحوطك ويغضب لك قال هو فى ضحضاح من نار ولو لا ان لكان فى الدرك الاسفل من النار]''آپ نے اپنے چچا (ابوطالب) کے لئے کچھ نہ کیا جبکہ وہ آپ کی حفاظت کیا کرتے تھے اور آپ کی وجہ سے غصہ ہوتے تھے آپ نے فرمایا وہ جہنم کی سطح کے قریب ہیں اور اگر میں نہ ہوتا تو وہ جہنم کے نچلے ترین طبقے میں ہوتے''۔(بخاری مع الفتح کتاب مناقب الانصار باب قصة ابی طالب:193/7،مسلم کتاب الایمان باب التخفیف عن ابی طالب مع شرح مسلم للنووی:84/3)

نیز صحیح مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ [**فهل نفعه ذلک قال نعم وجدته فى غمرات من النار فاخرجته الى ضحضاح**]''تو کیا اسے (ابوطالب) کو یہ (خدمات) نفع دیں گی آپ نے فرمایا: ہاں میں نے انہیں جہنم کی لپیٹوں میں پایا تو میں انہیں جہنم کی سطح کے قریب لے آیا''۔ نیز ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آپ کے چچا ابوطالب کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا[**لعله تنفعه شفاعتى يوم القيامة فيجعل فى ضحضاح من النار يبلغ كعبيه يغلى منه دماغه**]''شاید کہ اسے بروز قیامت میری سفارش فائدہ پہنچادے، پھر اسے جہنم کی سطح کے قریب کردیا جائے آگ اس کے ٹخنوں تک پہنچے جس کی وجہ سے اس کا دماغ کھولے گا''۔(بخاری مع الفتح:93/7 کتاب مناقب الانصار باب قصة ابی طالب ، مسلم مع شرح نووی کتاب الایمان باب التخفیف عن ابی طالب:85/3)

نیز صحیح مسلم مع شرح نووی:85/3 کتاب الایمان میں ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا[**اهون اهل النار عذابا ابو طالب وهو منتعل بنعلين يغلى منهما دماغه**]''جہنم والوں میں سب سے ہلکا عذاب ابوطالب کا ہے اور وہ آگ کی دو جوتیاں پہنے ہوئے ہے ان جوتیوں کی وجہ سے اس کا دماغ کھولتا ہے''۔ امام نووی شرح مسلم (79/3) میں حدیث کہ''میرے والد اور تیرے والد آگ میں ہیں'' کی شرح میں فرماتے ہیں:''اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ جو حالت کفر میں مرے وہ جہنمی ہے اور اسے اس کے قریبی رشتہ دار بھی نفع نہ پہنچا سکیں گے اگرچہ وہ اللہ کے مقربین میں سے ہوں''۔

نیز عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ان کے والد حصین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہنے لگے

[ارايت رجلا كان يقرى الضيف ويصل الرحم مات قبلك وهو ابوك فقال ان ابى وابـاك وانـت فـى الـنار] ''اس شخص کے متعلق بتائیے جو مہمان نوازی اور صلہ رحمی کرتا تھا اور آپ سے پہلے ہی مر گیا اور وہ آپ کا والد ہے آپ نے فرمایا بے شک میرا والد اور تیرے والد اور تو خود جہنمی ہیں''۔ چنانچہ حصین بھی مشرک ہی مرا۔ (ملاحظہ ہو مجمع الزوائد للهيثمى: 117/1 امام ہیثمی فرماتے ہیں اس حدیث کو طبرانی نے روایت کیا اور اس کے رجال صحیح بخاری کے رجال ہیں)

نیز سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک دیہاتی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا [يـــا رسول الله اين ابى؟ قال فى النار قال أين ابوک؟ قال حيثما مررت بقبر كافر فبشره بـالـنـار] ''یارسول اللہ میرے والد کہاں ہیں فرمایا: جہنم میں اس نے کہا اور آپ کے والد فرمایا تو جہاں بھی کسی بھی کافر کی قبر سے گزرے تو اسے جہنمی ہونے کی خوشخبری دے دے''۔ (امام ہیثمی مجمع الزوائد 118/1: میں فرماتے ہیں: ''اسے بزار اور طبرانی نے کبیر میں روایت کیا ہے اور یہ اضافہ بھی کیا کہ وہ دیہاتی مسلمان ہو گیا اور کہنے لگا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے انتہائی مشکل کام سونپا ہے میں جس مشرک کی قبر سے بھی گزروں اسے جہنمی ہونے کی بشارت دیتا ہوں اور اس حدیث کے رجال صحیح بخاری کے رجال ہیں)

نیز ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہتی ہیں کہ [قلت يا رسول الله ان عمى هشام ابن المغيرة كـان يـطـعـم الطعام ويصل الرحم ويفعل ويفعل فلو ادركك اسلم فقال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم كـان يـعـطـى لـلـدنـيـا وحـمـدهـا وذكـرهـا مـا قـال يـوم قط اللهم اغفرلي يوم الـديـن] ''میں نے کہا یارسول اللہ میرے چچا ہشام بن مغیرہ کھانا کھلاتے اور صلہ رحمی کرتے اور فلاں فلاں کام کرتے تھے اور اگر آپ کو پا لیتے تو اسلام لے آتے۔ آپ نے فرمایا: وہ دنیا اور دنیا میں تعریف اور دنیا کی شہرت کے لئے کرتا تھا اور اس نے ایک دن بھی نہیں کہا کہ یا اللہ بروز جزاء مجھے بخش دینا''۔ (امام ہیثمی مجمع الزوائد: 118/1 میں فرماتے ہیں: اسے ابویعلیٰ نے اور طبرانی نے کبیر میں روایت کیا ہے اور اس کے رجال صحیح بخاری کے رجال ہیں)

نیز سلمہ بن یزید الجعفی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہتے ہیں [انـطلقت انا واخى وابى الى رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم قـال قـلـنـا يا رسول الله ان امنا مليكة كانت تصل الرحم وتقرى الضيف وتفعل

وتفعل هلكت فى الجاهلية فهل ذلك نافعها شيئا قال لا قلنا فانها وأدت اختا لها فهل ذلك نافعها شيئا قال الوائدة والموؤدة فى النار الا ان تدرك الوائدة الاسلام ليعفو الله عنها]''میں اور میرا بھائی اور میرے والد رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے کہتے ہیں ہم نے کہا یارسول اللہ! ہماری ماں ملیکہ جاہلیت میں مرگئی اور وہ صلہ رحمی کرتی تھی، مہمان نوازی کرتی تھی اور فلاں فلاں کام کرتی تھی تو کیا یہ اسے کچھ فائدہ دے گا آپ نے فرمایا نہیں کہتے ہیں ہم نے کہ اس نے اپنی ایک بہن کو زندہ درگور کردیا تھا تو کیا یہ اسے (یعنی ہماری خالہ جسے ہماری ماں نے زندہ درگور کیا) فائدہ دے گا آپ نے فرمایا زندہ درگور کرنے کرنے والی اور زندہ درگور کی گئی دونوں جہنمی ہیں الا یہ کہ درگو کرنے والی اسلام لے آئے تا کہ اللہ اس سے درگزر فرمادے''۔(امام ہیثمی مجمع الزوائد: 119/1 میں فرماتے ہیں: اسے امام احمد نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال صحیح بخاری کے رجال ہیں اور طبرانی نے کبیر میں اسی طرح روایت کی ہے)

اس کے علاوہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے مرتدین مقتولین کے متعلق جہنمی ہونے کی شہادتیں دی تھیں جبکہ وہ متعین اور معلوم افراد تھے جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں چنانچہ امام ثوری کی سند سے مروی ہے وہ قیس بن مسلم سے اور وہ طارق بن شہاب سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ''جب بزاخہ یعنی اسد اور غطفان کا وفد ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس صلح کرنے کے لئے آیا تو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے انہیں اختیار دیا کہ یا تو انتہائی سخت جنگ کریں یا انتہائی رسوائی کے تیار رہیں، تو وہ کہنے لگے اللہ کے رسول کے خلیفہ سخت جنگ سے تو ہم واقف ہیں یہ انتہائی رسوائی کیا ہوگی؟ فرمایا تم سے تمہارے دودھ دینے والے چوپائے اور قابل زراعت زمینیں لے لی جائیں گی اور تمہیں ایسی قوم کی حیثیت دی جائے گی جو اونٹوں کے پیچھے چلتے ہیں حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کے خلیفہ اور مومنوں کو کوئی ایسی بات سجھادے کہ وہ اس کے سبب تمہیں معذور قرار دے دیں نیز تم نے ہم سے جو کچھ لیا ہے وہ واپس کرو گے اور ہم نے تم سے جو کچھ لیا وہ واپس نہ کریں گے اور تم اپنے مقتولین کے متعلق گواہی دو گے کہ وہ جہنمی ہیں اور ہمارے مقتولین جنتی ہیں اور تم ہمارے مقتولین کی دیت دو گے اور ہم تمہارے مقتولین کی دیت نہیں دیں گے تو عمر رضی اللہ عنہ کہنے لگے آپ کی یہ بات کہ تم ہمارے مقتولین کی دیت دو گے تو حقیقت یہ ہے کہ ہمارے مقتولین تو اللہ کے حکم کی بناء

پر قتل کیئے گئے چنانچہ ان کی دیت نہیں ہونی چاہیے چنانچہ عمر رک گئے اور دوسری مرتبہ میں عمر رضی اللہ عنہ نے کہا آپ کی رائے ہی بہتر ہے"۔(ملاحظہ ہو البداية والنهاية لابن كثير: 3-351/6، نیز ابو بکر باقلانی نے اسے المستخرج میں اور حمیدی نے الجمع بين الصحيحين میں اور برقانی نے اسے بخاری کی سند سے ہی تفصیل کے ساتھ روایت کیا ہے جبکہ بخاری نے مختصر روایت کی ہے ملاحظہ ہو فتح الباری: 210/13)

البتہ امام بخاری نے یہ روایت ثوری کی سند سے مختصراً روایت کی ہے کہتے ہیں: "مجھے قیس بن معمر نیے طارق بن شہاب سے روایت بیان کی انہوں نے ابو بکر رضی اللہ عنہ سے روایت کی انہوں نے بزاخہ کے وفد سے کہا کہ تم اونٹوں کی دموں کے پیچھے چلو گے حتی کہ اللہ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ اور مہاجرین کو کوئی بات سجھادے کہ وہ اس کی وجہ سے تمہیں معذور قرار دے دیں"۔(صحيح بخاری مع الفتح كتاب الاحكام باب الاستخلاف: 206/13 حدیث نمبر 7221 اسی وجہ سے حافظ ابن حجر (فتح الباری: 210/13) میں فرماتے ہیں: اور ان کا قول کہ "تمہارے مقتولین جہنمی ہوں گے" اس کا معنی ہے کہ دنیا میں ان کی دیتیں نہ ہوں گی کیونکہ وہ اپنے شرک پر ہی مرے لہٰذا ان کا قتل حق ہے چنانچہ ان کی دیت نہیں ہوگی۔ پھر آگے چل کر فرماتے ہیں: ظاہر یہی ہوتا ہے کہ انہیں ایک ٹارگٹ تک مہلت دینے کا مطلب یہ تھا کہ ان کی توبہ اور نیکی اور اسلام کی عمدگی ظاہر ہو جائے۔ فتح الباری: 211/13)

ان آثار سے ہمارے موقف (کہ مرتدین کے مقتولین متعین طور پر جہنمی اور کافر ہوں گے) کی دلیل یہ ہے کہ ابو بکر رضی اللہ عنہ نے وفد بزاخہ اسد وغطفان سے کہا کہ "تمہارے مقتولین جہنمی ہوں گے" اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی ان سے موافقت کی لہٰذا یہ مرتدین کے حامی و مددگار و کے متعین طور پر کافر ہونے پر صریح اجماع سکوتی ہے۔

کیا طاغوت کے حامیوں اور مددگاروں کے متعلق یہ شرط لگائی جائے گی کہ ان میں اسباب کفر وافر طور پر موجود ہوں اور موانع کفر نہ ہوں؟

لیکن کیا طاغوت کے حامیوں اور مددگاروں کے متعلق یہ شرط لگائی جا سکتی ہے کہ ان میں اسباب کفر بہت زیادہ ہوں نیز موانع کفر (وہ سبب جو انہیں کافر قرار نہ دینے دے) بھی نہ ہوں؟ اس سوال کے جواب میں ہم کہتے ہیں کہ: اہل علم کے نزدیک کسی کو کافر قرار دینے کا اصول یہ ہے کہ جو شخص ایسی بات کہے یا ایسا کام کرے جس کے مرتکب کے کافر ہونے کا فیصلہ شارع نے دیا ہو تو وہ اس کفریہ قول کے

کہنے یا اس کفریہ فعل کے کرنے کے ساتھ ہی کافر ہو جائے گا بشرطیکہ اس کے حق میں اسباب کفر وافر ہوں اور موانع کفر بھی نہ ہوں۔

کفر کا حکم لگانے کی شروط درج ذیل ہیں:

کفریہ قول وفعل کا مرتکب عاقل ہو، بالغ ہو تو وہ بلاشبہ کافر ہے۔

اوراس کے حق میں موانع تکفیر (موانع جمع ہے مانع کی اس سے مراد رکاوٹ ہے یعنی اس پر کفر کا حکم لگانے میں جو چیز رکاوٹ ہو اسے مانع کہتے ہیں) سے مراد ہے کہ وہ بچہ نہ ہو، نہ ہی پاگل یا ناقص العقل ہو، اور نہ ہی حکم شرعی سے جاہل ہو، نیز اس سے کفریہ قول وفعل حالت نیند یا بھول سے یا عقل ختم ہونے کے وقت صادر نہ ہوا ہو، جیسے شدید ترین غصے یا شدید ترین خوشی کی حالت میں جیسا کہ ایک حدیث میں آتا ہے کہ ایک شخص نے کہا تھا [اللھم انت عبدی وانا ربک اخطأ من شدة الفرح] ''یا اللہ تو میرا بندہ اور میں تیرا رب ہوں اس نے خوشی کی شدت سے غلط کہہ دیا''۔ اور اجتہاد کرنے میں غلطی یا دلیل شرعی کا کفر پر قطعی الدلالۃ نہ ہونا، یا قول وفعل کا کفر ہونے میں غیر صریح ہونا بھی موانع کفر میں داخل ہے۔ لیکن ان شروط اور موانع کا اعتبار اس شخص کے متعلق ہو گا جس پر قدرت پالی جائے لیکن جس کے خلاف طاقتور ہونے کی وجہ سے یا کسی جماعت کے ہونے کی وجہ سے کاروائی نہ کی جاسکتی ہو اس کے متعلق ان شروط کا اعتبار نہیں کیا جائے گا جیسے مرتدین اور مانعین زکاۃ اور طاغوت کے حامی ومددگاران کے متعلق شروط تکفیر کے وافر ہونے اور موانع کفر کے نہ ہونے کی شرط نہیں لگائی جائے گی اوراس کی دلیل یہ ہے کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مرتدین اور مانعین زکاۃ سے قتال کیا جبکہ ان کے حق میں شروط کفر وافر نہ تھیں نہ ہی موانع کفر کا معاملہ واضح تھا اوراس کی وجہ یہ ہے کہ مرتدین جو عرب کے بہت سے قبیلے تھے ان کی تعداد اس قدر زیادہ تھی کہ اس شرط کے وجود یا عدم وجود کو معلوم کرنے کی کوئی صورت ممکن نہ تھی اور اس بارے میں امام ابن کثیر رحمہ اللہ البدایۃ والنہایۃ :3-342/6 میں فرماتے ہیں: ''جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی تو بہت سے قبیلے مرتد ہو گئے اور مدینہ میں نفاق عام ہو گیا اور بنوحنیفہ مسیلمہ کذاب کے پاس اور بہت سے لوگ یمامہ چلے گئے اور بنواسد اور بنوطے اور بہت سے لوگ طلحہ

اسدی کی طرف متوجہ ہوگئے اور اس نے بھی مسیلمہ کذاب کی طرح نبوت کا دعویٰ کر دیا اور صورتحال بگڑی حالات انتہائی سنگین ہوگئے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اسامہ رضی اللہ عنہ کے لشکر کو بھی روانہ کر دیا لہٰذا ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس لشکر کم پڑ گیا تو بہت سے بدو مدینہ کی طرف نیت خراب کرنے لگے اور ایک دوسرے کو اس پر حملہ کرنے کے لئے آمادہ کرنے لگے چنانچہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مدینہ کے راستوں پر چوکیدار متعین کر دیئے جو چھوٹے لشکروں کے ساتھ پہرہ دیتے............

نیز محمد بن اسحاق رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت مکہ کی مسجد حرام اور مدینہ کی مسجد نبوی والوں کے علاوہ سارا عرب مرتد ہوگیا اسد، غطفان مرتد ہوگئے ان کا بڑا طلیحہ بن خویلد الاسدی کاہن تھا اور کندہ اور ان کے اریب قریب کے علاقے والے بھی مرتد ہوگئے اور ان کا بڑا اشعث بن قیس کندی تھا اور مذحج اور اس کے قریب کے علاقے والے مرتد ہوگئے اور ان کا بڑا اسود بن کعب عنسی کاہن تھا اور ربیعہ معرور بن نعمان بن منذر کے ساتھ مرتد ہوگئے اور حنیفہ مسیلمہ بن حبیب کذاب کے ساتھ مل گئے اور سلیم فجأۃ جس کا نام انس بن عبد یالیل تھا کے ساتھ مل گئے اور بنو تمیم سجاح کاہنہ کے ساتھ مل گئے''۔ (ملاحظہ ہو البدایة والنهایة لابن کثیر: 3-344/6 واضح رہے یہ سب مختلف قبائل کے نام ہیں)

میں کہتا ہوں: ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں جب ارتداد سارے عرب میں پھیل گیا تو کیا یہ تصور کیا جاسکتا ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کے متعلق شروط کفر وافر ہونے اور موانع کفر کے نہ ہونے کا اعتبار کیا ہو؟ اور ایسا کرنے کے بعد ہی ان سے قتال کیا ہو؟ یہ ناممکن ہے اسی بناء پر انہوں نے ان سے قتال میں تیزی دکھائی کیونکہ مرتدین کے پاس طاقت تھی یا جماعت تھی امام یا خلیفہ وقت کے قبضے میں آنا اور پھر امام یا خلیفہ وقت کا انہیں اسلامی احکامات کا پابند کرنا ناممکن تھا کیونکہ ان کے پاس اپنی قوت اور اپنی جماعت تھی اور یہ بات طے شدہ ہے کہ جس پر اس کی قوت یا عددی کثرت کی بناء پر قابو نہ پایا جاسکتا ہو اس کے متعلق شروط کفر کے وافر ہونے اور موانع کفر کے نہ ہونے کا اعتبار ممکن نہیں رہتا اس لئے ان کے بغیر ہی اس سے قتال کیا جاتا ہے اور اس لئے بھی کہ جن پر قابو پالیا جائے اور جن پر قابو نہ پایا

جا سکتا ہو دونوں کا حکم مختلف ہوتا ہے مثلاً جس کے پاس قوت ہو یا عددی کثرت یا وہ جماعت ہوں جیسے باغی، یا ڈاکو ہوں، یا جنگجو ہوں، یا مرتدین اور ان جیسے دیگر تو علماء ان میں مقدور غلبہ (یعنی جس پر قابو پا لیا جائے) اور غیر مقدور علیہ (یعنی جس پر قابو نہ پایا جا سکتا ہو) کا فرق کرتے ہیں۔

چنانچہ امام ابوبکر الحسینی الشافعی اپنی کتاب کفایۃ الاخبار صفحہ 491 باب قتال البغاۃ میں فرماتے ہیں: ''باغیوں سے تین شرطوں کے ساتھ لڑا جا سکتا ہے:

1): ان کے پاس قوت ہو۔

2): وہ امام کے قابو سے باہر ہوں۔

3): ان کے پاس کوئی وجہ جواز ہو۔

پھر صفحہ 492 پر اس کی شرح میں فرماتے ہیں: ''باغیوں کی چند صفات ہوتی ہیں جن کی بناء پر وہ امام سے دیگر بغاوت کرنے والوں سے ممتاز ہو جاتے ہیں ان میں سے ایک شرط یہ بھی ہے کہ ان کے پاس قوت ہو، اس طرح کہ عددی کثرت ہو کہ امام کو انہیں تابع کرنے میں مشکلات درپیش ہوں اور مال وزر خرچ کرنا پڑے اور افراد تیار کرنا پڑیں اور باقاعدہ لڑائی لڑنا پڑے اور اگر وہ چند افراد ہوں جن پر قابو پانا آسان ہو پھر وہ باغی نہیں اور محقق علماء کے نزدیک راجح قول کے مطابق ان کے کسی بستی یا صحراء میں اکیلے ہونے کی شرط نہیں لگائی جائے گی، رافعی کہتے ہیں: ''بسا اوقات امام کے قبضے سے نکل جانے کا بھی اعتبار کیا جاتا ہے اور شیخ کے نزدیک دوسری شرط یہی ہے''۔

میں کہتا ہوں: ان کے قول میں شیخ سے مراد امام اصبہانی ہیں جنہوں نے **متن الغایۃ** اور تقریب لکھی ہے اور یہ اس لئے کہ کفایۃ الاخبار اسی متن مذکور کی شرح ہے۔

نیز شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ مجموع الفتاویٰ: 349/28 میں فرماتے ہیں: ''اللہ اور اس کے رسول کے نافرمان کے لئے شریعت کی بیان کردہ سزائیں دو طرح کی ہیں: (۱): مقدور علیہ (جس پر قابو پا لیا جائے۔ (۲): غیر مقدور علیہ (جس پر قابو نہ پایا جا سکتا ہو) کی سزائیں مثلاً وہ جماعت جس کے پاس طاقت ہو اور اس سے لڑے بغیر اس پر قابو نا ممکن ہو''۔ نیز امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ''وہ

امام کی بغاوت کر کے اور اس کی اطاعت چھوڑ کر یا ان کے ذمے اس کے حق کی ادائیگی سے رک کر امام کی مخالفت کرنے والے (باغی) ہیں شرط یہ ہے کہ ان کے پاس قوت ہو یا کوئی تاویل ہو اور ان میں کوئی ایسا ہو جس کی اطاعت کی جاتی ہو۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ان کا کوئی امیر بھی ہو۔(منھاج الطالبین - کتاب البغاۃ)

اس کے شارح خطیب شربینی (مغنی المحتاج : 124-123/4) میں فرماتے ہیں: ''امام کے مخالفین باغی قرار پائیں گے بشرطیکہ ان کے پاس شوکت ہو یعنی کثرت وقوت اگرچہ کسی قلعہ میں ہی ہو جہاں قلعہ بند ہو کر امام سے مقابلہ ممکن ہو اور انہیں فرمانبردار بنانے کے لئے مال خرچ کرنے اور افراد حاصل کرنے کی ضرورت پڑے............پھر فرماتے ہیں: اور انہیں باغی قرار دینے کی یہ شرط کہ ''ان میں کوئی ایسا ہو جس کی اطاعت کی جاتی ہو، یعنی اس کی اتباع کی جاتی ہو۔ جس کی وجہ سے انہیں قوت حاصل ہو اگرچہ ان کا کوئی امیر مقرر نہ ہو جس سے وہ مشورہ کرتے ہوں کیونکہ اگر کوئی مقتدی انہیں متحد نہ رکھے تو ایسے طاقتور لوگ نہیں بن سکتے اور یہی بات رافعی نے امام کے متعلق نقل کی ہے اور ان کے کلام سے ظاہر ہوتا ہے کہ امام قوت کے حصول کے لئے شرط ہے نہ کہ الگ مستقل شرط ہے مستقل شرط قوت ہے جیسا کہ ان کی کتاب اور تحریر سے واضح ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ انہوں نے تحریر میں صرف دو شرطیں (۱): ان کے پاس قوت ہو۔ (۲): لڑائی لڑے بغیر ان پر قابو نہ پایا جا سکتا ہو۔ لکھی ہیں اور کسی مقتدی کے ہونے کو حصول قوت کو قید قرار دیا ہے۔

نیز احکام القرآن للجصاص 52/4 میں ہے: ''یہ بات طے ہے کہ مرتدین کے متعلق اس سلسلے میں اختلاف نہیں ہے کہ قابو پا لینے کے بعد توبہ کرنے سے ان سے سزا ساقط ہو جائے گی ایسے ہی قابو پا لیے جانے سے پہلے بھی توبہ ان سے سزا ساقط کر دیتی ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے قابو پا لیے جانے سے پہلے اور بعد ان کی توبہ میں فرق کیا ہے۔ اس سے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان مراد ہے [اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهِمْ. (مائدۃ:34)] ''سوائے ان لوگوں کے جو اس سے پہلے توبہ کر لیں کہ تم ان پر قابو پا لو'۔ آگے چل کر لکھتے ہیں کہ: باغیوں سے حد کے ساقط ہونے کی شرط یہ ہے کہ قابو پا لیے جانے سے

پہلے ہی وہ توبہ کرلیں البتہ کفر کی تہمت ان سے توبہ کے سبب ہر حال میں ساقط ہوجائے گی خواہ قابو پالیے جانے سے پہلے توبہ کریں یا بعد میں۔

نیز خطیب شربینی مغنی المحتاج 140/4 میں فرماتے ہیں: ''اور مرتد اگر جنگ کرے تو اس سے توبہ کا مطالبہ نہیں کیا جائے گا''۔

میں کہتا ہوں: اس کی وجہ یہ ہے کہ قابو پائے جانے سے پہلے جب وہ جنگ کررہا ہوگا تو لازماً وہ قوت اور کثرت میں ہوگا۔

اور ابن رشد بدایۃ المجتہد 357/2 میں ''باغی کی توبہ کی وجہ سے اس سے حد ساقط ہوجائے گی'' اس سلسلے میں فرماتے ہیں: خلاصہ یہ کہ اس کی توبہ اس صورت میں صحیح ہوگی جب وہ امام کے پاس قابو پالے جانے سے پہلے ہی تائب ہوکر آجائے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اگر وہ قابو پائے جانے سے پہلے توبہ کا فقط اعلان کردے تب بھی توبہ صحیح ہے (یعنی اگر چہ تائب ہوکر امام کے پاس آئے) یہ بھی کہا جاتا ہے کہ دونوں باتیں ممکن ہیں لیکن جس باغی کی توبہ قبول کی جاسکتی ہو اس کی صفات کیا ہوں گی اس بارے میں تین اقوال ہیں: 1): وہ دارالحرب میں چلا جائے۔ 2): اس کی جماعت ہو۔ 3): جیسا بھی ہو اس کی جماعت ہو یا نہ ہو وہ دارالحرب میں چلا جائے یا نہ جائے۔

نیز شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ (الصارم المسلول :255) میں فرماتے ہیں: ''عہد توڑنے والے دو طرح کے ہیں (۱): طاقتور جس پر لڑے بغیر قابو نہ پایا جاسکے۔ (۲): جو مسلمانوں کے قابو میں ہوں۔ پہلی قسم کے لوگوں سے مراد ہے کہ ان کے پاس قوت وشوکت اور اسی کی بناء پر وہ امام کو جزیہ دینے یا ریاستی قوانین ماننے سے انکار کردیں جبکہ ان پر کسی نے ظلم بھی نہ کیا ہو یا وہ دارالحرب کو اپنا وطن بنالیں تو یہ لوگ بالا جماع عہد شکن کہلائیں گے۔ نیز صفحہ 265 پر ذمیوں کی عہد شکنی کے متعلق گفتگو کرتے ہوئے فرماتے ہیں: دوسری قسم کے لوگ جب امام کے حکم سے نہ رکیں تو ابوحنیفہ کے نزدیک یہ عہد شکن نہ ہوں گے اور ان کے نزدیک ذمیوں کا عہد اسی صورت میں ٹوٹ سکتا ہے جب ان کے پاس قوت وشوکت ہو جس کی بناء پر وہ امام کی اطاعت سے رک جائیں اور ان پر احکامات شرعیہ کا اجراء ممکن

نہ رہے یا وہ دارالحرب میں چلے جائیں کیونکہ اگر وہ طاقتور نہ ہوتے تو امام کے لئے ممکن تھا کہ ان پر حدود کو نافذ کردے اور ان سے حقوق حاصل کرنے اس صورت میں وہ قصوروار ہوں گے جس طرح امام سے باغی غیر طاقتور شخص قصوروار ہوتا ہے''۔

میں کہتا ہوں: طاقتور اور جو قابو میں ہو ان کے متعلق علماء باغی یا مرتد یا جنگجو کا حکم لگانے میں فرق کرتے ہیں ان میں سے جو طاقتور ہو یا تعداد میں ہوں جیسے طاقتور جماعت اور یہ امام کے قابو میں آنے سے پہلے ہی توبہ کر لیتے ہیں ان کی توبہ قبول کی جائے گی اور یہ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے قابو پائے جانے سے پہلے اور بعد میں توبہ میں فرق کیا ہے چنانچہ فرمایا[اِلَّا الَّذِیۡنَ تَابُوۡا مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ تَقۡدِرُوۡا عَلَیۡهِمۡ فَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ. (مائدۃ:34)] ''مگر وہ لوگ جو توبہ کرلیں اس سے پہلے ہی کہ تم ان پر قابو پاؤ تو جان لو کہ بے شک اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے''۔ اسی بناء پر شیخ الاسلام الصارم المسلول 387-388 پر فرماتے ہیں: ''جان لیجئے کہ یہ آیت فساد کرنے والوں کی بہت سی اقسام کو جمع کررہی ہے اور اس آیت کی اس عنوان پر جہت قول دلالت ہے شرط یہ ہے کہ اس میں غوروفکر کیا جائے نیز میرے علم کے مطابق کوئی شیئے اس دلالت کی نفی بھی نہیں کرتی سوا گر کوئی کہے کہ اس آیت میں اس بات کی دلیل ہے کہ ''یہاں بغاوت سے مراد قوت کے ساتھ بغاوت کرنا ہے'' یہ ہے فرمایا[اِلَّا الَّذِیۡنَ تَابُوۡا مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ تَقۡدِرُوۡا عَلَیۡهِم] ''مگر وہ لوگ جو توبہ کرلیں اس سے پہلے ہی کہ تم ان پر قابو پاؤ'' کیونکہ یہ قابو پالینا اسی شخص کے متعلق کہا جاسکتا ہے جو طاقتور ہو جبکہ شاتم (نبی ﷺ کی شان میں گستاخی کرنے والا) طاقتور نہیں ہوتا تو اس کی اس بات کے بہت سے جوابات ہیں:

① اگر مستثنیٰ کیا گیا شخص طاقتور ہے تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ جسے اس آیت کے حکم سے مستثنیٰ نہیں کیا گیا وہ بھی طاقتور ہو کیونکہ ممکن ہے کہ یہ آیت ہر اس باغی کے متعلق عام ہو جو زبان سے بغاوت کرے یا ہاتھ سے پھر اس میں سے اس طاقتور کو مستثنیٰ قرار دیا گیا ہو جو قابو میں آنے سے پہلے ہی توبہ کرے چنانچہ جس پر قابو پالیا گیا ہو وہ تو مطلق رہا (یعنی اس کی توبہ قضاء تو معتبر نہ ہوگی البتہ دیانۃً اللہ اور اس کے رسول کے مابین ہیں۔ واللہ اعلم۔ مترجم) اور جو طاقتور ہوا گر وہ بھی قابو میں آنے کے

بعد توبہ کرے تو وہ بھی اطلاق میں داخل ہوگیا۔ نیز الصارم المسلول ہی کے صفحہ 369 پر بیان کرتے ہوئے کہ ''جو اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ ہاتھ سے یا زبانی بغاوت کرتے ہوئے مرتد ہو جائے اس سے توبہ کا مطالبہ نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی اس کی توبہ قبول کی جائے گی کیونکہ اس کا کفر اور اس کا جرم بہت بڑا ہے''۔ فرماتے ہیں: خلاصہ یہ کہ جو اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ ہاتھ یا زبان سے بغاوت کرتے ہوئے مرتد ہو جائے تو سنت جو کہ اللہ کی کتاب کی تفسیر ہے وہ اس بات پر دلالت کرتی ہے جو کفر میں بڑھتا ہی رہے اس کی توبہ اس سے قبول نہیں کی جاتی''۔

میں کہتا ہوں: ائمہ دین اور علماء کبار سے نقل کردہ ان تمام اقوال کا خلاصہ یہ ہوا کہ مرتدین کے مددگاروں کی متعین طور پر کافر ہونے کے متعلق یہ شرط نہیں لگائی جائے گی کہ ان میں اسباب کفر وافر ہوں نیز موانع کفر بھی نہ ہوں نہ ہی ان سے توبہ کے مطالبے کی شرط لگائی جائے گی جب تک کہ ان پر قابو نہ پایا جاسکے کیونکہ وہ قوت اور تعداد کے ساتھ احکامات شرعیہ سے باغی ہیں نیز خلفاء راشدین کا مرتدین اور مانعین زکاۃ نیز باغیوں اور فسادیوں جیسے ڈاکوؤں اور راہزنوں سے قتال بھی اس بات کی دلیل ہے اور بعینہ یہی حکم طاغوت کے حامیوں اور مددگاروں پر بھی ثابت ہوگا کیونکہ ان کے مرتد ہونے کی بنیاد واضح ہے اور ان کا اپنی زبانوں اور اپنے ہاتھوں کے ذریعے اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کرنا بھی طے شدہ ہے اور ان کے کفر میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے جب وہ دین کو اور مخلص دینداروں کو بجائے دوست بنانے اور ان کی مدد کرنے کے نقصانات پہنچاتے ہیں اور انہیں ایذائیں دیتے ہیں اور کافروں کو اپنا دوست بناتے ہیں اور طاغوت اور شیطان کے غلبے کے لئے اور امریکہ کے مسلمانوں پر غلبے کے لئے ان کی جنگ لڑتے ہیں اس کے باوجود بھی اگر کوئی کہے کہ کتاب وسنت اور اجماع صحابہ سے ثابت ہے کہ مرتد کی توبہ ہر حال میں قبول کی جائے گی خواہ وہ فقط مرتد ہو یا مرتد ہونے کے ساتھ ساتھ اس میں دیگر اسباب کفر بھی ہوں اور اس کا کفر وارتداد زبانی ہو یا ہاتھ کے ذریعے یا کسی بھی طرح تو بلاشبہ اس نے واضح غلطی کی اور ہمارے ذکر کردہ دلائل وآثار واقوال میں مطلوب ومقصود پوری طرح واضح اور سمجھ میں آنے والا ہے۔ واللہ ھوالموفق للصواب

(واضح رہے کہ کوئی کافر یا مرتد یا باغی اپنے کفر میں کس قدر بڑھ جائے اگر صدق دل سے توبہ کر لے تو اس کی توبہ قبول کی جائے گی جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا[اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغۡفِرُ اَنۡ یُّشۡرَکَ بِہٖ وَ یَغۡفِرُ مَا دُوۡنَ ذٰلِکَ لِمَنۡ یَّشَآءُ. (نساء؛116)] ''یقیناً اللہ اس بات کو معاف نہیں کرے گا کہ اس کے ساتھ شرک کیا جائے اور اس کے سوا جس کے لئے چاہے گا بخشش فرما دے گا''۔یعنی اگر کوئی شرک وکفر پر ہی مر گیا تو اس کے لئے بخشش نہیں ہے البتہ اگر مرنے سے پہلے توبہ کر لی تو اللہ بخشنے پر قادر ہے دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی لیکن بعض صورتوں میں بظاہر اس کی توبہ کا اعتبار نہیں کیا جائے گا اگر چہ اس نے توبہ صدق دل سے کی ہو مثلاً اگر کوئی اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ جنگ کرتا ہے بغاوت کرتا ہے مرتد ہو جاتا ہے اور پھر امام المسلمین کے پاس اس سے پہلے ہی تائب ہو کر آ جاتا ہے کہ مسلمانوں کا امام اس قابو پائے بشرطیکہ امام ہو اور جماعت بھی ہو اور اگر امام المسلمین نہ ہو نہ ہی جماعت ہو تو پھر موت سے پہلے توبہ کر کے طائفہ منصورہ کے ساتھ جا ملتا ہے اور اپنی اصلاح کر لیتا ہے تو ان صورتوں میں اس کی توبہ کو ظاہر کے اعتبار سے بھی قبول کر لیا جائے گا لیکن اگر اس وقت تائب ہوتا ہے جبکہ امام المسلمین جنگ کے بعد اس پر قابو پا لیں تو اس صورت میں بظاہر اس کی توبہ معتبر نہ ہو گی اگر چہ اس نے صدق دل سے توبہ کی ہو لہٰذا اس پر حد شرعی یعنی حد ارتداد نافذ کی جائے گی البتہ حقیقت کے اعتبار سے اللہ ہی دلوں کے حال جانتا ہے ممکن ہے وہ توبہ قبول کر لے اور اس کی نیت کے مطابق اسے دوبارہ زندہ کر کے، یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس صورت میں امام المسلمین کو اختیار ہو گا چاہے تو قتل کر دے چاہے تو کوئی اور سزا دے یہی رائے اقرب الی الصواب معلوم ہوتی ہے۔واللہ اعلم بالصوب۔مترجم)

کیا طاغوت کے حامیوں اور مددگاروں کا عذر جہالت قبول ہو گا؟

یہاں ہم ایک انتہائی اہم مسئلے کی طرف بھی اشارہ کر دیں جسے بعض لوگ اکثر ذکر کرتے رہتے ہیں وہ یہ کہ: کیا طاغوت کے حامیوں اور مددگاروں کا عذر جہالت قبول کیا جائے گا یا نہیں؟ یعنی کیا لوگوں کا اس بات سے نابلد اور ناواقف ہونا کہ اللہ کے قوانین کو بدلنے والے حکام کافر اور مرتد ہوتے ہیں یہ جہالت اور ناواقفیت ان کے لئے اس بات کو جائز قرار دے سکتی ہے کہ وہ اس مرتد حاکم کے لشکر اور اس

کی عسکری اور پرامن مہمات میں شامل ہو جائیں یا نہیں اور کیا ایسا کرنے والا اپنی جہالت اور نادانی کی بناء پر معذور قرار پائے گا یا نہیں؟

میں کہتا ہوں: ہم بیان کر آئے ہیں کہ مرتد حکام کے حامیوں اور مددگاروں کے کافر ہونے میں یہ شروط نہیں لگائی جاسکتیں کہ ان میں اسباب کفر وافر ہوں اور ان کے حق میں موانع کفر بھی نہ ہوں اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ مرتد حاکم اور اس کی حکومت کو قوت کی بناء پر احکام شرعیہ سے بغاوت کرتے ہیں اور ہم یہ بتا چکے ہیں کہ جو کسی قوت یا عددی کثرت کی بناء پر بغاوت کرتا ہے اس کا حکم اس شخص سے مختلف ہوتا ہے جو مسلمانوں کے قابو میں ہوتا ہے یا امام کے زیر اختیار ہوتا ہے یا اس طرح کی کوئی اور صورت ہوتی ہے۔ اگر چہ جہل یعنی حکم شرعی سے ناواقفیت موانع کفر (ہم پہلے بتا چکے ہیں کہ اس سے مراد وہ اسباب ہیں جن کی بناء پر کفر کا حکم نہ لگایا جاسکتا ہو۔ مترجم) کی بحث میں ذکر کیا جاتا ہے لیکن علماء نے جہل کو دو قسموں میں تقسیم کیا ہے:

① جس جہالت کی بناء پر انسان معذور قرار پاتا ہے۔

② جس جہالت کی بناء پر انسان معذور قرار نہیں پاتا۔

تو جہاں جہالت انسان کے لئے عذر ثابت ہوتی ہے اس سے مراد وہ مسائل ہیں جن کی حقیقت واضح نہ ہو۔ مثلاً وہ مخفی مسائل جن کے متعلق آئمہ اسلام میں اختلاف رہا ہے اور وہ ان میں متفق نہیں ہو سکے جیسے وہ اجتہادی مسائل جن میں آئمہ مجتہدین کے مختلف اجتہادات ہوتے ہیں اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ ان مسائل قطعی الدلالۃ اور قطعی الثبوت نص نہیں ہوتا، یا ایسے ہی اگر کوئی نیا مسلمان ہوا ہو یا دور دراز کے کسی دیہات میں پلا بڑھا ہو جہاں کوئی احکامات شرعیہ کو جاننے والا نہ ہو یا احکامات شرعیہ کو جاننا کسی وجہ سے ممکن نہ ہو تو ان صورتوں میں جہالت عذر بن سکتی ہے۔ لیکن جہاں جہالت کو ختم کرنا اور حکم شرعی سے واقف ہونا انسان کے لئے ممکن ہو یا مسائل ایسے ہوں کہ کسی کے لئے اس بات کی گنجائش نہ ہو کہ وہ ان سے جاہل اور کورا ہی رہے (بشرطیکہ مجنون یا دیوانہ نہ ہو) مثلاً ایمان، توحید شرک وکفر، الولاء والبراء (اللہ کے لئے دوستی اور اللہ کے لئے دشمنی) ارکان اسلام، ارکان ایمان، نواقض اسلام اور نواقض

ایمان کا علم، توحید کا اعتبار ختم کر دینے والے امور کا علم، اور حلال وحرام اور ایسے ہی دیگر مسائل کا علم کہ کسی بالغ اور عاقل کے لئے اس بات کی گنجائش نہیں ہوتی کہ وہ ان سے جاہل اور ناواقف رہے تو اس طرح کے مسائل میں جہالت اس کے لئے عذر نہیں بن سکتی خواہ وہ جاہل ہونے کا دعویٰ کرے یا اپنی جہالت کو عذر بنائے کیونکہ اس پر فرض ہے کہ وہ ان مسائل کا علم حاصل کرے اور اہل علم سے ان کے متعلق سوال کرے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا[فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ.(نحل: 43)] ''پس تم اگر نہیں جانتے ہو تو اہل علم سے سوال کر لیا کرو''۔ اب جو علم حاصل کرنے میں کمی کوتاہی کرے تو وہ معذور قرار نہیں پائے گا۔

قرافی مالکی (الفروق: 264/4) میں فرماتے ہیں: ''قاعدہ شرعیہ اس بات کی دلیل ہے کہ ہر وہ جہالت جس سے بچنا اور جسے دور کرنا مکلّف کے لئے ممکن ہو وہ جہالت اس کے لئے عذر نہیں بن سکتی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں کو اپنی مخلوق کی طرف اپنے پیغامات دے کر بھیجا اور اس پر فرض کر دیا کہ وہ ان پیغامات کا علم حاصل کریں اور ان کے مطابق عمل کریں چنانچہ علم حاصل کرنا اور عمل کرنا دونوں فرض ہیں جو نہ تو علم حاصل کرے نہ ہی عمل کرے اس نے دو نافرمانیاں کیں اور دو فرائض کا تارک ہوا''۔

نیز ابن اللحام حنبلی (القواعد والفوائد الاصولیہ: 58) میں فرماتے ہیں: ''کسی بھی حکم شرعی سے جاہل اس وقت معذور قرار پائے گا جب اس نے اس حکم کو سیکھنے میں کمی کوتاہی نہ کی ہو لیکن اگر اس نے اسے سیکھنے میں کمی کوتاہی کی ہو تو وہ یقیناً معذور نہیں ہوگا''۔

نیز امام شافعی (الرسالۃ: 357) میں فرماتے ہیں: ''بعض علم ایسے ہیں کہ کسی بالغ عاقل کے لئے گنجائش نہیں ہوتی کہ وہ ان سے ناواقف رہے مثلاً پانچ نمازیں، اور ماہ رمضان کے روزے اور حج بیت اللہ جبکہ استطاعت ہو اور زکاۃ اور یہ کہ ان پر زنا قتل اور چوری اور شراب نوشی حرام ہے ایسے ہی دیگر احکام''۔

نیز شیخ محمد بن عبدالوہاب النجدی فرماتے ہیں: ''جس پر (بسبب جہالت) حجت قائم نہیں ہو سکتی

اس سے مراد وہ شخص ہے جو نو مسلم ہو یا کسی دیہات میں پلا بڑھا ہو یا مسئلہ مخفی ہو جیسے حرف عطف تو اسے اس وقت تک کافر قرار نہیں دیا جا سکتا جب تک وہ ان سے واقف نہ ہو لیکن دین کی بنیادی باتیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں بیان کر دیا ہے تو ان میں اللہ کی طرف سے قرآن کی صورت میں حجت قائم ہے جس تک قرآن پہنچ گیا گویا اس تک حجت بھی پہنچ گئی"۔(مجموعة مولفات الشيخ محمد بن عبدالوهاب:11/3)

نیز الدرر السنیۃ (224/8) میں فرماتے ہیں: "شخص متعین جب ایسی بات کہے جو کفر کو لازم کرتی ہو تو اس پر کفر کا حکم اس وقت تک نہ لگے گا جب تک اس پر ایسی حجت قائم نہ کر دی جائے جس کا تارک کافر ہو جاتا ہے اور یہ اصول ان مخفی مسائل میں ہے جن کی دلیل بعض لوگوں پر پوشیدہ رہتی ہے لیکن ان میں سے اگر کوئی صاف اور واضح مسائل میں واقع ہو یا ایسے مسائل دین میں جو عام طور پر ہر ایک کو معلوم ہوتے ہیں تو ان کے قائل کے کفر میں توقف نہیں کیا جائے گا اور ہماری اس گفتگو کو ایسی لاٹھی مت سمجھو جسے تم اس شخص کے سینے پر مارنے لگو جو حجت قائم اور واضح ہو جانے کے بعد توحید عبادت اور توحید صفات سے رک جانے والے بشر کو کافر قرار دیتا ہو۔(یعنی اس کلام سے ناجائز فائدہ مت اٹھاؤ۔مترجم)

میں کہتا ہوں: کوئی بھی شخص اس بات کو عذر نہیں بنا سکتا کہ وہ مرتد حکام کی حالت سے جاہل ہے کیونکہ ان کا مرتد ہونا اور ان کا کفر بواح (ایسا کفر جس کے کفر ہونے میں شک نہ ہو) بالکل واضح ہے چنانچہ ان مرتد حکام کے حامی اور مددگار جہالت کو عذر نہیں بنا سکتے اس لئے کہ ان کی حالت سب کی آنکھوں کے سامنے ہے یہ مرتد حکام وضعی دستور اور کفریہ قوانین کے ذریعے فیصلے کرتے ہیں اور اللہ کے قانون کے مطابق فیصلے نہیں کرتے۔اور شریعت سے زندگی کے تمام پہلوؤں میں اعراض برتتے ہیں اور جن امور کو اللہ نے حرام کیا ہے انہیں جائز قرار دیتے ہیں اور ان پر پابندی نہیں لگاتے مثلاً سود ،شراب اور دیگر حرام کردہ امور اور اشیاء اور جسے اللہ نے حلال کیا اسے ناجائز قرار دیتے ہیں مثلاً وہ حقیقی اور مخلص مومنین اور مسلمین کو اپنے زیر کنٹرول علاقوں میں رہنے کو ناجائز قرار دیتے ہیں بلکہ ان سے ایسی

جنگ کرتے ہیں جس میں وہ اسلام اور اہل اسلام اور شریعت اور حاملین شریعت کے لئے ذرا بھی نرمی نہیں کرتے اور علماء کو قتل کرتے ہیں اور داعیانِ حق کو پھانسی دیتے ہیں اور اصل اسلام کو اختیار کرنے اور اس پر ثابت قدم رہنے والے نوجوانوں کو تاریک کوٹھریوں میں قید کرکے ایسا بدترین تشدد کرتے ہیں کہ نہ تو زبان اسے بیان کرسکتی ہے نہ ہی تحریر اس کا احاطہ کرسکتی ہے اور یہود ونصاریٰ سے دوستیاں لگاتے ہیں اور امریکا اور اس کے اتحادی یورپی کفریہ مما لک کے لئے اسلامی مما لک میں کھلی چھٹی دیتے ہیں وہ جو چاہیں کریں اور انہیں ہر طرح کی سیکورٹی اور معلومات وغیرہ کی سہولتیں فراہم کرتے ہیں اور امریکا اور اس کے اتحادیوں کو کھلی اجازت دیتے ہیں کہ وہ جب چاہیں کسی بھی اسلامی ملک کی قیادت کی بے حرمتی کریں اور ان کی بندرگاہوں اور فضائی اڈوں پر قابض ہوجائیں اور یہودی اور صلیبی جنگجوؤں کے لئے راستے بناتے ہیں کہ وہ تیل کے ذرائع اور مقامات پر قابض ہوجائیں ان مرتد حکام نے اسلامی مما لک کو اپنے مفادات اور عیاشیوں کے عوض بندروں اور خنزیروں کی اولاد کے ہاتھوں گروی رکھ دیا ہے اور دینی فرائض سے بالکل ہی غافل ہوچکے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول اور مومنین کے خائن اور مجرم بن چکے ہیں انہوں نے کرۂ ارض کی اسلامی چوتھائی سرزمین پر فساد مچا رکھا ہے اور فسادیوں کو زندگی کے سیاسی، اقتصادی، عسکری، امنی، تربیتی، ثقافتی، علمی اور صنعتی تمام پہلوؤں میں مکمل اختیارات دے رکھے ہیں اور کفریہ نظام جس کا لیڈر امریکہ ہے کے تحت ''دہشت گردی کے خلاف جنگ'' کے نام پر لڑی جانے والی جنگ میں ان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں اور مجاہدین فی سبیل اللہ کی سرکوبی کی خاطر ان کے ساتھ ہر طرح کا تعاون جاری رکھے ہوئے ہیں اور انہیں ان تک رسائی فراہم کرتے ہیں اور انہیں پکڑ کر امریکا وغیرہ کے حوالے کرتے ہیں حالانکہ ان کا جرم یہ ہے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول اور اسلام اور حاملین وداعیان اسلام کے حق کے لئے برسرِ پیکار ہیں۔

تو ان جرائم اور واضح کفر وارتداد کے باوجود بھی کیا کوئی مسلمان عاقل بالغ ان سے ناواقف اور جاہل رہ سکتا ہے؟ اور کیا ان کا ظاہری کفر وارتداد ان مخفی مسائل میں سے ہوسکتا ہے جن کی دلیل مسلمانوں سے پوشیدہ رہ گئی ہو؟ اور کیا کسی بالغ عاقل کے لئے ان مرتد حکام کی حالت سے جاہل اور

ناواقف رہنے کی گنجائش ہوسکتی ہے؟

جبکہ وہ مسائل جن میں وہ اللہ کے قوانین کی مخالفت کرتے ہیں ان کا تعلق ایمان اور دین کے بنیادی اصولوں اور دین کے انتہائی ضروری احکام سے ہے مثلاً اللہ کے نازل کردہ قوانین کے بغیر حکومت کرنا، یہود ونصاریٰ سے بے خوف وخطر دوستیاں اور تعلقات قائم کرنا وغیرہ۔

خلاصہ یہ ہے کہ کسی بھی شخص کے لئے یہ بات قطعاً عذر نہیں بن سکتی کہ وہ اللہ کی شریعت کو بدلنے اور اس سے مرتد ہوجانے والے ان حکام کی حالت سے واقف نہ تھا اور جو اس بات کو اپنے لئے عذر بنائے تو اسے ان مسائل ایمان وکفر میں کمی کوتاہی کرنے والا مانا جائے گا جن کا علم حاصل کرنا فرض ہے علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ نے فرض کیا ہے کہ اگر معلومات نہ ہوتو اہل علم سے پوچھا جائے جیسا کہ فرمایا[فَسْـَٔلُوْٓا اَهْـلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ. (نحل:43)]''نیز ہمارے اس دور میں ایسے بہت سے لوگ ہیں خاص طور پر اسلامی ممالک میں جو ان حکام کو کافر اور مرتد قرار دیتے ہیں اور قیام حجت اور بلوغ محبت کے لئے صرف یہی ایک بات کافی ہے اگر چہ کچھ لوگ اس کے خلاف بھی ہیں۔

بعض لوگ یہ بھی کہتے ہیں کہ: مرتد حکام کی صفوں کھڑے فوجیوں اور ہمنواؤں کے لئے ایک عذر یہ بھی ہے کہ وہ علماء سوء کو دیکھتے ہیں کہ وہ ان کفریہ نظاموں کے رنگ میں رنگ جاتے ہیں اور ان مرتد حکام کو مسلمان قرار دیتے ہیں اور مسلمانوں کے حکام ہونے کی حیثیت سے ان کی اطاعت کو فرض قرار دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ حاکموں کی بات سننا اور ماننا ضروری ہے اور ان کے خلاف بغاوت کرنا حرام ہے ایسا تو خارجی کرتے ہیں اس کے علاوہ اور بہت سی تاویلات اور باطل اور جھوٹی باتیں بیان کرتے ہیں کہ ان مرتد حکام کے بازار میں ان کی اچھی قیمت مل جاتی ہے (فالعیاذ باللہ)

ہم کہتے ہیں: اللہ کے نازل کردہ دستور (قرآن وسنت) کے برعکس اپنے بنائے ہوئے دستور (وضعی قوانین) کے مطابق حکومت کرنے والے حکام کا شرعی جواز پیش کرنے والے علماء سوء کا پایا جانا اور ان کا حق کو چھپانا اور باطل کو ظاہر کرنا کسی کے لئے بھی عذر نہیں بن سکتا کیونکہ ان علماء سوء کے مخالف علماء حق اور علماء ربانیین اور داعیان حق بھی پائے جاتے ہیں جو اس طرح کے حکام کو ہمیشہ کافر قرار دیتے

ہیں اور ہمارے خیال میں اب ایسا کوئی مسلمان نہیں ہے جو اللہ کی شریعت کو بدلنے والے ان مرتد حکام کی حالت سے واقف نہ ہو اور یہ نہ کہتا ہو کہ ان حکام کا یہود ونصاریٰ سے دوستیاں کرنا، اور مجاہدین اور دیگر اسلامی تحریکوں کے خلاف امریکہ کی مدد کرنا کفر وارتداد ہے کیونکہ یہ تو دین اسلام میں ایک طے شدہ اصول ہے کہ مسلمانوں کے خلاف مشرکین اور کفار کی مدد کرنا دین اسلام سے مرتد ہو جانا اور کفر ہے چنانچہ ان حکام اور ان کے ارتداد وکفر کو جاننے پہچاننے کے لئے بس یہی کافی ہے پھر اس میں مزید اضافہ یہ کیا جائے کہ یہ حکام دن رات اللہ اور اس کے رسول اور مومنوں کے ساتھ خیانتیں کرتے ہیں علاوہ ازیں یہ حکام جو حرکتیں کرتے پس کوئی بھی عاقل بالغ مسلمان ان سے ناواقف ہو ہی نہیں سکتا الا یہ کہ وہ پاگل دیوانہ ہو۔

نیز کسی کے لئے علماء سوء کے افعال بدکس طرح عذر سکتے ہیں جبکہ گمراہ اماموں کی اتباع کو عذر بنانا جائز نہیں ہے اس لئے کہ حجت نہ صرف پہنچ چکی ہے بلکہ قائم بھی ہو چکی ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر گمراہ کن علماء پائے جاتے ہیں تو لامحالہ ان کے مخالف اہل حق بھی پائے جاتے ہیں لہٰذا گمراہ اماموں کا پایا جانا ایسے علماء حق کے پائے جانے کو ناممکن نہیں کرتا جو اللہ کی حجتیں قائم کرتے ہوں یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ،لیڈروں، اور وڈیروں کی اتباع کرنے والوں کا کوئی عذر قبول نہیں نہ کرے گا چنانچہ فرمایا[اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِیْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْا وَ رَاَوُا الْعَذَابَ وَ تَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْاَسْبَاب،وَ قَالَ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا كَذٰلِكَ یُرِیْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَیْهِمْ وَ مَا هُمْ بِخٰرِجِیْنَ مِنَ النَّارِ. (بقرة:166-167)] ''وہ وقت یاد کرو جب پیروی کئے جانے والے اپنے پیروکاروں سے بری ہو جائیں گے اور وہ عذاب دیکھ لیں گے اور ان کے تعلقات ختم ہو جائیں گے اور پیروی کرنے والے کہیں گے کاش ہم ایک دفعہ لوٹ جائیں پھر ہم ان سے اسی طرح بری ہو جائیں گے جس طرح (آج) وہ ہم سے بری ہو گئے اللہ انہیں ان کے اعمال ایسے ہی حسرتیں بنا کر دکھائے گا اور وہ جہنم سے نہ نکل سکیں گے''۔

نیز اللہ تعالیٰ کفار کا اللہ کا نازل کردہ دین اور احکامات سے اعراض برت کر اپنے آباء واجداد کی

پیروی کرنے والوں کو بےوقوف قرار دیتے ہوئے فرماتا ہے [وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَ اِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَ نَا اَوَ لَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْئًا وَّ لَا يَهْتَدُوْنَ. (مائدۃ:104)] ''اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اللہ نے جو کچھ نازل کیا اس پر چلو تو وہ کہتے ہیں بلکہ ہم اس پر چلتے ہیں جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے اگر چہ ان کے باپ دادا تو کچھ عقل رکھتے تھے اور نہ ہی ہدایت پر تھے''۔

نیز اللہ تعالیٰ نے اپنے بڑوں کی پیروی کرنے والوں پر لعنت فرمائی اور انہیں کا فر قرار دیا چنانچہ فرمایا [اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَ اَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا، خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّ لَا نَصِيْرًا، يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِى النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَ اَطَعْنَا الرَّسُوْلَا، وَ قَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَ كُبَرَآءَ نَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا، رَبَّنَآ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَ الْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا. (احزاب:64-68)] ''اللہ نے کافروں پر یقیناً لعنت کی ہے اور ان کے لئے بھڑکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے جس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے نہ تو وہ کوئی دوست پائیں گے نہ ہی کوئی مدد کرنے والا جس دن ان کے چہروں کو آگ میں الٹا پلاٹ (سیکا) جارہا ہوگا وہ کہہ رہے ہوں گے اے کاش کہ ہم نے اللہ کی اطاعت اور رسول کی فرمانبرداری کرلی ہوتی اور وہ کہیں گے اے ہمارے پروردگار یقیناً ہم نے اپنے سرداروں اور اپنے بڑوں کی بات مانی لہٰذا انہوں نے ہمیں گمراہ کردیا اے ہمارے پروردگار تو انہیں دوگنا عذاب دے اور ان پر بڑی لعنت فرما''۔

ایسے ہی اللہ تعالیٰ نے کمزوروں کو بھی معذور نہیں مانا ہے چنانچہ جب ظالموں پر ملامت کرنے کے بعد ان سے الگ ہونا چاہیں گے تو اللہ تعالیٰ ان سب کے ساتھ ایک ہی معاملہ فرمائے گا اور انہیں کافروں والے عذاب میں مبتلا کردے گا جس کے وہ مستحق ہوں گے۔ چنانچہ فرمایا [وَ لَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ ۨالْقَوْلَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْ لَآ اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ، قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ عَنِ الْهُدٰى بَعْدَ اِذْ جَآءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ، وَ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا

لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَ النَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ وَ نَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا وَ اَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ وَ جَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ. (سبا: 31-33)] ''اور کاش کہ آپ دیکھ لیں کہ جب ظالموں کو ان کے رب کے پاس پیش کیا جائے گا وہ ایک دوسرے کو جواب دے رہے ہوں گے جن لوگوں کو کمزور سمجھا جاتا تھا کیا ہم نے تمہیں ہدایت سے روکے رکھا تھا؟ جب کہ وہ تمہارے پاس آ چکی تھی؟ بلکہ تم تھے ہی مجرم اور وہ لوگ جنہیں کمزور سمجھا جاتا تھا متکبرین سے کہیں گے نہیں بلکہ تم دن رات مکر وفریب سے ہمیں حکم دیتے رہے کہ ہم اللہ کے ساتھ کفر کریں اور اس کے شرکاء مقرر کریں اور وہ اپنے دلوں میں ندامت چھپا رہے ہوں گے جب وہ عذاب دیکھ لیں گے اور ہم کافروں کے گلوں میں طوق ڈال دیں گے انہیں صرف ان اعمال کی سزا دی جائے گی جو وہ کرتے رہے''۔

نیز ہمیشہ ہی ایسا ہوتا آیا ہے کہ اہل حق نے جب بھی حق کی دعوت دی تو بہت سے بڑے مجرم اور ان کے چیلے انہیں بے وقوف اور گمراہ قرار دیتے اور لوگوں کو ان کی بات ماننے سے روک دیتے یہی وجہ ہے کہ تمام انبیاء کے ادوار میں گمراہ کرنے والے بکثرت موجود رہے ہیں اور یہ چیز بلوغ حجت اور قیام حجت سے مانع بھی نہ تھی چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا[يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْن. (یٰسٓ: 30)] ''ہائے افسوس بندوں پر ان کے پاس جب بھی کوئی رسول آیا انہوں نے اس کا مذاق اڑانا شروع کر دیا''۔ نیز فرمایا[اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لا يَسْتَكْبِرُوْنَ،وَ يَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْن. (الصافات: 34-36)] ''ہم مجرموں کے ساتھ ایسا ہی کیا کرتے ہیں کیونکہ جب ان کے سامنے لا الٰہ الا اللہ کہا جاتا تو وہ تکبر میں آ جاتے اور کہتے کیا ہم ایک شاعر دیوانے کی خاطر اپنے معبودوں کو چھوڑ دیں''۔ چنانچہ گمراہ کرنے والے اماموں کی موجودگی مرتدین اور ان کے حامیوں کو کافر قرار دینے والے اہل حق کی موجودگی کے خلاف اور مانع نہیں ہے کیونکہ وہ لوگوں تک حق پہنچاتے ہیں اور ان پر حجت قائم کرتے ہیں ایسا کبھی نہیں ہوا کہ زمین پر اللہ کی جانب سے حجت قائم کرنے والے موجود ہوں اور پھر

اسی دوران میں ان کی مخالفت اور لوگوں کو گمراہ کرنے والے نہ ہوں اللہ تعالیٰ نے فرمایا[وَ کَذٰلِکَ جَعَلْنَا لِکُلِّ نَبِیٍّ عَدُوًّا شَیٰطِیْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ یُوْحِیْ بَعْضُھُمْ اِلٰی بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا وَ لَوْ شَآءَ رَبُّکَ مَا فَعَلُوْہُ فَذَرْھُمْ وَمَا یَفْتَرُوْنَ، وَلِتَصْغٰٓی اِلَیْہِ اَفْئِدَۃُ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَۃِ وَ لِیَرْضَوْہُ وَ لِیَقْتَرِفُوْا مَا ھُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ۔(انعام:112-113)]''اور ایسے ہی ہم نے ہر نبی کے دشمن بنادیئے انسانی شیطانوں اور جناتی شیطانوں سے وہ ایک دوسرے کو دھوکے دینے کے لئے چکنی چپڑی (بظاہر خوشنما) باتیں القاء (ڈالتے) کرتے اور اگر آپ کا رب چاہتا وہ ایسا نہ کرتے چنانچہ آپ انہیں اور ان کے جھوٹ کو رہنے دیجئے اور تاکہ اس کی طرف ان لوگوں کے دل مائل ہوجائیں جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور تاکہ وہ اسے پسند کرلیں اور تاکہ جن امور کا وہ ارتکاب کررہے ہیں آئندہ بھی کرتے ہی رہیں''۔

نیز فرمایا[وَ کَذٰلِکَ جَعَلْنَا فِیْ کُلِّ قَرْیَۃٍ اَکٰبِرَ مُجْرِمِیْھَا لِیَمْکُرُوْا فِیْھَا وَ مَا یَمْکُرُوْنَ اِلَّا بِاَنْفُسِھِمْ وَ مَا یَشْعُرُوْنَ. (انعام:123)]''اور ایسے ہی ہم نے ہر بستی کے بڑوں کو اس کا مجرم بنادیا تاکہ وہ ان میں سازشیں کریں اور درحقیقت وہ اپنے ساتھ ہی چالیں چلتے ہیں اور شعور نہیں رکھتے''۔

نیز فرمایا[وَ کَذٰلِکَ جَعَلْنَا لِکُلِّ نَبِیٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِیْنَ وَ کَفٰی بِرَبِّکَ ھَادِیًا وَّ نَصِیْرًا.(فرقان: 31)]''اور ایسے ہی ہم نے ہر نبی کا کسی مجرم کو دشمن ضرور بنایا اور آپ کا رب ہدایت دینے اور مدد کرنے کے لئے کافی ہے''۔

اہم بات یہ ہے کہ جب اللہ کی شریعت کو بدلنے والے اور یہود ونصاریٰ سے دوستیاں کرنے والے اور مسلمانوں کے خلاف مشرکین کی مدد کرنے والے ان مرتد حکام کے کفر وارتداد کو بیان کرنے والی ایک جماعت موجود ہے تو حجت پہنچ چکی اور قائم بھی ہوگئی اگرچہ اس کے مخالف علماءسوء اور گمراہ امام بھی پائے جائیں اور جس تک حجت پہنچ گئی اس پر فرض ہوگیا کہ اسے سمجھنے اور جاننے کی کوشش کرے اور گمراہ اماموں اور علماءسوء کی بات نہ مانے کیونکہ ان کی اتباع کرنا کسی جاہل کے لئے حجت نہیں بن سکتا نہ ہی اس طرح وہ معذور قرار دیا جاسکتا ہے اس لئے کہ اس جہالت اور ناواقفیت کو دور کرنا اور حقیقت معلوم

کر کے اس کے مطابق عمل کرنا ممکن ہے پھر بھی اگر کوئی مکلّف اس سلسلے میں کوتاہی کرے تو وہ یقیناً معذور نہیں ہوسکتا کیونکہ اس بات سے کسی عاقل بالغ کے ناواقف رہنے کی گنجائش قطعاً نہیں ہے الا یہ کہ وہ مجنون دیوانہ ہو۔ وباللہ نستعین

خلاصہ: کافروں اور ظالموں کے لشکریوں اور فوجیوں کا حکم وہی ہے جو ان کے بڑوں کا ہے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرعون کے لشکریوں اور سپاہیوں کے ساتھ وہی معاملہ فرمایا جو خود فرعون کے ساتھ کیا کہ اسے اس کے سپاہیوں سمیت ہلاک کر دیا چنانچہ فرمایا[**وَ قَالَ فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ فَاَوْقِدْ لِيْ يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ فَاجْعَلْ لِّيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى وَ اِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ،وَ اسْتَكْبَرَ هُوَ وَ جُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَ ظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ،فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ، وَ جَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ وَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا يُنْصَرُوْنَ، وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ**.(قصص: 38-42)] ’’اور فرعون نے کہا اے سرداروں (وہ درباری جنہیں اس نے مختلف عہدے دے رکھے تھے) میں تمہارے لئے میرے سوا کوئی اور الٰہ خیال نہیں کرتا او ہامان تو میرے لئے اینٹیں پکا کر ایک قلعہ بنا شاید میں موسیٰ کے معبود تک پہنچ جاؤں اور میں اسے جھوٹوں میں شمار کرتا ہوں اور اس نے اور اس کے لشکریوں نے زمین پر ناحق تکبر کیا اور وہ یہ سمجھے کہ وہ ہماری طرف نہ پلٹیں گے سو ہم نے اسے اور اس کے لشکر کو پکڑ لیا پھر ہم نے انہیں دریا میں پھینک دیا تو آپ دیکھیں ظالموں کا انجام کیا ہوا؟ اور ہم نے انہیں امام بنایا جو آگ کی طرف بلاتے اور بروز قیامت ان کی مدد نہ کی جائے گی اور اس دنیا میں ہم نے ان کے پیچھے لعنت لگا دی اور بروز قیامت وہ قبیح ترین لوگوں میں ہوں گے‘‘۔

نیز فرمایا[**وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَ جُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ**. (قصص:6)] ’’اور ہم فرعون اور ہامان اور ان کے فوجیوں کو وہی کچھ دکھانے لگے جس سے وہ ڈرتے تھے‘‘۔

نیز فرمایا[**اِنَّ فِرْعَوْنَ وَ هَامٰنَ وَ جُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِئِيْنَ**. (قصص:8)] ’’بے شک فرعون اور

ہامان اوران دونوں کے لشکر غلط تھے''۔

نیز فرمایا[وَ فِرۡعَوۡنَ ذِی الۡاَوۡتَادِ. (فجر:10)] ''اور فرعون اوتاد والا''۔

امام ابن جریر طبری رحمہ اللہ تفسیر طبری (12-130/30) میں فرماتے ہیں''مفسرین نے فرمان باری تعالیٰ ''ذی الاوتاد'' کی تفسیر میں اختلاف کیا ہے اوراس سلسلے میں کہ اس کے یہ ایسا کیوں کہا گیا ہے تو بعض مفسرین نے اس کا معنی کیا ہے کہ ''ایسے لشکروں والا جواس کے حکم کومضبوط کرتے تھے'' اور ان کا کہنا ہے کہ یہاں اوتاد سے مراد لشکر ہیں ....آ گے چل کر فرماتے ہیں: ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا فرعون ذی الاوتاد انہوں نے کہا کہ اوتاد ان لشکروں کو کہتے ہیں جواس کے لئے اس کا حکم پختہ کرتے''۔

یعنی مفسرین نے ذکر کیا ہے کہ اوتاد سے فرعون کے وہ لشکر مراد ہیں جن کی وجہ سے اس کی بادشاہت قائم تھی''۔(ملاحظہ ہوابن عطیہ الاندلسی کی تفسیر المحرر الوجیز:438/15)

امام قرطبی رحمہ اللہ تفسیر قرطبی (10-33/20) میں فرماتے ہیں:''یعنی جنود اور عساکر اور جموع اور جیوش (یہ سب جماعتیوں اور لشکریوں کے معنی میں ہیں) جواس کی بادشاہت کو مضبوط کرتے ہیں یہ بات ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کی ہے''۔

نیز تفسیر ابن کثیر:656/4، فتح القدیر از شوکانی:435/5، تفسیر الرازی:16-168/31 اور سعدی کی تفسیر تیسیر الکریم الرحمٰن:854 ملاحظہ ہوں۔

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اوتاد سے اس کے لشکر کے خیموں کے ستون مراد ہیں اوران کا خاص طور پر تذکرہ اس لئے کیا گیا کیونکہ یہ اس کی بہت سی مہموں اور مختلف شہروں کے دوروں پر دلالت کرتے ہیں یہ بات ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہی ہے اوراسود بن یعفر کا قول کہ:[فی ظل ملک ثابت الاوتاد]''اس بادشاہ کے سائے میں جس کے اوتاد (ستون) سالم ہیں''۔(ملاحظہ ہوابن عطیہ کی المحرر الوجیز:438/15)

میں کہتا ہوں: ابن عطیہ نے اسود بن یعفر کے شعر کے ایک مصرعے سے دلیل لی ہے مکمل شعراس طرح ہے

ولقد غنوا فیھا بانعم عشیۃ

فــــــی ظـــلـک مـــلـک ثـــــابـــت الاوتـــــاد

وہ ایسی بادشاہت کے سائے میں جس کے اوتاد (ستون) سالم

ہیں بے پرواہ ہوکر بہترین زندگی گزاررہے ہیں

ان تمام دلائل سے معلوم ہوا کہ کفاراورمرتدین کے فوجیوں اورلشکریوں کا حکم بھی وہی ہے جوان کے بڑوں اورلیڈروں کا ہے کیونکہ ظلم وکفراورفساد میں سب برابر کے حصے دار ہیں اوراس لئے بھی کہ کافر حاکم کی حکومت قائم رکھنے کا بنیادی سبب یہی ہوا کرتے ہیں یعنی یہ کفروظلم اورفساد میں اس کی حمایت اور مدد کرنے والے ہوتے ہیں لہٰذا جب وہ ان کے ساتھ ان کے کفروظلم اورفساد میں برابر کے حصے دار ہیں تو عذاب اورسزا میں بھی برابر کے حصے دار ہوں گے اوران سب کا حکم ایک ہوگا کہ وہ کافر ہیں اوراللہ کے قوانین کو بدلنے والے حکام کے لشکریوں اورہم جماعتوں پر بھی یہی حکم لگایا جائے گا۔ وباللہ تعالیٰ التائید

کیا کسی صورت میں کافر حاکم کی جماعت اوراس کی فوجی مہمات میں شامل ہوا جا سکتا ہے

سوال کافر حاکم کی جماعت اوراس کی فوجی وعسکری مہمات میں کس صورت میں داخل ہوا جاسکتا ہے؟

جواب صرف ایک حالت ہے جس میں کافراورمرتد حاکم کی صفوں اوراس کی فوجی مہمات میں حصہ لینا جائز ہے اوروہ یہ ہے کہ جب کوئی مسلمان دل سے اس بات کا پختہ عزم کرلے کہ یا تو شریعت مخالف نظام کو بدل ڈالے گا یا نظام باطل کو بربادکردے گا یا ایسے حاکم کو اچانک حملہ کرکے قتل کردے گا یا حکومتی اراکین کو قتل کرڈالے گا یا اسی طرح کے شرعی مقاصد کو حاصل کرے گا پھراس کے لئے بظاہر اس نظام کا حصہ بننا جائز ہے وہ بھی اس شرط پر کہ ایسا کرنے والا قوی الایمان اورراسخ العقیدہ اوراللہ پر کامل یقین رکھنے والا شخص ہو۔ اوراس مرتد اورباطل نظام کے بیرونی اثرات مثلاً مال ودولت کو قبول نہ کرے اور وہ ایسا صرف اورصرف شرعی مصلحت کی خاطر کرے کیونکہ شریعت اسلامیہ کا مقصد ہی مصالح

(بھتریوں) کا حصول اور انہیں ثابت کرنا اور مفاسد (برائیوں) کو ختم کر کے انہیں مٹانا ہے۔ یہ ایسے ہی ہے جس طرح آج بعض اسلامی جماعتیں کرتی ہیں کہ وہ کافر اور باطل نظام کو بدلنے یا اسے برباد کردینے کی نیت سے اس کا حصہ بننا جائز قرار دیتی ہیں مثلاً جماعت اسلامیہ مصر کا یہی طرز عمل کہ خالد اسلامبولی شہید رحمہ اللہ کی قیادت میں چند مجاہدین نے مصر کے طاغوت انور سادات (لعنہ اللہ) کو اچانک حملہ کر کے قتل کردیا۔ تو یہ فعل جائز ہے اگرچہ اس کے لئے بظاہر بعض کفریہ اقوال وافعال اختیار کرنے پڑیں ایک مسلمان انہیں بطور تقیہ (دل میں ایمان بظاہر کچھ اور) اختیار کرسکتا ہے جبکہ اسے اپنے مقصد میں یقینی کامیابی نظر آرہی ہو۔

اس کی دلیل محمد بن مسلمہ الانصاری رضی اللہ عنہ کا قصہ ہے انہوں نے (طاغوت) کعب بن اشرف یہودی کو قتل کرنا چاہا اور بظاہر اس سے یہی کہا کہ وہ اس کے ساتھ ہیں جبکہ محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے ہی اجازت لے چکے تھے کہ اپنی مہم میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے اگر انہیں کچھ ظاہر کرنا پڑا تو وہ کرلیں گے اور اس مقصد کے لئے انہوں نے مشق بھی کررکھی تھی چنانچہ جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا[**من لكعب بن الاشرف فقال محمد بن مسلمة اتحب ان اقتله قال نعم قال فاذن لى فاقول قال قد فعلت – وعند مسلم :قال:ائذن لى فلاقل! قال: قل!**]''کعب بن اشرف سے کون نمٹے گا تو محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا کیا آپ چاہیں گے کہ میں اسے قتل کردوں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! انہوں نے کہا تو مجھے اجازت دیجئے میں کچھ بات کہوں گا (اس کی طرف داری کرتے ہوئے اور آپ کے خلاف) آپ نے فرمایا: میں نے اجازت دی۔ مسلم کے الفاظ میں ہے: انہوں نے کہا تو مجھے اجازت دیجئے میں کچھ کہوں۔ آپ نے فرمایا: کہہ لینا۔ (صحیح بخاری مع الفتح كتاب الجهاد باب الفتك باهل الحرب: 160/6 حدیث نمبر 3032 نیز صحیح مسلم 1425-1801/3)

نیز جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے ہی مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا[**من لكعب بن الاشرف فانه قد آذى الله ورسوله قال محمد بن مسلمة اتحب ان اقتله يا رسول الله قال نعم قال فاتاه فقال ان هذا– يعنى النبى صلی اللہ علیہ وسلم – قد عنانا وسألنا الصدقة قال وايضاً والله لتملنه**

قال فانا اتبعناه فنكره ان ندعه حتى ننتظر الى ما يصير امره قال فلم يزل يكلمه حتى استمكن منه فقتله] ''کون ہے جو کعب بن اشرف سے نمٹے؟ کیونکہ اس نے اللہ اور اس کے رسول کو تکلیف پہنچائی ہے تو محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کہنے لگے یا رسول اللہ کیا آپ چاہیں گے کہ میں اسے قتل کردوں؟ آپ نے فرمایا: ہاں، کہتے ہیں پھر وہ اس کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ یہ شخص (ان کی مراد نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے) ہمارے درپے ہوگیا ہے اور ہم سے صدقہ مانگتا رہتا ہے اس نے کہا ابھی تو بہت کچھ ہوگا اللہ کی قسم تم اس سے اکتا جاؤ گے انہوں نے کہا اب ہم ان کی اتباع کرچکے ہیں تو ہم نہیں چاہتے کہ اسے چھوڑ دیں حتی کہ دیکھ نہ لیں کہ اس کا معاملہ کہاں تک جاتا ہے کہتے ہیں وہ اس سے باتوں میں لگے رہے حتی کہ انہوں نے اسے قتل کرنے کا موقع پالیا سو انہوں اسے نے قتل کردیا''۔(صحیح بخاری مع الفتح کتاب الجهاد باب الکذب فی الحرب:6/158-159 حدیث نمبر 3031)

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فتح الباری:6/159 میں فرماتے ہیں: ''ان کا کہنا کہ عنانا (ہم سے چمٹ گیا ہے) کا مطلب ہے کہ انہوں نے ہمیں بہت سی باتوں کا حکم دیا ہے اور بہت سی باتوں سے منع کیا ہے اور ان کا کہنا کہ سالنا الصدقة (وہ ہم سے صدقہ مانگتا رہتا ہے) کا مطلب ہے کہ وہ ہم سے صدقے کا مال مانگتے ہیں تاکہ اسے اس کے حقیقی مقام پر خرچ کرسکیں۔

میں کہتا ہوں: یہ تعریض (مبہم، ذومعنی، غیر صریح بات کرنا) کی قبیل سے ہے اور اس حدیث میں اس بات کی دلیل ہے کہ دوران جنگ واقعی جھوٹ بولنا جائز ہے اور اگر یہ تعریض کی قبیل سے ہو تو افضل ہے نیز اس حدیث میں اس بات کی دلیل بھی ہے کہ کفر وارتداد کے سرداروں کو دھوکے سے اور اچانک حملہ کرکے مارنا جائز ہے۔

اس کے مزید دلائل: مسند احمد، صحیح ابن حبان، سنن النسائی میں حجاج بن علاطہ کا قصہ بیان کیا گیا ہے جسے امام حاکم نے صحیح قرار دیا ہے اس میں ہے کہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگی تھی کہ وہ آپ کے متعلق کچھ نازیبا کلمات کہہ دیں اگر ضرورت پیش آئے تاکہ اہل مکہ سے اپنا مال چھڑالیں چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اس کی اجازت مرحمت فرمادی کہ وہ ایسا کرلیں اور پھر انہوں نے

اہل مکہ سے یہ کہا کہ اہل خیبر نے مسلمانوں کو شکست دے دی ہے (جبکہ حقیقت اس کے برعکس تھی) اس کے علاوہ کچھ اور باتیں بھی کی تھیں جو کہ مشہور ہیں۔ (ملاحظہ ہو فتح الباری: 159/6)

نیز اس موقف (کہ کسی شرعی مصلحت کے حصول کی خاطر مرتد حکام کی صفوں میں چند شروط وضوابط کے ساتھ داخل ہوا جاسکتا ہے) کی ایک اور دلیل فیروز الدیلمی اور ان کے ساتھی مومنین کا قصہ بھی ہے کہ انہوں نے اسود عنسی کذاب کے سامنے ایسا ظاہر کیا کہ وہ اس کے ساتھی ہیں اور انہوں نے ایسا اس لئے کیا تھا کہ ان کے پاس نبی ﷺ کا خط آیا تھا جس میں آپ نے انہیں اسود عنسی سے قتال کرنے اور اس کی قوت توڑ دینے کا حکم دیا تھا اور وبر بن یحنس الدیلمی شخص نے رسول اللہ ﷺ کا یہ خط فیروز الدیلمی اور ان کے ساتھی مومنوں تک پہنچایا تھا اور یہ قصہ مکمل تفصیل کے ساتھ البدایۃ والنہایۃ لابن کثیر: 3-339/6 میں سیف بن عمرالتمیمی سے منقول ہے فرماتے ہیں: ''کہ رسول اللہ ﷺ نے وبر بن یحنس الدیلمی نامی ایک شخص کے ہمراہ اسود عنسی سے متعلق اپنا خط روانہ کیا جس میں آپ نے وہاں موجود مسلمانوں کو اسود عنسی سے قتال کرنے اور اس کی قوت توڑنے کا حکم دیا اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے اس خط کا حق ادا کردیا انہوں نے زملہ نامی ایک عورت سے شادی کررکھی تھی جو سکون قبیلے کی تھی اس قبیلے نے اسود عنسی کے خلاف ان کی بہت مدد کی کیونکہ یہ بھی اسود عنسی کے بہت ظلم برداشت کرچکے تھے لہٰذا اس سلسلے میں وہ ان کی مدد کے لئے تیار ہوگئے اور انہوں نے یہ خط نبی ﷺ کے گورنروں تک اور جہاں جہاں پہنچا سکتے تھے پہنچادیا پھر یہ سب قیس بن عبدیغوث امیر جند کے کے پاس جمع ہوگئے یہ اسود عنسی پر سخت غصہ تھا کیونکہ اس نے اس کی بے عزتی کی تھی اور اسے قتل کرنا چاہا تھا اور فیروز الدیلمی کا بھی یہی معاملہ تھا یہ بھی اسود کے زیر عتاب رہ چکے تھے اور بعینہ یہی معاملہ دادویہ کے ساتھ بھی تھا بہرحال جب وبر بن یحنس نے قیس بن عبدیغوث جس کا اصل نام قیس بن مکشوح ہے اس کو خبر سے آگاہ کیا تو وہ بے پناہ خوش ہوا گویا یہ لوگ آسمان سے مدد لے کر اتر آئے تھے اس نے بھی مسلمانوں کے ساتھ اسود عنسی کے قتل کرنے پر اتفاق کرلیا اور انہوں نے آپس میں معاہدہ کرلیا کہ اسود کو ختم کرکے دم لیں گے جب یہ خفیہ پروگرام طے پاگیا تو اسود کے شیطان نے اسے اس بارے میں کچھ خبر دے دی

چنانچہ اسود نے قیس بن مکشوح کو بلوایا اور اس سے کہا کہ: او قیس یہ کیا کہتا ہے اس نے کہا کیا کہتا ہے اسود نے کہا یہ (یعنی اس کا شیطان) کہتا ہے کہ تو نے قیس کو عزت دی پھر جب وہ تیرا انتہائی قریبی بن گیا تو تیرے دشمن کے ساتھ مل گیا اور تیری بادشاہت چھیننے کی کوشش کرنے لگا اور اندر ہی اندر غدار بن گیا اور وہ کہتا ہے اے اسود اے اسود برائی ہے برائی ہے (اس کے برے ارادوں سے خود کو بچالے) اور اس کے اوپر کا حصہ لے لے (یعنی گردن اڑا دے) وگرنہ وہ تجھ سے تیری بادشاہت چھین کر تجھے قتل کردے گا یہ سن کر قیس نے جھوٹی قسم اٹھا کر کہا کہ: خمار والے کی قسم (خمار سے مراد نشہ ہے ذی الخمار یعنی نشہ کرنے والا چونکہ اسود بہت نشہ کرتا تھا اس لئے ایسا کہا) آپ کا مقام میرے دل میں انتہائی عظیم ہے اور میں اپنے دل میں آپ کے خلاف کوئی سازش کروں یہ سب میرے لئے بہت ہی گراں ہے یہ سن کر اسود نے اس سے کہا میرے خیال میں تو بادشاہ سے جھوٹ نہیں کہہ رہا بادشاہ نے تجھے سچا مان لیا اور سمجھ گیا کہ مجھے تیرے متعلق جو اطلاع ملی تھی تو اس سے پھر چکا ہے پھر قیس وہاں سے اپنے ساتھیوں فیروز اور دادویہ کے پاس آیا اور جو کچھ اسود نے اس سے اور اس نے اسود سے کہا وہ ساری خبر دی اور پھر اس کی تردید کردی یہ سن کر سب کہنے لگے کہ ہم سب کو خطرہ ہے ہمیں کیا کرنا چاہیے ابھی وہ مشورہ کر ہی رہے تھے کہ اسود کا قاصد ان کے پاس اسود کا پیغام لے آیا اور انہیں اسود کے پاس لے گیا جب یہ وہاں پہنچے تو وہ ان سے کہنے لگا کیا میں نے تمہیں تمہاری قوموں پر عزت نہ دی انہوں نے جواب دیا کیوں نہیں اس نے کہا پھر مجھے تمہارے متعلق کسی طرح کی اطلاعات پہنچ رہی ہیں انہوں نے جواب دیا کہ آپ ہمیں اس دفعہ جانے دیجئے اس نے کہا آئندہ ایسا نہ ہوگا کہتے ہیں کہ ہم اس کے پاس سے نکل آئے اور ہمیں اس بات کا یقین نہیں آرہا تھا اور وہ ہمارے متعلق شک میں تھا اور ہم خطرے میں تھے ابھی صورتحال ایسی ہی تھی کہ ہمارے پاس امیر ہمدان عامر بن شہر اور ذی ظلیم اور ذی کلاع وغیرہ امراء یمن کے خطوط آئے وہ اسود عنسی کے خلاف ہماری اطاعت اور مدد کرنے کی بات کررہے تھے اور اس کی وجہ یہ تھی کہ رسول اللہ ﷺ نے انہیں بھی خطوط لکھے تھے کہ اسود کی طاقت کو توڑ دیا جائے چنانچہ ہم نے انہیں لکھ بھیجا کہ جب تک ہم یقینی حکمت عملی تیار نہ کرلیں تم معاملے کو پوشیدہ رکھنا۔قیس کہتے ہیں

میں اس کی بیوی سے ملا اور کہا کہ میری چچازاد تو جانتی ہے کہ یہ شخص تیری قوم کے لئے کتنی بڑی مصیبت ہے اس نے تیرا شوہر قتل کر دیا اور تیری قوم کے بہت سے لوگ مار دیے اور عورتوں کو رسوا کیا لہٰذا کیا تو اس کے خلاف کچھ مدد کر سکتی ہے؟ اس نے کہا کس سلسلے میں؟ میں نے کہا اسے نکالنے کے سلسلے میں اس نے کہا اس کے قتل پر کیوں نہیں؟ وہ نہ تو اللہ کا حق ادا کرتا ہے نہ ہی اس کی حرمتوں کا خیال کرتا ہے۔ سو جب تم پختہ ارادہ کر لو تو مجھے آگاہ کر دینا میں اس سلسلے میں ضرور کچھ کروں گی۔ کہتے ہیں کہ میں نکلا تو فیروز اور دادویہ دونوں میرے منتظر تھے اور چاہتے تھے کہ اس کے خلاف عملی طور پر کچھ کر گزریں اور ابھی قیس ان کے ساتھ صحیح سے بیٹھ بھی نہیں سکا تھا کہ اسود نے اسے طلب کر لیا اور اپنی قوم کے دس افراد کے ساتھ آیا اور کہنے لگا کہ میں نے تجھ سے سچ کہا تھا لیکن تو نے مجھ سے جھوٹ بولا تھا وہ (اس کا شیطان) اب بھی کہہ رہا ہے کہ برائی ہے برائی اگر تو نے قیس کو نہ روکا تو وہ تیری گردن اڑا دے گا قیس سمجھے کہ اب وہ اسے ضرور قتل کر دے گا لہٰذا کہنے لگے یہ سچ نہیں ہے آپ اور آپ کے اہل خانہ اللہ کے رسول ہیں تو میرا قتل میری ہر روز کی موت سے اچھا ہوگا یہ سن کر وہ پسیج گیا اور جانے کی اجازت دے دی لہٰذا وہ اپنے ساتھیوں کے پاس گئے اور کہنے لگے جو تم کرنا چاہتے کر گزرو ابھی وہ دروازے کے پاس کھڑے ہو کر مشورہ کر رہے تھے کہ اسود ان کے پاس باہر آیا اور اس کے لئے سو اونٹ اور گائے جمع کی جا چکی تھیں اس نے ایک لائن کھینچی اس کے ایک طرف وہ اونٹ گائیں کھڑی تھیں اور اس کے دوسری طرف خود اور پکڑے یا باندھے بغیر ہی انہیں ذبح کرنے لگا اور جو جانور بھی اس لائن کے اندر گھس کر ایک چکر لگاتا اس کی روح فنا ہو جاتی قیس کہتے ہیں اس قدر خوفناک معاملہ اور اس سے زیادہ خوفناک دن میں نے کبھی نہیں دیکھا پھر اسود کہنے لگا اے فیروز تیرے متعلق مجھے جو کچھ معلوم ہوا ہے کیا وہ سچ ہے میں تجھے قتل کر کے ان جانوروں میں شامل کرنا چاہتا ہوں اور پھر اسے چھرا دکھانے لگا۔ فیروز نے کہا آپ نے ہمیں اپنا سسرالی بنایا اور ہمیں بیٹوں سے زیادہ مقام دیا اور اگر آپ نبی نہ ہوتے تو ہمیں آپ سے یہ اعزاز ہرگز نہ ملتا اور ہم آپ کے خلاف کوئی سازش کس طرح کر سکتے ہیں جب کہ آپ نے ہمیں دنیا اور آخرت دونوں ہی عطا کر دی ہیں پس چنانچہ ہمارے متعلق آپ کو جو اطلاع ملتی ہیں ان پر یقین

مت کیجئے باقی آپ جو چاہیں میں اس پر خوش ہوں یہ سن کر اسود ان سے مطمئن ہو گیا اور انہیں حکم دیا کہ ان جانوروں کا گوشت تقسیم کر دے چنانچہ فیروز نے ان کا گوشت اہل صنعاء میں تقسیم کر دیا اور اس کے فوراً بعد اسود کے پاس آیا تو دیکھا کہ ایک شخص اسود کو فیروز کے خلاف بھڑکا رہا ہے فیروز نے چھپ کر سنا تو اسود کہہ رہا تھا کہ میں کل اسے اور اس کے ساتھیوں کو قتل کر دوں گا لہٰذا تو صبح میرے جانے کا بندوبست کر پھر جب وہ واپس ہوا تو فیروز سامنے تھا فیروز نے کہا کہ رک جائیے پھر فیروز نے اس گوشت کی تقسیم سے متعلق اسے تفصیل بیان کی یہ سن کر اسود اپنے گھر چلا گیا اور فیروز اپنے ساتھیوں کے پاس واپس آیا اور وہاں ہونے والی ساری گفتگو سے انہیں آگاہ کیا انہوں نے باہم مشورہ کیا کہ اب انہیں اسود کی بیوی کو شامل کر لینا چاہیے چنانچہ فیروز اس کے پاس گئے اور صورتحال سے آگاہ کیا تو وہ کہنے لگی کہ جتنے بھی گھر ہیں ہر گھر پہرے داروں سے گھرا ہوا ہے سوائے اس گھر کے اور اس کا پچھلا حصہ فلاں فلاں راستے پر ہے لہٰذا جب شام ہو تو تم اس میں بے خوف وخطر کود پڑنا پھر اس کے قتل کے سوا اور کوئی کام نہ رہے گا اور گھر میں چراغ اور اسلحہ میں رکھ دوں گی پھر جب وہ گھر سے باہر آیا تو اسود سامنے کھڑا تھا کہنے لگا کہ تو میرے گھر کس کام سے آیا ہے اور ساتھ ہی سر سے اشارہ بھی کر دیا اور اسود شدید غصہ میں تھا کہ اچانک عورت کے چیخنے کی آواز آئی جس نے اسے خوفزدہ کر دیا اور اگر وہ نہ چیختی تو یہ انہیں قتل کر چکا ہوتا وہ کہنے لگی کہ میرا چچا زاد مجھ سے ملنے آیا تھا اسود نے کہا خاموش رہ تیرا باپ نہ رہے میں اسے تجھے ہبہ کر چکا ہوں فیروز فوراً اپنے ساتھیوں کے پاس گئے اور کہا کہ جان بچ گئی اور پھر سارا قصہ کہہ سنایا اب وہ غور وفکر کرنے لگے کہ کیا کرنا چاہیے پھر اس کی بیوی نے انہیں پیغام بھیجا کہ جس کام کا تم ارادہ کر چکے ہو اس سے پیچھے نہ ہٹنا چنانچہ فیروز نے اس سے ملاقات کر کے معلومات اکھٹی کیں اور اس گھر میں داخل ہو کر اندر سے ہی کچھ خفیہ راستے بنا لئے تاکہ باہر سے اندر داخل ہونا آسان ہو جائے اور پھر اس کی بیوی کے پاس ایک ملاقاتی کی حیثیت سے بیٹھ گئے اسود آیا تو کہنے لگا یہ کون ہے اس نے جواب دیا کہ میرا دودھ شریک بھائی اور چچا زاد ہے اس نے اسے ڈانٹ کر باہر نکال دیا پھر رات میں وہ اس کے گھر میں چھپ کر داخل ہوئے اور وہاں انہیں چراغ ایک ٹب کے نیچے مل گیا فیروز اسے لے کر

آگے بڑھے تو اسود ریشمی بستر پر نشے کی حالت میں سو رہا تھا اور خراٹے بھر رہا تھا اور عورت اس کے پاس تھی پھر جب فیروز دروازے پر آئے تو اسود کو اس کے شیطان نے بیٹھا کر دیا اور اس کی زبان سے بولنے لگا جبکہ اسود اب بھی خراٹے لے رہا تھا کہنے لگا فیروز تجھے مجھ سے کیا کام لینا ہے؟ اب وہ ڈرا کہ اگر واپس پلٹا تو خود بھی مریں گے اور عورت کو بھی مروائیں گے لہٰذا اسے پکڑا اور وہ کسی اونٹ کی طرح سخت جان تھا اور پھر اسے سر سے پکڑ کر اس کا گلہ دبا دیا اور اپنے دونوں گھٹنے اس کی پشت پر رکھ دیئے حتی کہ اسے قتل کر دیا پھر اپنے ساتھیوں کو واقعہ سے آگاہ کرنے کے لئے ان کے پاس جانے لگے تو عورت نے ان کا دامن پکڑ لیا اور کہنے لگی کہ اپنا وعدہ پورا کئے بغیر کہاں جاتا ہے وہ سمجھی تھی کہ وہ ابھی تک زندہ ہے فیروز نے کہا کہ اپنے ساتھیوں کے پاس اس کے قتل کی اطلاع کرنے جا رہا ہوں اسی دوران ان کے پلان کے مطابق ساتھی اسے قتل کرنے کے لئے داخل ہو گئے پھر اسود کے شیطان نے اسے حرکت دی اور وہ تڑپنے لگا اب انہوں نے دیر نہیں لگائی دو اس کی پشت پر کھڑے ہو گئے اور عورت نے اس کے بال پکڑ لیے جس سے وہ بڑبڑانے لگا پھر تیسرے نے پکڑ کر اس کی گردن کاٹ ڈالی اس کے ساتھ ہی اس کے گلے سے اس قدر تیز آواز نکلی جس قدر کسی طاقتور گائے کے گلے سے نکلتی ہے آواز سن کر اس کے محافظ محل میں فوراً داخل ہو گئے اور کہنے لگے یہ کیسی آواز تھی؟ عورت نے کہا نبی پر وحی نازل کی جا رہی ہے وہ سب پلٹ گئے اور قیس اور دادویہ اور فیروز یہ سب بیٹھ کر مشورہ کرنے لگے کہ اپنے اپنے قبیلے کو کس طرح اطلاع دیں پھر وہ اتفاق کر کے اٹھ گئے کہ صبح ان کے اور مسلمانوں کے درمیان جو مخصوص شعار (کوڈز) ہیں ان کے ذریعے اعلان کریں گے چنانچہ صبح قیس قلعے کی فصیل پر چڑھ کر مخصوص شعار ادا کرنے لگے اسے سن کر مسلمان اور کافر سب ہی قلعے کے گرد جمع ہو گئے پھر قیس نے یا وبر بن یحنس نے اعلان کیا میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے رسول ہیں اور عبہلۃ کذاب ہے اور پھر لوگوں کی طرف اس کا سر پھینک دیا یہ منظر دیکھ کر اسے سارے ساتھی فرار ہونے لگے اور لوگ ان کے پیچھے بھاگ کر انہیں پکڑ پکڑ کر قتل کرنے اور قیدی بنانے لگے اور اس طرح اسلام اور مسلمان غالب ہو گئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عامل پلٹ آئے اور یہ تینوں امارت کے متعلق لڑنے لگے پھر معاذ بن جبل پر متفق ہو گئے

کہ وہ نماز پڑھائیں گے نماز کے بعد انہوں نے سارا واقعہ رسول اللہ ﷺ کو لکھ بھیجا جبکہ اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی رات ہی کو آپ کو مطلع کر دیا تھا جیسا کہ سیف بن عمر التمیمی ابوالقاسم الشنوی سے روایت کرتے ہیں اور علاء بن زید سے اور وہ ابن عمر سے کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس اسی رات آسمان سے خبر آ گئی جس رات اسود عنسی کو قتل کیا گیا تا کہ آپ اس کی بشارت دے دیں لہٰذا آپ نے فرمایا کہ [قتل العنسی البارحة قتله رجل مبارک من اهل بیت مبارکین قیل: و من؟ قال: فیروز فیروز] ''گذشتہ رات عنسی کو قتل کر دیا گیا اور اسے ایک مبارک شخص جو مبارک گھر والوں میں سے ہے نے قتل کیا کہا گیا وہ کون ہے؟ فرمایا: فیروز فیروز......

خلاصہ: محمد بن مسلمہ اور فیروز دیلمی رضی اللہ عنہما کے جو واقعات ہم نے نقل کئے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ کفار کو دھوکہ دینے کے لئے بظاہر ان کا ساتھی بنا جا سکتا ہے حتیٰ کہ ایک مسلمان ایسی گفتگو بھی کر سکتا ہے جو کافر کو مطمئن کر سکے تا کہ اصل مقصد اور شرعی مصلحت حاصل ہو سکے جس کے لئے مشق کی ہو اور وہ مقصد خواہ کفر کے اماموں کو قتل کرنا ہو یا باطل کفریہ نظام کو بدلنا ہو جیسا کہ فیروز الدیلمی رضی اللہ عنہ نے کیا۔

نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ کفریہ نظاموں کے خلاف مسلح کاروائیاں بھی کی جا سکتی ہیں بعض اہل علم اس کے خلاف فتویٰ دیتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ فیروز دیلمی کا مذکورہ واقعہ ان کی نظروں سے اوجھل رہتا ہے۔

نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ کفار کو دھوکہ دینے کے لئے ان کے خلاف صریح چالیں چلنا اور دشمن کے ساتھ جنگ میں سازشیں تیار کرنے کی ترغیب دینا بھی جائز ہے جبکہ اس میں کوئی شرعی مصلحت ہو جیسا کہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا [الحرب خدعة] ''جنگ دھوکہ ہے''۔

نیز ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہتے ہیں [سمى النبی ﷺ الحرب خدعة] ''نبی ﷺ نے جنگ کا نام دھوکہ رکھا ہے''۔ (صحیح بخاری کتاب الجهاد باب الحرب خدعة احادیث نمبر 2865-2866

،3-1102البغاء ، صحیح مسلم 1362-1740/3)

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فتح الباری میں فرماتے ہیں: خدع (دھوکہ) اصل میں کہتے ہیں کہ حقیقت کچھ ہو اور ظاہر کچھ اور کیا جائے اس حدیث میں ترغیب ہے کہ جنگ میں احتیاط اور بچاؤ اختیار کیا جا سکتا ہے اور جنگ میں کفار کو کسی بھی طرح کا دھوکہ دنیا جائز ہے الا یہ کہ دھوکہ ایسا ہو کہ اس سے عہد شکنی ہو یا امان ختم ہو جائے تو پھر یہ جائز نہیں ہے ابن عربی نے کہا کہ: جنگ میں دھوکہ تعریض (ذو معنی، مبہم، مجمل کلام) اور پوشیدہ گفتگو یا اسی طرح کی گفتگو کے ذریعے دیا جاتا ہے............

نتیجہ یہ نکلا کہ دشمن کو بھٹکانا، بہکانا اور گمراہ کرنا جائز ہے خواہ اس کے لئے دھوکہ دینا پڑے یا جھوٹ بولنا پڑے یا توریہ کرنا پڑے اور شارع نے اس دھوکے، جھوٹ، بھٹکانے اور توریہ کرنے (دل میں ایمان چھپا کر زبان سے مقابل کے مطابق کلام کرنا) کو مستحب قرار دیا ہے خاص طور پر جب کہ کفار کے ساتھ کیا جائے اور ایسا کرنے سے ان کو بھٹکایا جا سکے یا ان پر قابو پایا جا سکے یا انہیں شکست دی جا سکتی ہو کیونکہ یہ سب شرعی مقاصد میں سے ہیں جن کی شارع نے ترغیب دی ہے تاکہ حق کو غالب اور باطل کو مغلوب کیا جا سکے اگر چہ باطل کبھی ٹکتا یا لڑتا نہیں ہے بلکہ بھاگ ہی جاتا ہے۔

خاتمہ: آخر میں ہم یہ واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ ہر مسلمان پر فرض ہے کہ وہ ان ظالم حکام کے لئے کسی بھی طرح کی خدمات سر انجام نہ دے کیونکہ ہر مسلمان پر حرام ہے کہ وہ اس نظام اور حکام کے تحت پولیس یا فوج یا سیکورٹی یا تفتیشی یا قانون بنانے قانون پاس کرنے قانون کے مطابق فیصلہ کرنے، قانون کی حفاظت کرنے، قانون کو نافذ کرنے قانون پر عمل کرنے والے کسی بھی شعبہ میں بھرتی ہو حتی کہ مذکورہ حکام اللہ کے نازل کردہ نظام کے مطابق حکومت کرنے لگیں (کیونکہ یہود ونصاریٰ سے دوستیاں کرنا، مسلمانوں اور مخلص مجاہدین کے خلاف ان کی ہر طرح مدد کرنا اور ایسے دیگر کام ان کے کفر وارتداد پر پھر بھی دلالت کرتے ہیں الا یہ کہ وہ مکمل طور پر تائب ہو جائیں اور تائب ہونے کے بعد اصلاح بھی کر لیں۔مترجم) تو جب وہ اللہ کے نازل کردہ نظام سے باغی بن جائیں اور اپنے بنائے ہوئے کفریہ قوانین (واضح رہے کہ ہر وہ قانون کفریہ قانون کہلائے گا جو اللہ کے نظام کے

مقابلے میں ہوا گرچہ اس قانون میں لوگوں کو حقوق بھی مل رہے ہوں کیونکہ وہ اللہ کے قانون کے مقابلے میں ہوگا۔مترجم) پر چلنے لگیں تو اس وقت یہ حرمت اور بھی بڑھ جاتی ہے لہٰذا ہر مسلمان پر اس نظام اور ایسے حکام کی کسی بھی طرح حمایت یا مدد یا خدمت کرنا قطعاً حرام ہے چنانچہ وہ مذکورہ شعبہ جات میں سے کسی بھی شعبہ میں ہرگز ہرگز بھرتی نہ ہو۔

ابوسعید اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہما سے مروی ہے یہ دونوں اصحاب فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا[**لیاتین علیکم امراء یقربون شرار الناس ویوخرون الصلاۃ عن مواقیتھا فمن ادرک ذلک منکم فلا یکونن عریفا ولا شرطیا ولا جابیا ولا خازنا**]''تم پر ایسے حکام ضرور آئیں گے جو بدترین لوگوں کو قریب کریں گے اور نماز کو ان کے اوقات سے لیٹ ادا کریں گے تو تم میں سے جو ایسا دیکھے وہ ہرگز سراغ رساں یا فوجی افسر یا سپاہی یا عامل (ٹیکس آفیسر) یا منشی نہ بنے''۔(صحیح ابن حبان مع موارد الظمآن: 676/2 حدیث نمبر 1538 اس حدیث کے تمام راوی صحیحین کے رواۃ میں سے ہیں سوائے عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود کے اور وہ بھی ثقہ ہیں جیسا کہ تقریب التہذیب میں ہے نیز اس حدیث کو امام ابویعلیٰ الموصلی نے بھی روایت کیا ہے امام ہیثمی مجمع الزوائد میں فرماتے ہیں: اس حدیث کو ابویعلی نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال صحیح کے رجال ہیں سوائے عبدالرحمٰن بن مسعود کے اور وہ بھی ثقہ ہے نیز علامہ البانی نے اسے الصحیحۃ: 89/1 حدیث نمبر 360 میں صحیح قرار دیا ہے)

میں کہتا ہوں: عریف نقیب (صدر، بڑا آفیسر) کو کہتے ہیں جو کہ سب سے بڑے آفیسر سے چھوٹا ہوتا ہے اور اس کی جماع عرفاء بھی آتی ہے آج کل کی اصطلاح میں ضباط (تھانیدار، سپاہی) کو کہا جاتا ہے۔

نیز عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا[**انہ سیلی احدکم من بعدی رجال یطفئون السنۃ ویحدثون بدعۃ ویوخرون الصلاۃ عن مواقیتھا قال ابن مسعود یا رسول اللہ کیف بي اذا ادرکتم قال لیس یا ابن ام عبد طاعۃ لمن عصی اللہ قالھا ثلاث مرات**]''میرے بعد عنقریب تمہارے معاملے کے ایسے لوگ ذمہ دار (حاکم) بنیں گے جو سنتیں مٹائیں گے اور بدعات ایجاد کریں گے اور نماز ان کے اوقات سے

لیٹ کر کے پڑھیں گے ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا یا رسول اللہ اگر میں انہیں پالوں تو مجھے کیا کرنا چاہیے فرمایا: اے ابن ام عبد جو اللہ کی نافرمانی کرے اس کی اطاعت جائز نہیں ہے یہ بات آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی ۔اس حدیث کو عبداللہ بن امام احمد بن حنبل نے والد سے مسند احمد میں بطریق وجادۃ روایت کیا ملاحظہ ہو مسند احمد 2/58-59 حدیث نمبر 3790 نیز ابن ماجہ کتاب الجہاد باب لا طاعۃ فی معصیۃ اللہ 2/956 حدیث نمبر 2865 میں اور طبرانی نے معجم کبیر 2/3 حدیث نمبر 74 میں روایت کیا ہے اس کی سند صحیح ہے مسلم کی شرط پر ہے نیز علامہ البانی نے اسے الصحیحۃ 2/139 میں صحیح قرار دیا ہے۔

میں کہتا ہوں: کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظالم حکام کی اللہ کی نافرمانی میں اطاعت کرنے سے منع فرمادیا کیونکہ وہ سنت کو مٹاتے ہیں اور بدعات کو ایجاد کرتے ہیں اور بدترین لوگوں کو اپنا قریبی بناتے ہیں اور آپ نے مسلمانوں پر ان کا آفیسر بننا یا سپاہی بننا یا منشی یا عامل صدقہ (ٹیکس آفیسر) بننا حرام قرار دے دیا ہے اگر چہ وہ اللہ کے فیصلے کے مطابق حکومت کریں تو اللہ کے قانون کے بدلے وضعی قوانین کے ذریعے حکومت کرنے والے اور یہود ونصاریٰ کو دوست بنا کر اللہ اور اس کے رسول اور مومنوں سے جنگ کرنے والے حکام کی مدد کرنا یا حمایت کرنا یا خدمت کرنا کس طرح جائز ہوسکتا ہے۔

چنانچہ ہر مسلمان کو اپنے دین کی حفاظت کرتے ہوئے اس سے مکمل اجتناب کرنا چاہیے اور کافروں ،اور منافقین کی فرمانبرداری نہیں کرنی چاہیے اور ہر مسلمان پر ان حالات میں یہ فریضہ بھی عائد ہوتا ہے کہ وہ عصر حاضر میں اپنی ذمہ داریوں سے متعلق ان علماء سے سوال کرے جو اللہ سے ڈرنے والے ہوں اور اپنے علم پر عمل کرنے والے ہوں اور حق کا پرچار کرنے والے ہوں اور کسی کی ملامت سے خوفزدہ نہ ہوں اور ان علماء سوء سے مکمل اجتناب کرے جو ایسی حکومتوں کی سرپرستی میں رہ رہے ہوں اور ان کی تعریفوں میں رطب اللسان رہتے ہوں اور دنیا کے چند ٹکوں کے عوض ان کے غلام بن جاتے ہوں اور خود تو علم کے باوجود گمراہ ہوتے ہی ہیں لیکن عوام الناس کی جہالت سے فائدہ اٹھا کر اور ان سے حقائق چھپا کر انہیں بھی گمراہ کر کے ان کی عاقبت خراب کرتے ہوں (العیاذ باللہ) (اور سچ تو یہ ہے کہ عصر

حاضر میں علماء حق اور علماء سوء اپنے اپنے دوستوں اور دشمنوں سے پہچانے جاتے ہیں) تمام مسلمانوں پر فرض ہے کہ وہ آپس میں ایک دوسرے کو اس طرح کے علمی اور ایمان کے مسائل کی تلقین کرتے رہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا [وَ تَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَ تَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ] ''اور ایک دوسرے کو حق کی تلقین کرتے رہو اور ایک دوسرے کو صبر کی تلقین کرتے رہو''۔

نیز نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا [الدین النصیحۃ] ''دین خیر خواہی کا نام ہے'' (مسلم عن تمیم بن اوس الداری رضی اللہ عنہ)

نیز اس علم کو پھیلانا اور اسے چھپانے سے بچنا بھی فرض ہے اور ضرورت کے وقت علم چھپانا گناہ ہے لہٰذا حجت قائم کرنے اور باطل کی تردید کرنے کے لئے علم سیکھنا اور پہنچانا فرض ہے تا کہ کوئی باطل پرست اپنے باطل کو غالب نہ کر سکے اور نہ ہی کوئی خواہش پرست اپنی جہالت کا عذر پیش کر سکے خاص طور پر عصر حاضر میں درپیش مسائل میں کیونکہ یہ توحید کے بنیادی مسائل ہیں۔

[لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْ بَيِّنَةٍ وَّ يَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْ بَيِّنَةٍ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ.(انفال: 42)] ''تا کہ تباہ ہونے والا دلیل کی بنیاد پر تباہ ہو اور کامیاب ہونے والا دلیل کی بنیاد پر کامیاب ہو''۔

آخر میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ:

وہ ہمارے دین میں ہماری حفاظت فرماتا رہے اور ہمیں ایمان پر موت عطاء کرے اور ہمیں ظاہر و پوشیدہ تمام فتنوں سے بچا کر رکھے۔ اللھم آمین

وصلی اللہ علی نبینا محمد و آلہ وصحبہ وسلم.

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین.

اس کتاب کی تحریر سے بوقت فجر بروز ہفتہ مورخہ 28 ذوالحجہ 1423ھ بمطابق 1-3-2003م فارغ ہوا۔

عبدالرحمٰن بن عبدالحمید الامین
مسلم ورلڈ ڈیٹا پروسیسنگ پاکستان